مکمل ٹیلرنگ گائیڈ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سلائی کورس

گھر بیٹھے سلائی سیکھیں

مکمل طریقہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سٹیپ بائی سٹیپ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سلائی کٹائی کا بنیادی سامان

[سلائی مشین]

سلائی کا سب سے اہم حصّہ ہے۔ اس کا ہونا بہت ضروری ہے۔

[سوئیاں]

سوئیوں کے نمبر انگلش سٹینڈرڈ کے ہیں۔ ۸ نمبر کی سوئی لباس بنانے کے لیے، ۹ نمبر کی سوئی کشیدہ کاری اور قیمتی کپڑے کی سلائی کے لیے۔ مثال کے طور پہ سلک وغیرہ ۱۰، ۷ نمبر موٹی سوئی کے لیے۔ مثلاً ٹین ٹانکنے کے لیے بہترین ہے۔

اس کے علاوہ آپ کوئی سی بھی سوئی استعمال کر سکتی ہیں، چاہے وہ لمبائی میں چھوٹی ہو یا بڑی۔ یا جو آپ کے کام کے لیے بہترین ہو، موزوں ہو۔ ایک نمبر کی سوئی اُون کام، گدّے، لحاف کے لیے۔ ۲، ۳ نمبر کی سوئی بہت موٹا کپڑا یا کئی تہ کا کپڑا سینے کے لیے۔

۴، ۵، ۶ نمبر کی سوئی کھدر، سوتی وغیرہ سینے کے لیے۔ ۷، ۸ نمبر کی سوئی، لٹھا، پاپلین وغیرہ کے لیے۔

۸، ۹، ۱۰ نمبر کی سوئی لان، وائل اور ململ وغیرہ کے لیے۔

۱۱، ۱۲ نمبر کی سوئی باریک موتی پرونے اور دبکے کا کام کرنے کے لیے۔

[قینچی]

اچھی قسم کی قینچیوں کا جوڑا ہونا چاہیئے۔ ایک بڑی قینچی اور ایک چھوٹی قینچی۔ قینچی کے چھوٹے حصّے کو انگوٹھے سے اور بڑے کو انگلیوں سے پکڑیں۔

[ٹیلر چاک]

یہ کم از کم دو ہونے چاہئیں۔ ایک سفید اور ایک نیلا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

[پیمانہ]

پیمائش کے لیے ایسا پیمانہ ہونا چاہیے جو کہ کھینچنے سے لمبا نہ ہو۔ چائنہ کی بنی ہوئی ٹیپ بازار میں ملتی ہے۔ وہ بہت موزوں رہتی ہے۔

[خاکہ کھینچنے کا پنسل]

خاکہ جس کے مطابق آپ کپڑا بنانا چاہتی ہیں اس کا خاکہ کپڑے پر اتارنے کے لیے بنا ہوتا ہے۔ یہ سٹیل کا اور تیز نوکوں والا ونڈانے دار ہوتا ہے۔

[انگشتانہ]

یہ سلائی والے ہاتھ کی درمیانی انگلی میں ہونا چاہیے۔

[تکونا کڑا]

اسے ٹیلرز سکوائر بھی کہتے ہیں۔ یہ خاکہ بناتے وقت دانہ دار لائنوں کو ملانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

[فٹ]

یہ مغزی لگانے، جھالر لگانے، اور لگائے ہوئے نقطوں کے درمیان رابطہ یا ان کو ملانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ سیدھے ٹانکوں کو ملانے کے لیے بھی۔ یہ سیدھا اور مضبوط ہونا چاہیے

[استری]

یہ اچھی قسم کی اور وزنی ہونی چاہیے اور اس کی سطح بھی بہت صاف ہونی چاہیے۔

[استری کرنے والا تختہ]

یہ ہموار سطح والا ہونا چاہیے، اور اس کے اوپر ایک کمبل اور کمبل کے اوپر ایک موٹا اور مضبوط کپڑا لگا ہونا چاہیے۔ کپڑا اس نوعیت کا نہ ہو کہ اگر استری زیادہ گرم ہو جائے تو یہ استری کی سطح کو لگ جائے بلکہ یہ کپڑا خالص کاٹن کا ہونا چاہیے جو نم اور گرمی کافی زیادہ برداشت کر سکے اور یہ رنگین بھی نہ ہونا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے کھیس ٹائپ کا کپڑا یا کھیس زیادہ موزوں ہے۔

[ڈریس سٹینڈ]

یہ سٹینڈ اس لیے ہوتا ہے کہ قمیص، کوٹ، فراک، بلاؤز وغیرہ سی کر اس پر لٹکا دیا جائے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دھاگے کی اقسام

قدرتی دھاگے سلکی یا سوتی ہوتے ہیں۔ سوتی دھاگے مرسیرائیزڈ یعنی ایسا دھاگا جس پر مصنوعی طریقے سے ریشم جیسی چمک پیدا کی جاتی ہے اور بغیر مرسیرائیزڈ ہوتے ہیں۔ سلکی دھاگے تمام مقاصد کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور ان دھاگوں میں لچک اور طاقت دونوں چیزیں ہوتی ہیں۔

دھاگے قدرتی ہوں یا مصنوعی۔ یہ موٹے پتلے ہر طریقے سے بے شمار اقسام میں تیار ہوتے ہیں۔ عام طور پر ۴۰ نمبر کا دھاگا استعمال ہوتا ہے۔ لیکن عمدہ قسم کے پارچات کے لیے نمبر ۵۰ اور نمبر ۶۰ کا دھاگا استعمال ہوتا ہے۔

کپڑے سینے کے لیے سینتھٹک دھاگا استعمال کریں۔ کیوں کہ یہ قدرتی دھاگے سے زیادہ مضبوط اور لچک دار ہوتا ہے۔

ایسا دھاگا اس وقت استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے جب کہ لباس جو ایسے کام کے لیے ہو جس میں ہاتھوں بازوؤں اور ٹانگوں کو کافی زیادہ حرکت دینا پڑے۔ مثال طور پر کھلاڑیوں کے لیے لباس۔

ایسے دھاگے سے کپڑا پھٹنے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ کپڑا کھینچنے سے اس دھاگے میں لچک آجاتی ہے۔

ایسے پارچات کو سینے کے لیے مرسیرائیزڈ سوتی دھاگا کافی مقاصد کو پورا کرتا ہے۔ اگر آپ کاٹن یا ناسیلن کو سینتھٹک دھاگا سے سئیں گی تو یہ دھاگا کپڑے کے ساتھ نہ چلے گا کیوں کہ اس کپڑے کو استری کرتے وقت جتنی حرارت کی ضرورت ہوتی۔ اتنی حرارت پر یہ دھاگا پگھل جائے گا۔

اون کو سلکی دھاگے یا پھر مرسیرائیڈ دھاگے کے ساتھ سیا جا سکتا ہے۔ ہمیشہ خالص

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سلکی کپڑے کو سلکی دھاگے کے ساتھ ہی سئیں ۔ سمارٹ والے ٹانکے ۔ مثال کے طور پر زمین پر ٹانکے جو کہ اُوپر سے دکھائی دیتے ہیں ، چینل والی سلائی ، کاج ایسی جگہوں پر کام کرنے کے لیے خاص قسم کا موٹا سلکی دھاگا استعمال کرنا چاہیئے ۔

دھاگے کا انتخاب کرتے وقت کپڑے سے زیادہ گہرے رنگ کا دھاگا ہونا چاہیئے اور جب کپڑے پر استعمال ہو جائے تو یہ خود بخود کپڑے کے رنگ کے ساتھ میچ کرتا ہوا دکھائی دے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لائینگ

لباس اور اُس کے لائینگ علیحدہ علیحدہ بنائے جاتے ہیں اور جب تک لائینگ ساتھ نہیں لگائی جاتی اس وقت تک تبدیل کی جا سکتی ہے۔

بعض اوقات صحیح قسم کی لائینگ کا لباس کے لحاظ سے اس کا انتخاب کافی مشکل ہوتا ہے لیکن اگر آپ کے ذہن میں یہ بات ہو کہ لائینگ کو کپڑے کے ساتھ نتھی کرنے کے بعد کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتی ہیں تو آپ صحیح قسم کی لائینگ کا استعمال کر سکتی ہیں۔

لائینگ لگانے کے کئی مقاصد ہوتے ہیں۔ عام طور پر جو مقصد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کپڑے کا اندرونی حصہ صاف ستھرا اور آراستہ لگے۔ اور لائینگ یعنی استر چونکہ لباس کو جسم کے ساتھ چھونے سے روکتا ہے۔ اس وجہ سے کپڑا دیرپا ثابت ہوتا ہے اور زیادہ دیر تک پہنا جا سکتا ہے۔

لائینگ لباس کو کھڑا رکھتی ہے اور کپڑے کی ایسی جگہیں جہاں سے کپڑا پھٹ جانے کا امکان ہوتا ہے۔ یہ ان حصوں کو بھی کھڑا رکھتی ہے۔

چونکہ یہ کپڑے کو موٹا کر دیتی ہے اس لیے لباس کی تراش خراش کو قائم رکھتی ہے۔ لائینگ کپڑے کی شکنوں کو بھی ختم کرتی ہے۔

بہت سی لائینگ کپڑے سے علیحدہ بنائی جاتی ہے، اور گردن کی لائن کے ساتھ اور آرم ہولز کے ساتھ ساتھ ہاتھ سے لگائی جاتی ہے۔ یا پھر مشین کے ذریعے لگائی جاتی ہے۔

لباس بنانے والی لائینگ کو ہاتھ سے ہی شکل دے کر اور پھر اس کے ہر حصے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کو سینے کے بعد صحیح شکل میں تیار کر لیتے ہیں۔
لائینگ لباس کو بہتر طور سے ابھارتی ہے، اور دیرپا بھی رکھتی ہے۔



(لائینگ کے علیحدہ علیحدہ حصے بنا کر ان کو جوڑنا)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ٹانکے

یہاں پر چند بنیادی ٹانکے دیئے جا رہے ہیں جن کو لباس بنانے کے لیے جاننا ضروری ہے۔

کچا ٹانکہ

بڑے بڑے ٹانکے لے کر سلائی کی جائے تو اس کو کچا کرنا کہتے ہیں، یعنی سلائی کو کچا کرنے کے لیے کچا ٹانکہ لے کر سیتے ہیں یا اصل سلائی کرنے سے پہلے بڑے بڑے ٹانکے لے کر کپڑے کو صحیح حالت میں رکھتے ہیں اور بعد میں کچی سلائی کھول دیتے ہیں۔

قمیض یا کرتے کا دامن ترپنے سے پہلے موڑ کر کچا کر لیتے ہیں تاکہ مڑا ہوا حصہ اونچا نیچا نہ ہو جائے۔ کچا کرنے کے لیے یہ ٹانکے مختلف طرح سے لیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً ایک جیسی لمبائی کے ٹانکے لیے جائیں یا چھوٹے چھوٹے ٹانکے بھرے جائیں۔ دونوں طرح کے ٹانکے لینے کا مقصد یہ ہے کہ کپڑا پھیلنے یا بڑا ہونے سے بچا رہے۔ بہت پھیلنے والا کپڑا ہو تو چھوٹا بڑا ٹانکہ مناسب ہوتا ہے، کیونکہ بڑے ٹانکوں کے درمیان چھوٹے ٹانکے سے کپڑا بہتر طور پر دبا رہتا ہے۔

کچا ٹانکا عام سلائی کی طرح سیا جاتا ہے۔ صرف ٹانکا نسبتاً بڑا ہوتا ہے۔

سادہ ٹانکا

عام طور پر ہاتھ کی سلائی اسی ٹانکہ سے کی جاتی ہے۔ یہ سادہ ترین سلائی ہے۔ اس میں ٹانکے چھوٹے چھوٹے لیے جاتے ہیں، جس کی وجہ سے سلائی مضبوط ہوتی ہے۔ کچے ٹانکے کی سلائی کی طرح آسانی سے نہیں اُدھڑتی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خوب صورت سادہ سلائی کرنے کے لیے سلائی سیدھی لائن میں کرنی چاہیے اور ٹانکے چھوٹے چھوٹے اور یکساں فاصلے پر ہونے چاہئیں۔ اگر سلائی خوب اچھی طرح مضبوط اور خوب صورت کرنا چاہئیں تو ۲½ سنٹی میٹر میں دس یا بارہ ٹانکے لیں اور دیکھیں سلائی کیسی آتی ہے۔



چُنٹ ڈالنے کے لیے بھی سادہ ٹانکے سے سلائی کرکے دھاگے کو ایک طرف سے کاٹ دیں تو کپڑے میں چُنٹ آجائے گی۔

چُنٹ ڈالنے کے لیے عموماً ۲ سلائیاں پاس کی جاتی ہیں، اور ان کا درمیانی فاصلہ یکساں ہونا چاہیے، اور پھر باری باری دھاگہ کھینچ کر چُنٹ یکساں طور پر پھیلا لیں۔

چُنٹ کا دھاگا کھینچنے کے بعد اسی دھاگے سے ٹانکے کو پکا کرلیں اور پھر دونوں چُنٹ کے درمیان سلائی کی جائے تو چُنٹ اچھی آتی ہے۔ چُنٹ کی سلائی کے بعد کچی سلائی کھول دیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

بخیہ

اس ٹانکا سے سلائی بہت مضبوط ہوتی ہے۔ اس لیے ایسے لباس کے ایسے حصّے جوڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، جہاں پر زیادہ بوجھ پڑتا ہے۔ مثلاً قمیض کا شانہ، آستین، پہلو کی سلائیاں وغیرہ بخیہ کر کے جوڑتے ہیں۔ عام طور پر مشین سے بخیہ کیا جاتا ہے۔ اکثر بخیہ گریباں، گلے کی پٹی اور کف پر بھی کیا جاتا ہے اور چونکہ یہ بخیہ سامنے نظر آتا ہے اس لیے اس کو خوبصورتی سے کرنا چاہیئے۔ مشین سے بخیہ کرنا زیادہ آسان ہے اور مشین کا ہر ٹانکا بھی برابر آتا ہے۔ مگر ہاتھ سے بخیہ ایک ہنر ہے۔ اس میں مہارت حاصل کرنے کے لیے بخیہ کرنے کا صحیح طریقہ اپنانا چاہیئے۔



ہاتھ کی عام سلائی دائیں سے بائیں جانب جاتی ہے مگر بخیہ ٹانکا ہر بار بائیں سے دائیں جانب لیا جاتا ہے۔

سلائی دائیں طرف سے شروع کی جاتی ہے۔ شکل ا اور شکل ب میں واضح طور پر دکھایا گیا ہے۔

یوں بخیہ کرنے کے بعد آپ دیکھیں گی کہ ہر ٹانکہ دوسرے ٹانکے سے پیوست نظر آتا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خوب صورت سنجیہ کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ سارے ٹانکے یکساں ہوں، اور سیدھی لائن میں نظر آئیں۔ سادہ سلائی کی طرح ۲½ سنٹی میٹر میں دس یا بارہ ٹانکے لے کر سنجیہ کیجئے۔

ترپائی

لباس کے کناروں کو (جن کو موڑنا مقصود ہو) مثلاً دامن، گلے کی پٹی یا آستین وغیرہ پر ترپائی کرتے ہیں۔ دوپٹہ اور رومال کے کناروں پر بھی ترپائی کی جاتی ہے۔ لباس کی مختلف سلائیاں کی جاتی ہیں تو صرف دامن، گلے اور آستین وغیرہ کو موڑنا رہ جاتا ہے۔ ان کو موڑ کر ترپائی وغیرہ کر کے لباس مکمل کر لیتے ہیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس ٹانکے کا ایک حصہ موڑی ہوئی پٹی اور ایک حصہ نچلے کپڑے میں نظر آتا ہے، جبکہ ٹانکے کا نسبتاً بڑا حصہ موڑے ہوئے حصے میں چھپ جاتا ہے۔ ترپائی کی سلائی الٹی کی جاتی ہے سامنے کی طرف صرف چھوٹے چھوٹے ٹانکے نظر آتے ہیں۔ ترپائی اگر اچھی کی جائے تو اس کے اوپر ٹانکے بمشکل نظر آتے ہیں۔

ترپائی کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سلائی کرنے کے لیے کپڑے کو موڑ کر کچا کر لیں۔ موڑنے کے لیے پہلی دفعہ کپڑا موڑ کر اس کو دوسری بار ذرا چوڑا کر لیں۔ مڑا ہوا حصہ یکساں ہونا چاہیے۔ موڑے ہوئے حصے کو اپنی طرف کر کے سلائی شروع کر دیں۔ یوں کپڑا رکھنے پر آسانی سے پکڑا جا سکے گا۔ خاکہ میں ترپائی لگانے کا طریقہ دیکھیں:



اچھی ترپائی کرنے کے لیے بھی ہر ٹانکہ یکساں اور برابر فاصلہ پر لینا ضروری ہے۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھیں، جب آپ جھالر لگا رہی ہوں تو ٹانکے ڈھیلے رکھیں۔ اگر دھاگا سختی کے ساتھ کھنچ گیا تو یہ دائیں اور بائیں طرف ٹیڑھے میڑھے نشانات چھوڑ جائے گا۔

لباس سے بہت کم دھاگا نکالیں اور جھالر سے زیادہ۔ ہر چار پانچ ٹانکے لگانے کے بعد معمولی سا ڈھیلا پن ضرور رکھیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کاج ٹانکا

یہ ٹانکا کاج بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس ٹانکے کو سیکھنے کے بعد آسانی سے آپ کاج بنا سکتی ہیں۔ صرف کاج کے کونے بنانا سیکھنا ہوگا۔

کاج ٹانکا بغیر کپڑا موڑے کنارے پر بناتے ہیں۔ اس ٹانکے کی سلائی ایسی ہوتی ہے کہ کنارے پر زنجیر سی بنتی چلی جاتی ہے جس سے کنارہ مکمل طور پہ بند ہو جاتا ہے اور دھاگا نکلنے کا امکان باقی نہیں رہتا۔

کاج ٹانکہ کپڑے کے متوازی نہیں ہوتا بلکہ ہر ٹانکا عمودی رخ پر ہوتا ہے۔ ٹانکے سے بننے والا سخت کنارے کے متوازی ہوتا ہے۔ اس ٹانکے کی تفصیل آگے صفحات میں بتائی گئی ہے

بلینکٹ سٹیچ

عام طور پر یہ ٹانکا جوڑوں کو صاف رکھنے کے لیے اور ہر قسم کے اونی میٹریل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بائیں سے دائیں کپڑے کے کنارے پر چلتا ہے اور یہ زگ زیگ ٹانکے کا متبادل ٹانکا ہے جو کہ صرف مشین پر لگتا ہے۔



بلائنڈ سٹیچ

یہ ٹانکا قریب قریب لگایا جاتا ہے تاکہ یہ کم سے کم باہر نظر آئے۔ یہ بھالر یا مغزی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے لیے استعمال ہوتا ہے۔



ایون ٹیکنک سٹیچ

یہ ٹانکا ایسے جوڑوں پر استعمال ہوتا ہے جو سٹریچنگ کے دوران زیادہ وقت دیں۔ اس میں آپ ٹانکے کی مناسب لمبائی رکھیں اور دھاگے کی موٹائی اتنی ہونی چاہیے جو کہ لباس پر موزوں لگے۔ کسی موقع پر اس ٹانکے میں مضبوطی پیدا کرنی ہو تو وہاں پر بنجیہ یا بیک سٹیچ استعمال کریں۔



فلنگ سٹیچ

فلنگ سٹیچ کپڑے کے ایک ٹکڑے کو دوسرے ٹکڑے کے اوپر تہہ کرنے یا منطبق کرنے کے کام آتا ہے۔ اس میں کپڑے کا کنارہ آگے سے طے بھی کیا جاتا ہے۔ یہ بہت ہی مضبوط قسم کا ٹانکا ہے اور اس میں یہ خوبی ہے کہ خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



زپ لگانا

سب سے زیادہ استعمال ہونے والی قمیض، بلاؤز وغیرہ کے کھلے حصوں کو بند کرنے کے طریقوں کو زپ لگانا کہتے ہیں۔ قمیض بالعموم پہلو سے کھلی رکھی جاتی ہے تاکہ کمر کا سٹنگ پہلو کھلا ہونے کی وجہ سے اوپر سے بآسانی چڑھائی اور اتاری جا سکے اور خراب نہ ہو۔

قمیض کی پہلو کے دونوں طرف بند ہوتے ہیں۔ درمیان میں قریباً ۲۰ ملی میٹر یا ۲۴ ملی میٹر کا شگاف ہوتا ہے۔ بلاؤز، بیلٹ والی شلوار، لہنگے، بچوں کی سکرٹ اور پیٹی وغیرہ میں ایک طرف سے بند اور دوسری طرف سے کھلا ہوتا ہے۔

آجکل زپ کا استعمال محض پہلو کھلا رکھنے کے لیے نہیں ہوتا، بلکہ بعض لباسوں کے نمونے کے مطابق گریبان میں آگے یا پیچھے زپ لگائی جاتی ہے جس کی لمبائی نمونے پر ہی منحصر ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں تنگ آستینوں میں کلائی پر بھی زپ لگا سکتے ہیں۔ جہاں کہیں بھی زپ لگانا مقصود ہو اس بات کا خیال رکھیے کہ زپ کا وزن کپڑے کی ساخت کے مطابق ہونا چاہیے۔ تاکہ کپڑا اتنا بوجھ برداشت کر سکے ورنہ کپڑا پھٹ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

زپ دونوں اطراف سے برابر کی لگے تو خوبصورت لگتی ہے۔ سب سے پہلے دونوں کناروں کو اٹھا کر لیں اور ان کو خوب اچھی طرح استری کریں۔ زپ کو نیچے تک کھول دیں۔ پھر اُلٹی طرف کی سیون جہاں سے کھلی ہے وہاں زپ کی لمبائی گنجائش کے مطابق رکھیں۔ اور زپ کے دندانے کپڑے کے اندر رکھیں، یعنی زپ باہر سے نظر نہ آئے۔ زپ کو لگا کر کچا کر لیں۔

اس بات کا یقین کرنے کے لیے کہ زپ کی لمبائی صحیح ہے یا نہیں آپ زپ کو ایک مرتبہ بند

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کر لیں۔ اس سے پہلے کہ آپ اسے پکا کریں۔ اگر سلائیاں کچھ ٹیڑھی ہوں تو کناروں کو پکڑ کر کھینچیں حتیٰ کہ وہ بالکل سیدھے ہو جائیں۔ زپ اب بھی مکمل طور پر چھپی رہنی چاہیے۔ اب اسے مشین سے لگا کر سینا شروع کریں۔ ۹ ملی میٹر فاصلہ کنارے چھوڑ کر اوپر سے نیچے تک سلائی کریں۔ آخر تک سینے کے بعد سلائی کا رخ کنارے کی طرف موڑیں۔ یہاں پر دوسری طرف مشین کی سلائی رکھ لیں اور پھر پہلے کی طرح نیچے سے اوپر تک زپ کے دوسرے حصے کو پکا کریں۔ زپ لگانے کا یہ طریقہ سیدھی سیون میں لگانے کا کامیاب طریقہ ہے۔

زپ لگانے کا دوسرا طریقہ

یہ طریقہ کارسکرٹ یا گریبانوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس میں بجائے ایک پلیٹ کے دو پتلی پلیٹیں دونوں طرف آتی ہیں۔ اس طرح زپ لگانے کے لیے پہلے جس طرح زپ کو کچا کیا ہے ویسے ہی اس کو کریں گے۔

مشین میں زپ لگائیے اس طرح کہ کھلا ہوا حصہ اوپر کی طرف اور جہاں بند کرتے ہیں وہ نیچے سیون کی طرف ہو، اس کو بھی الٹا ہی رکھا جائے گا۔ پوری زپ کھول لیجیے۔ زپ کا ایک سرا سیون کی لکیر پر رکھیے اور زپ کے ٹیپ کو کھلی ہوئی سیون سے ملا کر سی لیجیے۔ اس کو بھی نیچے سے شروع کریں اور سیون کا بک اتنا رکھیے کہ اس کی پلیٹ آپ کی مرضی کے مطابق چوڑی یا پتلی رہے۔

زپ بند کر دیجیے اور الٹی طرف ہی اس کو سیدھا بنائے۔ بند ہونے پر زپ کے دانتے بالکل دبی ہوئی سیون کی لکیر پر ہونے چاہئیں۔ زپ کی دوسری طرف کی سلائی بالکل اسی جگہ سے شروع کرنی چاہیے جہاں سے پہلی شروع ہوئی ہو۔ زپ کے خاتمے پر سی کر کونے چوکور کرتے ہوئے لائیے اور دوسرا رخ بالکل پہلے کی طرح تیار کر لیجیے تاکہ دونوں طرف کی پٹیاں برابر ہوں۔

زپ لگانے کے دو خاکے یہاں دیئے جاتے ہیں۔ ان سے استفادہ کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سیدھی سیون زپ لگانا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



(خمیدہ یا مڑے ہوئے طریقے سے زپ لگانا)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہُک لگانا

پیٹی کو کھولنے یا زپ کے اوپر والے حصّہ کو بند کرنے کے لیے ہُک بھی لگانا پڑے گی۔ پہلے آنکھیں پیٹی کے سرے پر لگائیں، اور پھر ایک ہُک اس میں لگادیں اور یہ دیکھ لیں کہ ایسا کرنے سے پیٹی میں زیادہ کساؤ تو پیدا نہیں ہو جاتا۔ اس طریقہ کار سے یہ پتہ چل جاتا ہے کہ ہُک اور آنکھیں صحیح بیٹھی ہیں یا نہیں۔ اس کے بعد ان کو پکا کر لیں۔ نیچے دیئے گئے خاکوں میں ہُک اور آنکھیں لگانے کا طریقہ بڑی وضاحت سے بتایا گیا ہے۔

خاکہ نمبر ۱



پیٹی کے اندر ہُک اور آنکھیں چھپ گئی ہیں اور جو نکات ٹوٹی ہوئی لائنوں میں دکھائے گئے ہیں اور اندر کی سیون کے جوڑ ہیں اور زپ کے جو کھلے ہوئے کنارے ہیں وہ بھی اسی نکات والی لائن میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اندرونی حصہ زپ لگنے کے بعد اس میں زپ کی مکمل اندرونی فنشنگ دکھائی گئی ہے۔

سکرٹ میں اس حصہ کی گنجائش چھوڑ کر زپ لگائیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com



اندرونی حصہ زپ لگنے کے بعد اس میں زپ کی مکمل اندرونی فنشنگ دکھائی گئی ہے۔

سکرٹ میں اس حصہ کی گنجائش چھوڑ کر زپ لگائیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس خاکہ میں ہک اور آنکھیں دونوں کو لگا کر دکھایا گیا ہے۔

خاکہ تیار کرنا

اس قسم کے ڈرافٹس یعنی خاکے عموماً خاکی کاغذ پر بنائے جاتے ہیں جنہیں ڈرافٹنگ پیپر کہتے ہیں۔ اگر ایک مرتبہ بنیادی خاکہ آپ صحیح تیار کر لیں تو اس خاکے سے جدید ڈیزائن کے مطابق بہت سی تبدیلیاں کر سکتی ہیں۔ خواتین کے معاملے میں دائیں طرف کا صرف نصف ہی تیار کیا جاتا ہے۔ چھاتی کی پیمائش، گردن کی لمبائی کی پیمائش صحیح صحیح بنیادی خاکہ تیار کرنے کے لیے ضروری ہے۔



بنیادی لائنیں لگانا

۱۔ اب عمودی لائن لگائیں جو کہ گردن کے گرد کی لمبائی کے برابر ہو۔

۲۔ اب سے دائیں طرف کی اُفقی حالت میں ایک اور لائن لگائیں جس کا فاصلہ چھاتی کی پیمائش

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے بڑا ہونا چاہیئے اور اس میں ۵ سنٹی میٹر (۲ انچ) اور جمع کرلیں۔ پھر ایک مربع ب ب ج د کو ملالیں۔

۳۔ چھاتی کی پیمائش کا پورا حصہ لیں اور اس میں ۷ سنٹی میٹر کا اضافہ کرلیں۔ ۷ سنٹی میٹر (تقریباً پونے ۳ انچ) ا نشان سے نیچے کی طرف اور اسے لا کا نشان دے دیں۔ اب چھاتی کے لیے لائن لگائیں جو کہ لا ما کہلائے گی۔ اور یہ ا د کے مساوی ہو۔

۴۔ چھاتی والی لائن لا ما پچھلے مرکز سے ایک نشان لگائیں جو کہ چھاتی کی پیمائش سے بڑا اور اس میں ۵، ۴ سنٹی میٹر یعنی پونے ۲ انچ جمع کرلیں۔ ایک اور نشان جو کہ چھاتی کی پیمائش کا پورا، ۲ سنٹی میٹر (پونا ۱ انچ) چھاتی والی لائن پر لگائیں، اور یہ اگلے مرکز والے حصے پر لگنا چاہیئے۔ پھر پچھلی طرف کے عرض سے ع ع حصہ اور چھاتی کی عرض والی لائن ف کی طرف لگائیں۔

۵۔ اب لائن لا ڑ لگائیں۔ چھاتی والی لائن سے ۵، سنٹی میٹر (پونا انچ) پچھلے مرکز کی چھاتی والی لائن کی طرف سے۔

پچھلے حصے کو مکمل کرنا

۱۔ گردن کے لیے ایک نشان لگائیں اور اسے ج چ خ کا نام دیں۔ جیسا کہ خاکہ میں دکھایا گیا ہے، اور گردن کے لیے ایک خم دار خط کا نشان لگائیں جہاں سے کندھے نیچے کی طرف (SHOULED ROPPAINT) کی طرف کو جائے گا۔ وہاں پر نشان لگائیں۔ پچھلی عرض والی لائن پر کندھے کے نقطے کا۔

۲۔ ۴۵ درجے کے زاویے سے تم نقطے تک ایک ترچھی لائن لگائیں اور مونڈھے کا خط کھینچیں اور اس خط کو گولائی دیں جیسا کہ مونڈھے کی قدرتی گولائی ہوتی ہے۔

۳۔ کمر والی پر نقطے ڑ سے ۲ سنٹی میٹر (پونے ۱ انچ) پیچھے تک سائڈ لائن کھینچیں۔

۴۔ گردن کے لیے جو نشان لگائے تھے ان کو ج چ خ اور ج چ ق کا نشان دیں اور گردن والی لائن کو قدرتی انداز میں جیسے خم ہوتا ہے ویسے ہی دیں۔ کندھے والی لائن لگائیں جو کہ ۲ سنٹی میٹر (پونے ۱ انچ) پچھلی کمر والی چوڑائی سے کم ہو۔ ۲ سنٹی میٹر فالتو پچھلے کندھے کی چوڑائی سے جو کہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کف بنانا

کف کے خاکہ پر دی گئی مسلسل لائن سلائی کی لائنیں ہیں، اور ٹوٹی ہوئی لائنیں تہ کرنا یا اُسے رول کرنا خلا پُر کرتی ہیں۔ آستین کا توازن اسی صورت میں صحیح رہتا ہے جس صورت میں سلائی بازو کے نیچے کی طرف آنی شروع کرے۔

لمبائی کی طرف سے کف کو دوہرا کریں۔ دائیں طرف سے برابر اور اطراف سے اور آخری حصے پر ٹانکے لگا دیں۔



ٹوٹی ہوئی نقطوں والی لائن کی طرف سے کپڑے کو رول کر کے تمام طرف سے رول کر لیں اور دھاگے کو مضبوطی سے لگا دیں۔

ٹانکے یا سلائی کو کونوں پر سے اچھی طرح فنش کر لیں اور کف کو دائیں طرف سے موڑ لیں۔ ٹانکہ لگے کنارے کے ساتھ ساتھ احتیاط سے استری کر لیں۔

تمام کچے ٹانکوں کو صاف کر دیں۔ ٹانکہ لگی ہوئی جگہ کو موڑ لیں۔ کنارے کی طرف سے کف کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اندر کی طرف کپڑا موڑ دیں۔

آستین کے ساتھ کف کو جوڑنے کے لیے کچے کپڑے کے کندھے کو دائیں طرف کف کے آستین کے مخالف رُخ کف رول کی ہوئی لائن کے ساتھ مل جائے، لیکن دونوں جوڑوں کے درمیان جو ٹانکہ آتا ہے اس سے علیٰحدہ رہے۔

اب کف کو پریس کر لیں، کچے ٹانکے اتار دیں۔ کف کو اپنی حالت پر قائم رکھنے کے لیے اور کف نیچے گرنے سے روکنے کے لیے ایک چھوٹی سی بار رول لائن کے ساتھ بنا دیں جیسا کہ خاکہ سے ظاہر ہے۔

کف کی تکمیل کے مراحل



ٹانکے کا لگانا



راہم والے کنارے کو موڑنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اندر کی طرف کپڑا موڑ دیں۔

آستین کے ساتھ کف کو جوڑنے کے لیے کچے کپڑے کے کندھے کو دائیں طرف کف کے آستین کے مخالف رُخ کف رول کی ہوئی لائن کے ساتھ مل جائے، لیکن دونوں جوڑوں کے درمیان جو ٹانکہ آتا ہے اس سے علیحدہ رہے۔

اب کف کو پریس کر لیں، کچے ٹانکے اتار دیں۔ کف کو اپنی حالت پر قائم رکھنے کے لیے اور کف نیچے گرنے سے روکنے کے لیے ایک چھوٹی سی بار رول لائن کے ساتھ بنا دیں جیسا کہ خاکہ سے ظاہر ہے۔

کف کی تکمیل کے مراحل



ٹانکے کا لگانا



راہم والے کنارے کو موڑنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہاکی والے کنارے کو ٹانکے لگانا

سنیوں کی لائن کے اوپر کٹ کو دوہرا کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



۱۳ ملی میٹر کی بار بنانا رول کی ہوئی لائن کے ساتھ



کف کے کنارے کو موڑنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کاج بنانا

ہاتھ کے بنے ہوئے کاج کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ ہر کوئی انھیں اپنے مقصد کے مطابق ڈیزائن کر کے بناتا ہے۔ خلیٹ قسم کے بٹنوں کے لیے کاج کی لمبائی بٹن سے ۳ ملی میٹر یعنی معمولی سی کم ہونی چاہیے۔ ایسے بٹن جو موٹے ہوں اُن کی موٹائی سے تقریباً ڈیڑھ گنا زائد ہونا چاہیے۔

پیشتر اس کے کہ آپ کاج لگانا شروع کریں۔ سب سے پہلے ایک سادہ سا کاج بنائیں اور کپڑے پر چند آزمائشی ٹانکے لگائیں۔ اگر کپڑا اِدھر اُدھر ہو جاتا ہے تو پھر ٹھیک نہیں۔ پہلے کی نسبت موٹا دھاگا استعمال کریں۔

پہلے بٹن کی لمبائی کا نشان لگائیں، پھر قینچی کے ساتھ نشان لگے حصے کو کاج کی لمبائی کے حساب سے کاٹ لیں۔ کٹے ہوئے حصے کو چھوٹے چھوٹے ٹانکوں کے ساتھ سی لیں۔ اب اتنا لمبا دھاگا لیں جو آپ کے خیال میں کاج کے کام کے لیے کافی رہے گا۔ اب کاج پر کام کرنا شروع کر دیں۔ اس کی لمبائی کی طرف بائیں سے دائیں کو سوئی کی پشت پر سے داخل کریں اور اسے کھینچنے سے پہلے ڈھیلا دھاگا جو ہوتا ہے، اس میں سوئی دھاگا گزاریں۔ اس کی ایک چھوٹی سی گرہ لگا لیں اور پھر اسے کٹے ہوئے کنارے پر لا کر چھوڑ دیں۔

دھاگے کو زیادہ سے زیادہ کھینچنے سے گریز کریں ورنہ کاج کا کنارہ گول ہو جائے گا اور صحیح طریقے سے نہ بنے گا۔ ٹانکوں کے درمیان فاصلہ بہت اہم ہوتا ہے۔ اگر ٹانکے بہت قریب ہوں تو کاج رسی جیسی شکل کا بن جائے گا۔ ٹانکے کے درمیان آپ جو کپڑا استعمال کر رہی ہیں۔ اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کپڑے کی جو بُنتی ہوتی ہے اس سے اندازہ کریں۔ ٹانکوں کی گہرائی کپڑے کی نرمی اور سختی پر منحصر ہے۔ اگر کپڑا نرم ہے تو گہرے اور اگر سخت ہے تو زیادہ گہرے۔

کام کے اختتام پر ٹانکوں کی دونوں لائنوں کے آخر پر ایک چھوٹی سی بار بنا دیں جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گول موڑ کاٹنا

گول موڑ کو چکردار شکل دینا



www.iqbalkalmati.blogspot.com

گول موڑ کاٹنا

گول موڑ کو چکردار شکل دینا



www.iqbalkalmati.blogspot.com





www.iqbalkalmati.blogspot.com







www.iqbalkalmati.blogspot.com





www.iqbalkalmati.blogspot.com

شام کی تقریبات کے ملبوسات

اسکرٹ، بلاؤز اور گھیرے والی قمیض

پھولے ہوئی فراکیں پہننے کا فیشن لوٹ آیا ہے۔ اس مقصد کے لیے بازار سے ایسا کپڑا ملتا ہے جو پھولا ہوا سا ہوتا ہے۔ آج کے فیشن کا ساتھ دینے کے لیے سادہ تراش کے اسکرٹ بلاؤز اور گھیر والی قمیض کی سلائی اس طرح کریں۔

پولکا ڈاٹ والے اسکرٹ پر پھولوں کا بارڈر بھی بنا ہے۔ بلاؤز کے کشتی نما گلے میں سُرخ پائپنگ لگائیں۔ اس کی آستینیں ڈھیلی رکھیں جن کی کف پر الاسٹک سے چنٹیں دی گئی ہیں یہ بلاؤز بھی ڈھیلی تراش کا ہے لہٰذا اس کی کمر پر بھی الاسٹک لگائیں۔

دوسرا لباس گھیرے والی قمیض ہے۔ اس میں سامنے کی جانب گلے سے کمر تک دو چوڑی اور چھ باریک یعنی پن پلیٹیں ڈالی جائیں۔ ان پلیٹوں کا زائد کپڑا نچلے حصے میں گھیر بنائے گا۔ پلیٹوں کے درمیان سفید لیس لگے گی۔ بند گلے میں لیس کے ساتھ کالر لگے گا۔ گلا پیچھے سے کھلا ہوگا۔ اس کی آستینیں بھی ڈھیلی اور الاسٹک والی ہوں گی۔

ان ملبوسات کا ڈرافٹ بنانے کے لیے اپنی پیمائش کیجیے۔ ہماری تراش کے مطابق پیمائش یوں ہے۔

سینہ = ۱۴ ÷ ۲ = ۷ + ½ = ½ ۷ انچ

کولہے = ۳۸ + ۳ = ۴۰ ÷ ۴ = ۱۰ + ۱ = ۱۱ انچ

بلاؤز کی لمبائی = ۲۰ + ۲ = ۲۲ انچ

کل لمبائی = ۴۱ + ۳ = ۴۴ انچ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آستین کی لمبائی = ۲۰ + ۲ = ۲۲ انچ

بلاؤز کا ڈرافٹ

خاکہ نمبر ۱

اگلی یوک

۱۔ خاکی کاغذ کی ۲۲ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ یہ مستطیل ABCD ہے۔

۲۔ نقطہ A سے اندر کی جانب ۷½ انچ کا مربع AEFG بنائیے۔

۳۔ خط AE پر نقطہ A سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۴۔ خط AG پر نقطہ A سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ I لگائیے۔

۵۔ نقطہ H کو گلے کی گہرائی دیتے ہوئے نقطہ I سے موڑیں۔



۶۔ خط EF پر نقطہ E سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ J لگائیں۔

۷۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ J سے ملادیں۔ یہ شانے کی تراش ہے۔

۸۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیں۔

خط GK کا درمیانی فاصلہ دس انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔

۹۔ خط GF کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے اور اسے پون انچ اندر کی جانب لے کے خط ML بنائیے۔

۱۰۔ نقطہ J کو سیدھے خط سے نقطہ M سے اور پھر مونڈھے کو گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۱۱۔ خط dc پر نقطہ c سے دس انچ کے فاصلے پر نقطہ M لگائیے۔
۱۲۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملا دیں۔ اگلی یوک کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔

خاکہ نمبر ۲

پچھلی یوک

۱۳۔ خاکہ نمبر ایک کی طرح مستطیل dcBA اور اس میں مربع AEFG بنائیے۔
۱۴۔ گلے اور شانے کی تراش کے لیے خط GH اور آدھی MH بھی بنائیے۔
۱۵۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیے۔
KM کا درمیانی فاصلہ دس انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
۱۶۔ خط FE کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے، اور نقطہ L کو مونڈھے کی گہرائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملا دیں۔
۱۷۔ خط dc پر نقطہ c سے دس انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیے۔
۱۸۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملا دیں۔ پچھلی یوک کا ڈرافٹ بھی مکمل ہو گیا۔

خاکہ نمبر ۳



www.iqbalkalmati.blogspot.com

آستین

۱۹۔ خاکی کاغذ کی شیٹ کو دوہرا کر کے اس پر ساڑھے سات انچ چوڑا اور بائیس انچ لمبا مستطیل ABCD بنائیے۔

۲۰۔ خط AE پر نقطہ A سے ڈیڑھ انچ کے فاصلے پر نقطہ E لگائیے۔

۲۱۔ خط BD پر نقطہ B سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ F لگائیے۔

۲۲۔ خط EF کو آدھ انچ آگے نقطہ G تک بڑھائیے۔

۲۳۔ خط EF پر نقطہ F سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۲۴۔ خط EH کو عین درمیان میں نقطہ J پر تقسیم کیجئے اور اس پر پون انچ کا عمود JT بنائیے۔

۲۵۔ نقطہ E کو نقطہ T سے چھوتے ہوئے نقطہ H سے ملا دیں۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے پچھلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔

۲۶۔ خط HG کو عین درمیان میں نقطہ K پر تقسیم کیجئے اور اس پر نیچے کی جانب پون انچ کا عمود KL بنائیے۔

۲۷۔ نقطہ H کو نقطہ L سے چھوتے ہوئے نقطہ G سے اور پھر نقطہ E سے اس طرح ملائیں کہ خط GE پر اوپر کی جانب ہلکی سی گولائی آئے۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے اگلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔

۲۸۔ خط GC پر نقطہ D سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ M اور پھر اس سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیں۔

۲۹۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ N سے اور نقطہ G کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملا دیں خط MG کپڑے کی تراش کے لیے اور خط HN سلائی کے لیے ہے۔ آستین کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آستین

۱۹۔ خاکی کاغذ کی شیٹ کو دوہرا کر کے اس پر ساڑھے سات انچ چوڑا اور بائیس انچ لمبا مستطیل A B C D بنائیے۔

۲۰۔ خط A E پر نقطہ A سے ڈیڑھ انچ کے فاصلے پر نقطہ E لگائیے۔

۲۱۔ خط B D پر نقطہ B سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ F لگائیے۔

۲۲۔ خط E F کو آدھ انچ آگے نقطہ G تک بڑھائیے۔

۲۳۔ خط E F پر نقطہ F سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۲۴۔ خط E H کو عین درمیان میں نقطہ J پر تقسیم کیجئے اور اس پر پون انچ کا عمود J I بنائیے۔

۲۵۔ نقطہ E کو نقطہ I سے چھوتے ہوئے نقطہ H سے ملا دیں۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے پچھلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔

۲۶۔ خط H J کو عین درمیان میں نقطہ K پر تقسیم کیجئے اور اس پر نیچے کی جانب پون انچ کا عمود L K بنائیے۔

۲۷۔ نقطہ H کو نقطہ L سے چھوتے ہوئے نقطہ J سے اور پھر نقطہ E سے اس طرح ملائیں کہ خط J E پر اوپر کی جانب ہلکی سی گولائی آئے۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے اگلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔

۲۸۔ خط J C پر نقطہ D سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ M اور پھر اس سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیں۔

۲۹۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ N سے اور نقطہ G کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملا دیں خط M G کپڑے کی تراش کے لیے اور خط H N سلائی کے لیے ہے۔ آستین کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گھیر والی قمیض
خاکہ نمبر ۴

اگلا حصّہ

۳۰۔ خاکی کاغذ کی ۴۴ ، انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ یہ مستطیل ABCD ہے۔

۳۱۔ نقطہ A سے اندر کی جانب ۱½ انچ کا مربع EFG بنائیے۔
۳۲۔ خط AF پر نقطہ A سے ڈھائی انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔
۳۳۔ خط AG پر نقطہ A سے ایک انچ کے فاصلہ پر نقطہ I لگائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۳۴۔ نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ L سے ملادیں۔
۳۵۔ خط EF پر نقطہ E سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ G لگائیے۔
۳۶۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ G سے ملادیں۔ یہ شانے کی تراش ہے۔
۳۷۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیے۔ خط HK کا فاصلہ دس انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
۳۸۔ خط GF کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے اور اسے پون انچ اندر کی جانب لے کے خط ML بنائیں۔
۳۹۔ نقطہ G کو سیدھے خط سے نقطہ M سے اوپر، پھر مونڈھے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
۴۰۔ خط CD پر نقطہ C سے گیارہ انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیے۔ یہ گیارہ انچ کولہے کی پیمائش ہے۔ واضح رہے کہ کولہے اور داس کی پیمائش ایک ہی ہوتی ہے۔
۴۱۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔
۴۲۔ خط AC پر نقطہ A سے چودہ انچ کے فاصلے پر نقطہ لگائیں۔
۴۳۔ نقطہ O سے خط HK کے متوازی خط OP بنائیے۔ خط OP کمر کی لائن ہے۔ اسی لائن تک پلیٹیں ڈالی جائیں گی۔ قمیض کے اگلے حصے کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

خاکہ نمبر ۵

پچھلا حصہ

۴۴۔ خاکہ نمبر ۴ کی طرح مستطیل ABCD اور اس میں مربع AEFG بنائیے۔
۴۵۔ گلے اور شانے کی تراش کے لیے خط GH اور HJ بھی بنائیے۔ اس کا گلا چونکہ بند اور کالر والا ہے، لہٰذا اگلے اور پچھلے گلے کی تراش یکساں ہوگی۔
۴۶۔ خط GF کو سینے کی پیمائش کے مطابق نقطہ K تک بڑھائیں۔
۴۷۔ خط GF کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے۔
۴۸۔ خط L کو مونڈھے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
۴۹۔ خط CD پر نقطہ C سے گیارہ انچ کے فاصلے پر نقطہ M لگائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۵۰۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ H سے ملادیں۔ پچھلے حصے کا ڈرافٹ بھی مکمل ہو گیا چونکہ اس حصے میں پلیٹیں نہیں ڈالی جائیں گی لہٰذا خط OF بھی نہیں بنے گا۔



بلاؤز کی تراش اور سلائی

خاکہ نمبر ایک کے مطابق اگلی اور خاکہ نمبر دو کے مطابق پچھلی یوک تراشیں، دونوں یوک کو ایک ساتھ رکھ کے دائیں طرف کے کندھے کی سلائی سی لیں۔ اور بائیں طرف بٹن پٹی لگالیں۔

گلے میں سرخ پائپنگ لگالیں۔ یوک کے اطراف کی سلائی ہی کے پچھلے حصے پر یعنی کمر کی جانب بلاؤز کو اندر موڑتے ہوئے دوہری الاسٹک سی لیں۔

دوہری الاسٹک کا مطلب ہے کہ الاسٹک کی دو لائنیں بنیں گی۔

خاکہ نمبر ۳ کے مطابق آستینیں تراشیں۔ ان کی نچلی سلائیاں سی لیں اور کف پر الاسٹک لگالیں۔ اس طرح کف پر چنٹیں آجائیں گی، اب انھیں بلاؤز کے ساتھ جوڑ لیں۔ بلاؤز تیار ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۳۴۔ نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔
۳۵۔ خط EF پر نقطہ E سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ T لگائیے۔
۳۶۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ T سے ملادیں۔ یہ شانے کی تراش ہے۔
۳۷۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیے۔ خط GK کا فاصلہ دس انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
۳۸۔ خط TF کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے اور اسے پون انچ اندر کی جانب لے کے خط ML بنائیں۔
۳۹۔ نقطہ T کو سیدھے خط سے نقطہ M سے اوپر، پھر مونڈھے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
۴۰۔ خط CD پر نقطہ C سے گیارہ انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیے۔ یہ گیارہ انچ کولہے کی پیمائش ہے۔ واضح رہے کہ کولہے اور دامن کی پیمائش ایک ہی ہوتی ہے۔
۴۱۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔
۴۲۔ خط AC پر نقطہ A سے چودہ انچ کے فاصلے پر نقطہ لگائیں۔
۴۳۔ نقطہ O سے خط GK کے متوازی خط OP بنائیے۔ خط OP کمر کی لائن ہے۔ اسی لائن تک پلیٹیں ڈالی جائیں گی۔ قمیض کے اگلے حصے کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

خاکہ نمبر ۵

پچھلا حصہ

۴۴۔ خاکہ نمبر ۴ کی طرح مستطیل ABCD اور اس میں مربع AEF بنائیے۔
۴۵۔ گلے اور شانے کی تراش کے لیے خط JH اور HT بھی بنالیجئے۔ اس کا گلا چونکہ بند اور کالر والا ہے، لہٰذا اگلے اور پچھلے گلے کی تراش یکساں ہوگی۔
۴۶۔ خط GF کو سینے کی پیمائش کے مطابق نقطہ K تک بڑھائیں۔
۴۷۔ خط TF کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے۔
۴۸۔ خط LK کو مونڈھے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
۴۹۔ خط CD پر نقطہ C سے گیارہ انچ کے فاصلے پر نقطہ M لگائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۵۰۔ نقطہ ۷ کو سیدھے خط سے نقطہ ۳ سے ملا دیں۔ پچھلے حصے کا ڈرافٹ بھی مکمل ہو گیا چونکہ اس حصے میں پلیٹیں نہیں ڈالی جائیں گی لہٰذا خط ۳ مزید نہیں بڑھے گا۔



بلاؤز کی تراش اور سلائی

خاکہ نمبر ایک کے مطابق اگلی اور خاکہ نمبر دو کے مطابق پچھلی یوک تراشیں۔ دونوں یوک کو ایک ساتھ رکھ کے دائیں طرف کے کندھے کی سلائی سی لیں۔ اور بائیں طرف بٹن پٹی لگا لیں۔

گلے میں سرخ پائپنگ لگا لیں۔ یوک کے اطراف کی سلائی سی کے پچھلے حصے پر یعنی کمر کی جانب بلاؤز کو اندر موڑتے ہوئے دوہری الاسٹک سی لیں۔

دوہری الاسٹک کا مطلب ہے کہ الاسٹک کی دو لائنیں بنیں گی۔

خاکہ نمبر ۳ کے مطابق آستینیں تراشیں۔ ان کی نچلی سلائیاں سی لیں اور کف پر الاسٹک لگا لیں۔ اس طرح کف پر چنٹیں آ جائیں گی۔ اب انہیں بلاؤز کے ساتھ جوڑ لیں۔ بلاؤز تیار ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسکرٹ کی تراش اور سلائی

اسکرٹ کے لیے ایک گز لمبائی میں تین گز چوڑا بارڈر والا کپڑا لیں۔ اسے دوہرا کر کے سرے کی سلائی لیں۔ یہ گول گھیر کی شکل میں ہو جائے گا۔

اب کمر کی جانب بلاؤز کی طرح نیفہ موڑتے ہوئے ترپ لیں۔ اسکرٹ تیار ہے۔ اس لباس کو پہنتے ہوئے اسکرٹ کی الاسٹک نیچے اور بلاؤز کی اوپر رہے گی۔

قمیض کی تراش اور سلائی

خاکہ نمبر چار کے مطابق قمیض کا اگلا حصہ تراشیے۔

اس کا کپڑا اس طرح ڈرافٹ کے نیچے رکھیے کہ AC پر تین انچ کپڑا زیادہ رہے۔ کپڑے کے اس موڑ کو خط AC سمجھیے اور اس پر استری کر کے کریز ڈالیں۔

اب کپڑے کو کھول کر پھیلا لیں، اور اوپر والی خط AB سے چودہ انچ کے فاصلے پر خط CD بنائیں۔ یہ یوک کا حصہ ہے۔ اس میں پلیٹیں ڈالیں۔ کپڑے کے درمیان میں بھی خط AC سے بائیں جانب ایک انچ کے فاصلے پر دو مزید پن پلیٹیں ڈالیں۔ اس سے آدھ آدھ انچ کے فاصلے دو مزید پلیٹیں ڈالیں اب آدھ انچ کے فاصلے پر ایک انچ چوڑی پلیٹ ڈالیں۔

یہ تمام پلیٹیں اوپر سے یعنی کپڑے کی سیدھی جانب ڈالی جائیں گی۔ اسی طرح دائیں جانب تین پن پلیٹیں اور ایک چوڑی پلیٹ ڈالیں۔

گلے کے درمیان میں یعنی دونوں جانب کی پہلی پن پلیٹوں کے ساتھ آدھ انچ چوڑی لیس سی دیں۔ قمیض کا اگلا حصہ تیار ہو گیا۔

خاکہ نمبر پانچ کے مطابق پچھلا حصہ تراشیں۔ یہاں چونکہ پلیٹیں نہیں ہیں۔ لہٰذا خط AC پر کپڑا زیادہ نہیں رکھا جائے گا۔ اگلے اور پچھلے حصے کو ایک دوسرے کے اوپر رکھ کے کندھوں کے جوڑ سی لیں۔

پچھلا گلا چھ انچ تک کھول کے بٹن پٹی لگا لیں۔ اب پورے گلے کو ناپیں اور اس کے برابر دو انچ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چوڑی دوہری پٹی لیں۔ اسے کالر کی طرح گلے پر سی لیں۔ کالر اور گلے کے جوڑ پر اور کالر کے اوپری سرے پر بھی آدھ انچ چوڑی لیس لگا لیں۔ قمیض کے اطراف کی سلائی سی لیں۔

خاکہ نمبر تین کے مطابق آستینیں تراشیں۔ یہ آستین بھی بلاؤز کی آستین کی طرح الاسٹک لگا کے سی جائے گی۔

لہٰذا اس کی نچلی سلائی سی کے کف میں الاسٹک لگائیں۔ پھر کف قمیض کے مونڈھے کے ساتھ سی لیں۔ اب قمیض کا دامن ڈیڑھ انچ اندر موڑ کر ترپائی کر لیں۔ کمر کو چست رکھنے کے لیے قمیض کے کپڑے کی ڈیڑھ انچ چوڑی اور تقریباً ڈیڑھ گز لمبی پٹی بنائیں۔ قمیض پہننے کے بعد یہ پیٹی باندھ کر آگے پھول بنا لیں۔ یوں یوک پہ پلیٹوں کے مرے چھپ جائیں گے اور فراک کا گھیر بھی نمایاں ہو جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پولکا ڈاٹ

(شام کے کسی بھی تقریب میں پہنا جانے والا ایک اور لباس)

برسات کی بھیگی بھیگی اور ابر آلود شام میں دلکش کپڑے پہننے کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ایسی ہی فراک کی تراش ہے۔ سفید کپڑے پر سُرخ پولکا ڈاٹ سے بنی اس فراک کو سفید بیلٹ اور سُرخ بانکڑی سے سجایا گیا ہے۔ یوک پر سُرخ کپڑے کی کوٹ بنی ہے۔ گلے میں جھالر اور بوسے گھیر کے درمیان میں جھالر لگی ہے جو دوہرے گھیر کا تاثر دیتی ہے۔

آستین جھالر اور لیف دار ہے۔ یہ فراک پہن کر آپ منفرد اور خوب صورت نظر آئیں گی۔ اسے تراشنے کے لیے پہلے اپنی پیمائش کیجیے۔ ہماری تراش کے مطابق فرضی پیمائش یہ ہے۔

کندھے = ۱۲ ÷ ۲ = ۶ + ½ = ۶½ انچ۔

سینہ = ۲۶ + ۴ = ۳۰ ÷ ۲ = ۱۵ + ۱ = ۱۶ انچ

یوک کی لمبائی = ۱۴ انچ

فراک کی کل لمبائی = ۴۰ - ۴۲ انچ

اگلی یوک

۱۔ خاکی کاغذ کی بارہ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجیے۔ یہ مستطیل ABCD ہے۔

۲۔ نقطہ A سے اندر کی جانب ۶½ انچ کا مربع AEFG بنائیے۔ یہ ۶½ انچ کندھوں کی پیمائش ہے۔ اس مربع میں گلے، کندھے اور مونڈھے کی تراش ہوتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خاکہ نمبر ۱

۳۔ خط AE پر نقطہ A سے ڈھائی انچ کے فاصلے پر نقطہ J لگائیے۔
۴۔ خط AE پر نقطہ A سے ڈھائی انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔
۵۔ نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔
۶۔ خط EF پر نقطہ E سے پون انچ کے فاصلے پر نقطہ L لگائیے۔
۷۔ نقطہ L کو سیدھے خط سے نقطہ H سے ملادیں۔ یہ شانے کی تراش ہے۔
۸۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیے۔ خط GK کا درمیانی فاصلہ ۸/۱ انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
۹۔ خط FJ کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کریں اور اُسے آدھ انچ اندر کی جانب لے کے خط HL بنائیے۔
۱۰۔ نقطہ J کو پہلے سیدھے خط سے نقطہ H سے اور پھر مونڈھے کی گہرائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
۱۱۔ خط CD پر نقطہ C سے ساڑھے سات انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیے۔
۱۲۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔ اگلی یوک کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

پچھلی یوک

۱۳ خاکی کاغذ کی بارہ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ یہ مستطیل DZZ ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کوٹ کا اگلا حصہ اور پچھلا حصہ

۲۶۔ خاکہ نمبر ایک کی طرح دوہرے کاغذ پر بارہ انچ لمبا مستطیل ABCD بنائیے۔

۲۷۔ نقطہ A سے اندر کی جانب ۲½ انچ کا مربع AEFG بنائیے۔



خاکہ نمبر ۳

۲۸۔ خط AE پر نقطہ E سے دو انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۲۹۔ خط CD پر نقطہ G سے دو انچ کے فاصلے پر نقطہ J لگائیے۔

۳۰۔ نقطہ H کو گول (ی) طرز کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔ یہ کوٹ کا گلا ہے۔

۳۱۔ خط CD پر نقطہ J سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ K لگائیے۔

۳۲۔ خط HJ پر نقطہ J سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ L لگائیے۔

۳۳۔ نقطہ L کو باہر کی جانب گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔ اس طرح کوٹ کے گلے میں نوک کی جانب گولائی پیدا ہو جائے گی۔

۳۴۔ کوٹ کے پچھلے حصے کے لیے گلے کی تراش چھوڑ کر وہی تراش اختیار کریں جو اگلے حصے کے لیے کی ہے۔ یوں کاغذ پر خاکہ مکمل ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شادی کی تقریب لباس ۱

دیسی کُرتہ وپشت پاجامہ

دیسی کُرتا تیار کرنے کی دو ویرائش دی جارہی ہیں۔ ایک تو لوز بیک کھلا دیسی کُرتا اور دوسرا فٹنگ دیسی کُرتہ۔ لوز دیسی کُرتا اور فٹنگ دیسی کرتا میں زیادہ فرق نہیں ہے۔ فرق صرف یہی ہے کہ لوز دیسی کُرتا زیادہ چوڑا ہے، اور دوسرا اس چوڑائی میں چار انچ کم ہے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیمائش بنانے کا طریقہ بالکل ایک ہی ہے۔ اس میں کوئی فرق نہیں۔ آستین اور گھیرا دونوں ہی لوز کی نسبت کم چوڑے۔

پیمائش

کُرتا

چھاتی	= ۱۸"
لمبائی	= ۱۸"
کُرتے کی چوڑائی	= ۸"
کل کی نیچے سے چوڑائی	= ۴½"
کل کی اُوپر سے چوڑائی	= ۲"
بغل کی چوڑائی مع پٹی	= ۱½"
گلے کی گہرائی	= ۱⅝"
گلے کی چوڑائی	= ۳¼"
پٹی کی لمبائی	= ۵¼"
پٹی کی چوڑائی	= ¼"
آستین کی لمبائی	= ۱۰½"
آستین کی چوڑائی	= ۴"
موری کی شیپ	= ½"

پاجامہ

لمبائی	= ۳۴"
گھٹنا	= ۶¾"
پنڈلی	= ۶½"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

موری = ۲ ۳/۴"
گھٹنا = ۲ ۳/۴"
سمال = ۲"

ٹنکر ٹراؤزر لینے کا طریقہ

ٹنکر ٹراؤزر کی لمبائی = ۲۴"
ٹنکر ٹراؤزر کی چوڑائی = ۱۳ ۱/۲"
تیار پاجامے کی لمبائی = ۲۴"
تیار پاجامے کی چوڑائی = ۹"
باڈی کی لمبائی = ۱۱"
موری = ۲ ۳/۸"
سمال = ۱ ۱/۴"
میانی کی لمبائی = ۷"
گھٹنے کی چوڑائی = ۳ ۳/۸"
سمال = ۳"
پنڈلی = ۳ ۱/۸"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فٹنگ دیسی کرتا



کرتا

سب سے پہلے آپ کلیاں جوڑیں ۔ بغلی تیار کریں ، اور آستین سے سی لیں ۔ جب یہ سب تیار ہو جائے تو پھر آپ اگلے پچھلے حصے ملا کر تراشیں ، گلے پر پٹی لگائیں اور کاج ٹانکا کریں ۔



چشت پاجامہ

آڑا پاجامہ

چشت یا آڑے پاجامے کی بھی پیمائش دی گئی ہے ۔ آپ اسکو کی مدد سے حساب لگا کر پاجامہ تیار کر سکتی ہیں ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شادی کی تقریب لباس ۲

رم جھم

اس میں بھی کرتا اسی تراش خراش پر بنے گا جیسا کہ پچھلے لباس میں۔ شلوار کلی موری کی بنے گی۔

شلوار



www.iqbalkalmati.blogspot.com

کی نشوونما کا تعین کرتی ہے۔ اوسطاً نشوونما کی شرح تقریباً 1.2 سنٹی میٹر فی مہینہ ہوتی ہے۔ عورتوں میں بالوں کی نشوونما کی تیز ترین رفتار 15 سے 30 سال کی عمر کے درمیان قرار دی جاتی ہے۔ چکنائی پیدا کرنے والے جلد کے غدود صحت مند بالوں کو ان کی قدرتی چمک مہیا کرتے ہیں۔ یہ غدود بالوں کی جڑ کے قریب پائے جاتے ہیں۔



جلد میں ہیئر فولیکل اور چکنائی کا غدود

فولیکلز جن میں بالوں کی جڑیں ہوتی ہیں' خون کی گردش کے ذریعے غذائیت حاصل کرتے ہیں۔ چنانچہ صحت مند بالوں کے لیے خون کی اچھی گردش نہایت ضروری ہوتی ہے۔ پھر خون کے ذریعے فولیکلز کو ملنے والی غذائیت کی رسد بالوں کی صحت کا تعین کرتی ہے۔ یہ اثرات بالوں کے جلد سے پھوٹنے اور بڑھنے کے ساتھ ساتھ ان کی طبعی عمر تک مرتب ہوتے رہتے ہیں۔ جب کوئی بال فولیکلز سے پیوست نہیں رہتا تو تکنیکی اعتبار سے یہ "مردہ" ہو جاتا ہے لیکن فولیکلز میں بافتوں کے مسلسل بنتے رہنے کی وجہ سے پھلتا پھولتا رہتا ہے۔

جلد کے غدودوں میں چکنائی کی پیداوار میں نقص آجانے سے بال زیادہ چکنے یا پھر بہت زیادہ خشک ہو جاتے ہیں۔ مثلاً غدود بند ہو جائیں یا کارکردگی گھٹا دیں تو بال خشک ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح ان کی کارکردگی میں اضافہ ہو جائے تو چکنائی کا اخراج بڑھ جاتا ہے اور بال چکنے ہو جاتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عروسانہ لباس

شیشے کے کام والی ساڑھی

کچھ عرصہ سے شیشے کا کام بڑا مقبول ہو رہا ہے۔ اکثر خواتین یہ کام اپنی ساڑھیوں پر کروا رہی ہیں۔ دلہن کو بھی عروسانہ ساری پہنانے کا رواج چل نکلا ہے۔ دلہن کو سنگارنے کے لیے اکثر شیشے کے کام والی ساڑھیاں استعمال ہو رہی ہیں۔

عروسانہ ساڑھی نمبر ۱

نیوی بلو ساڑھی پر شیشے کے کام کے ۶ مربع انچ کے ٹکڑے بنا کر برابر برابر فاصلے پر لگائے گئے ہیں اور اسی طرح کے شیشے کے ٹکڑوں سے پرس پر بھی کام کیا گیا ہے۔ تصویر نمبر ۱ دیکھیں۔

تصویر نمبر ۲ میں گلابی رنگ کے ڈوریے کی ساڑھی پر سفید رنگ کی لونگ پرا سپیک کے پھول بنائے گئے ہیں اور اس کے درمیان میں شیشے ٹانکے گئے ہیں۔

تصویر نمبر ۲ دیکھیں۔

سلمے والی ساڑھی

دلہن کے عروسانہ لباس میں آج کل سلمے کے کام والی ساڑھی بھی شامل ہے۔ دلہنیں سلمے کے کام والی ساڑھیاں پہن رہی ہیں۔ یہ ساڑھیاں مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ ان ساڑھیوں میں سلمے کے مختلف ڈیزائن ہوتے ہیں۔ کچھ ڈیزائن ایسے ہیں جن میں سلمے کا کام اکثر بلو پر ہوتا ہے اور کئی ڈیزائن ایسے ہیں جنہیں تمام ساڑھی پر سلمے کا کام ہوتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کڑھت والی ساڑھی

عروسانہ لباس میں آج کل ایسی ساڑھیاں بھی دستیاب ہیں، جو نائیلون جارجٹ یا کسی اور ایسے کپڑے کی ہوتی ہیں جس پر برابر فاصلے پر پھول بنے ہوئے ہیں۔ پھول کے درمیان میں شیشہ لگا ہوتا ہے اور چاروں طرف نگینہ ٹانکے سے کڑھت کی ہوئی ہوتی ہے۔

بلو ساڑی پر شیشے کا کام

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شادی کی تقریب کے لیے لیس کوٹ

۳۶ عرض کی اڑھائی گز سفید لیس لیں۔ ہم اگر نائیلون نیٹ ۔ ہم رنگ دھاگا ۔ اب دیئے گئے نقشے کے مطابق کوٹ کی لمبائی ۳۶ رکھیں۔ ہر مربع ۲ انچ کا ہوگا۔ اگر آپ کا قد ۵ فٹ تین انچ سے لمبا ہو تو کوٹ لمبا کر لیں۔ اور کم ہونے کی صورت میں چھوٹا رکھیں۔

باریک کاغذ پر پیمائش کر کے پنسل سے نشانات لگائے جائیں۔ پھر اس کاغذ کو کاٹ لیں۔ اب یہی کاغذ کپڑے پر رکھ کر لیس برابر سے کاٹ لیں۔ پیمائش سے ۱ انچ زیادہ رکھیں۔ کیونکہ کندھے کی سلائی اور دونوں اطراف کی سلائی اتنی ہو جاتی ہے۔ سامنے کی طرف سے کھول لیں، اور نیٹ نائیلون کی پٹی اندر کی طرف لگائیں۔ باہر نیٹ نائیلون نظر نہ آئے۔ اسی طرح گلے پر بھی نیٹ نائیلون کی کوٹ لگائیں۔ لیکن اندر کی طرف، باہر کی طرف نظر نہ آئے آپ ۵ چوڑی ۸ گرہ لیس لے کر اس میں چنٹیں ڈالیں، اور پھر کف کا ناپ کریں۔ کف کے برابر رکھ کر اس کو آستین کے ساتھ سی لیں۔ لیجئے آپ کا حسب منشا کوٹ تیار ہے۔ یہ دیکھنے میں بہت دیدہ زیب لگے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عروسانہ لباس

بروکیڈی غرارہ اور قمیض

غرارہ

پیمائش

کپڑا درکار = ساڑھے پانچ گز لمبا

چوڑائی = ایک گز

لمبائی = ایک گز دو گرہ

آدھ آدھ گز کے تین ٹکڑے کریں۔

آدھ آدھ گز کے دو ٹکڑے غرارے کے دو پائنچے بنیں گے۔ تیسرے آدھ گز ٹکڑے سے کلیاں کاٹی جائیں گی۔

تیسرے آدھ گز کے ٹکڑے کو ہاتھ میں لے کر چوڑائی کی طرف سے دوہرا کریں۔

یہ کپڑا آدھ گز چوڑا اور آدھ گز لمبا ہو جائے گا۔ اب اس کپڑے کو پھر چوڑائی کی طرف سے دوہرا کریں۔ یہ کپڑا آدھ گز لمبا اور چار گرہ چوڑا ہو گا۔

اس پر استری کریں تاکہ تہ بیٹھ جائے۔ غرارہ کاٹتے وقت چونکہ استری کی بڑی ضرورت رہتی ہے۔ اس لیے کاٹنے سے پہلے استری کو خوب گرم کر لیں۔

اب اس کی کلیاں کاٹیں۔ ڈیڑھ گرہ اوپر کی چوڑائی اور ڈیڑھ گز نیچے کی چوڑائی رکھ کر کاٹ لیں۔

کاٹنے سے پہلے استری سے نشانات لگائیں۔ یہ آٹھ کلیاں بن جائیں گی۔ چار ایک پائنچے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے ساتھ اور چار دوسرے پائنچے کے ساتھ جوڑ دیں۔

کلی کی شکل ایک طرف تو سیدھی ہوگی اور دوسری طرف ترچھی۔ ترچھی طرف سیدھی طرف کے ساتھ جوڑ دیں۔

جب ساری کلیاں جُڑ جائیں تو سائیڈ کی طرف سے پائنچے سئیں۔ یہ سلائی صرف سوا گز لمبی ہوگی۔ دونوں پائنچے سل جائیں تو میانی لگا کر مکمل کر لیں۔ نیفہ الگ لگائیں۔

اب گوٹ تیار کریں۔ گوٹ کے لیے آپ کے پاس ۴ گز کپڑا بچا ہوا ہے۔ اس سے ایک ایک گز کے چار ٹکڑے بنائیں۔ ہر ٹکڑا چوکور ہوگا۔

ہر چوکور ٹکڑے کو تکون شکل دیں۔ اس طرح آٹھ تکون بن جائیں گے۔ چار ٹکڑے ایک گوٹ کے لیے اور چار ٹکڑے دوسری گوٹ کے لیے رکھیں۔

نیچے خاکہ دیکھیں۔

اب اس طرح سئیں کہ نمبر ۴ کونہ نمبر ۳ کے ساتھ رکھیں اور نمبر ۵ کونہ نمبر ۱ کے ساتھ۔ اسی طرح باقی دو ٹکڑے بھی لگائیں۔ جب چاروں ٹکڑے سی لیں تو اس کی شکل نمبر ۳ دیکھیں سی بن جائیں گی۔

اب دونوں سائیڈیں سی لیں۔ یہ آپ کی ایک گوٹ تیار ہے۔ دوسری گوٹ بھی اسی طرح تیار کریں۔

اب اوپر کی طرف جینٹ ڈالیں، اور پائنچے کے ساتھ جوڑ دیں۔ گوٹ کے نیچے ہاتھ سے آدھ انچ ترپائی کریں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

غرارہ طریقہ نمبر۳

۱۔ پائنچے کی تمام کلیاں جوڑ کر سلائی سے گول کر لیں۔
۲۔ پھر گوٹ کو گول کر لیں۔
۳۔ گوٹ کو پائنچے سے پن اپ دے کر جوڑ لیں۔
۴۔ پھر رومال جوڑ لیں۔ اوپر نیفہ لگائیں اور نیچے ترپائی کر لیں۔



E نقطہ AB کے درمیان ہے اور F نقطہ CD کے۔
EF لائن پر کاٹ لیں۔ اس طرح ۴ ٹکڑوں کی ایک گوٹ ہوگی اور ۴ کی دوسری۔
سب ٹکڑوں کو جوڑ کر سی لیں۔

بروکیڈی غرارے کے لیے بروکیڈی قمیض

ناپ لیے

۱۔ تیرہ
۲۔ سینہ
۳۔ کمر
۴۔ کمر کی لمبائی
۵۔ کولہے
۶۔ آستین کی لمبائی پوری
۷۔ آستین کی چوڑائی
۸۔ قمیض کی لمبائی
۹۔ قمیض کی چوڑائی
۱۰۔ آستین کی اندرونی لمبائی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آستین کا خاکہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پہلو پر آستین کی ڈاٹ بنانے کی شکل

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک اور تنگ موہری کا پاجامہ

کپڑا = کپڑے کے انتخاب میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ اس کی زمین سفید ہو اور اس پر خاکستری یا کالی دھاریاں اور پھول ہوں۔

پھول گریبان کے نیچے سامنے سینے سے لے کر گھٹنوں تک ہوں گے اور دھاری دار پیس پہلوؤں پر ہوگا جیسا کہ تصویر میں دیا گیا ہے۔

کپڑے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ اس میں براؤن یا بلیک دھاریاں یا پھول ہوں اور زمین کا سفید ہونا بھی ضروری نہیں۔ کسی بھی شیڈ کے دو رنگ ہوں۔ دامن کے کنارے وی شیپ کے ہوں گے۔

جس رنگ کا کپڑا ہوگا، اسی رنگ کا دھاگا استعمال ہوگا۔ اس فراک کا گریبان بھی وی شیپ کا ہوگا جیسا کہ تصویر میں ہے۔

فراک

نئی طرز کے اس فراک میں درمیان میں پھولدار ایک سیدھا ٹکڑا ہے۔ آپ حسب پیمائش فراک تراش لیں۔ پچھلا حصہ اور اگلا حصہ جوڑ کر اسی ناپ کا بنائیے۔ یہ فراک گھٹنوں سے نیچے تک لمبا ہوگا۔

شلوار

لمبائی = ۱۸ انچ یا حسب پیمائش

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

چوڑائی = ۹ انچ یا حسب ضرورت
پائنچہ کی چوڑائی = ۴½ انچ
نیفہ = ۱ انچ
موری = ۲½ انچ

اس لباس کے ساتھ کالے رنگ کی کھسہ یا سینڈل پہنیں۔ ہاتھوں میں سوٹ سے میچ کرتی چوڑیاں ڈالیں۔ جیولری وہی جو تصویر میں دیا گیا ہے۔

بک اپ

میکس فیکٹر کا بلش میک اپ، گالوں پر ہلکی روج، ہونٹوں پر رمیل کی بے شمار شیڈوں لپ اسٹکوں سے بلیک ٹیولپ استعمال کریں۔ ہاتھوں کے ناخنوں پر ڈیپ ریڈ نیل پالش۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سالگرہ کا لباس نمبر ۲

سالگرہ کے اس لباس
کا کپڑا ملٹی کلر ہے۔ گلا تنگ
آستین کھلی۔ دامن پٹنی دار۔
سکرٹ نما۔ پاؤں
پاؤں میں سُرخ گرگابی،
اسی رنگ کا نیل پینٹ اور
لپ اسٹک استعمال کریں۔
یہی ہیئر اسٹائل اپنائیں
جیسا کہ تصویر میں ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پکنگ کے لباس

لباس نمبر ۱

فرک نما یہ لباس دو رنگا ہوگا۔ رنگوں کا انتخاب آپ کی سہولت پر ہوگا۔
ہیئر اسٹائل جیسا کہ تصویر میں ہے۔
میک اپ ہلکا پھلکا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پکنک لباس

پیٹی کوٹ نما فراک
جس میں صرف ایک بٹن
تنگ موری کی شلوار۔
آستین آدھی۔ بغیر استین کے بھی
لانبے بھے بھے کھلے بال۔
میک اَپ ہلکا پھلکا۔ پاؤں میں گرگابی
کھلی ٹوکی۔ شلوار اور فراک کے رنگ آپس
میں میچ کرتے ہوں۔

اس لباس کو بنانا کوئی دشوار نہیں۔
خواتین بڑی آسانی سے اسے تراش اور سی
سکتی ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شبِ خوابی کے لباس

نائلون کے ریشے سے تیار کیے ہوئے کپڑے آج کل ساری دنیا میں مقبول ہو رہے ہیں۔ یہ کپڑے دھونے میں آسان ہیں۔ انھیں استری کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ان کے رنگ بھی پختہ ہیں۔ اس لیے ایک عرصہ تک پہنے جا سکتے ہیں۔ بدن پر یہ کپڑے پروں کی طرح ہلکے پھلکے لگتے ہیں۔ یہ خصوصیات تو اس کپڑے کی ہیں، لیکن انھیں مناسب سلائی کی بدولت ایک نیا اور دلکش روپ و رنگ دینے والی آپ ہیں۔

ایک زمانے میں خواتین پاجامے اور بش شرٹ کو شبِ خوابی کے لیے استعمال کرتی تھیں لیکن اب کھلے کھلے ملبوسات فیشن میں داخل ہیں۔ شبِ خوابی کے یہ لباس اور ڈریسنگ گاؤن برطانیہ کی مشہور فیشن ڈیزائنر انجیلا گور نے تیار کیے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے تک شبِ خوابی کے لباس میں سفید اور سیاہ رنگ کا استعمال زیادہ ہوتا تھا۔ لیکن ۱۹۷۴ء کی آمد کے ساتھ نت نئے رنگ بازار میں آگئے ہیں۔ شبِ خوابی کے یہ آرام دہ لباس خمندی، انگوری، نارنجی، عنابی، اور کاسنی رنگوں میں بنائے جاتے ہیں۔ یہاں لباس کا جو نمونہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اس میں کمر پر الاسٹک ڈال کر چنٹیں پیدا کی گئی ہیں۔ یہ ٹخنوں تک نیچا اور ڈھیلا لباس ہے۔ اس کا گلا خاصا کشادہ ہے۔

فرل اور لیس سے سجا ہوا یہ ڈریسنگ گاؤن پہن کر آپ یقیناً خوش ہوں گی۔ گاؤن کے گلے آستین میں فرل لگا کر اس میں چکن یا کروشیے سے بنی ہوئی بیل لگائیے۔ یہ دیدہ زیب ڈریسنگ گاؤن آپ کے آرام اور ذوق کی تسکین کا باعث ہے۔

یہ ڈریسنگ گاؤن آج کل برطانیہ اور امریکہ میں بڑا ہر دلعزیز ہو رہا ہے۔ خواتین کی اکثریت اسے پسند کرتی ہے۔

یہ ڈریسنگ گاؤن برطانیہ کی مشہور فیشن ڈیزائنر مادام انجیلا گور کی اختراع ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آپ چاہیں تو اپنے مزاج کے مطابق گلا چھوٹا کر سکتی ہیں۔ شب خوابی کے اس خوب صورت لباس میں آپ خود کو نہایت ہلکا پھلکا محسوس کریں گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ڈریسنگ گاؤن

شب خوابی کا یہ دوسرا لباس ڈریسنگ گاؤن ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹی نمبر ا

یہ نائٹی آپ رات کے وقت پاجامے کے ساتھ پہن سکتی ہیں۔ یہ دیکھنے میں بڑی دلکش اور سونے وقت میں بہت آرام دہ رہتی ہے۔

جارجٹ، لون، مرسیرائیزڈ کاٹن یا ہموار سلک کی بنی ہوئی نائٹی بڑی آرام دہ رہتی ہے۔ اگر آپ جارجٹ منتخب کریں تو یہ احتیاط رکھیں کہ اتنی باریک نہ ہو کہ اس میں سے آپ کا بدن جھانکے۔

پیمائش

اگلا حصہ

لمبائی = ۳۶"

چوڑائی = ۳۶"

آستین لمبائی = ۱۲"

چوڑائی = ۱۱"

اوپر دی گئی نائٹی بغیر آستین کے ہے۔ نائٹی کا جو ڈیزائن دیا جا رہا ہے وہ آستین سمیت ہے اور گلے پر سلوٹیں ڈال کر مگجہ بنایا گیا ہے۔

سب حصے خاکے میں الگ الگ دیئے گئے ہیں، اور جیٹ ڈال کر دوسرا ٹکڑا لگایا ہوا کٹاؤ بنایا گیا ہے اور ان کٹاؤ میں پھول بنے ہوئے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹی نمبر ۲

پیمائش

نصف اگلے گلے کے گھیر کی لمبائی	=	۳۲"
نصف پچھلے گھیر کی لمبائی	=	۳۲"
درمیانی لیس کی چوڑائی	=	۶"
درمیانی لیس کی لمبائی	=	۳۸"
سینے کی چوڑائی	=	۳۸"
باڈی کی لمبائی	=	۱۰"
آستین کی لمبائی	=	۴۰"
نصف اگلی باڈی کی چوڑائی	=	۱۲"
آستین کی چوڑائی	=	۴۰"

پہلے آپ آستین اور باڈی کی پیمائش کر کے کاٹ لیں۔ پھر اوپر کا حصہ سی لیں۔ آستین کے علاوہ باقی سارے کپڑے پر آپ لائننگ لگائیں۔ اس کے بعد لیس جوڑ دیں۔

لیس جوڑنے کے بعد آپ گھیر سی لیں اور اوپر کے حصے میں چنٹ ڈالیں، اتنے کہ باقی ۳۸" انچ رہ جائے۔ اب آپ اسے باڈی سے جوڑ دیں۔

سامنے کے کھلے حصوں پر اور نیچے کی طرف بھی لیس لگائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹ سوٹ

رات کو پہننے کے لیے آپ بھی یہ نائٹ سوٹ تیار کر سکتی ہیں۔ ہلکے گلابی رنگ کے دانے دار کپڑے کا یہ سوٹ بنا ہوا ہے۔

کوٹ کی پیمائش

نصف اگلا حصّہ

لمبائی = ۱۴"
چوڑائی = ۱۲

نصف پچھلا حصّہ

لمبائی = ۱۲"
چوڑائی = ۹"

جیب کی پیمائش

لمبائی = ۶"
چوڑائی = ۵"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کالر

لمبائی = ۶

چوڑائی = ۳

دیکھئے ناکہ نائٹ سوٹ :



یہ نائٹ سوٹ بڑا آرام دہ ہے ۔ گرمیوں کے موسم میں سوتی کپڑے کا اور سردیوں کے موسم میں گرم کپڑے کا نائٹ سوٹ بنائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سلیپنگ سوٹ

پاجامے کی پیمائش

لمبائی	=	۱۸"
چوڑائی	=	۵"
گھٹنا	=	۵"
پائنچہ	=	۴½"
میانی کی لمبائی	=	۸½"
میانی کی چوڑائی	=	۲½"

کوٹ کی سلائی

اوپر دی گئی پیمائش کے مطابق آپ کوٹ قطع کریں۔ پہلے پنسل سے نشانات لگا جائیں، اور پھر ½" انچ بڑھا کر کاٹ لیں تاکہ یہ سلائی میں آجائے۔ یہ کوٹ سامنے کھا بنے گا۔ بائیں جانب کاج اور دائیں جانب بٹن لگائیں گے۔

کنارے سے دو انچ کے فاصلے پر آپ دونوں طرف لیس لگائیں۔ یہ لیس سفید رنگ کی ہونی چاہیئے۔ اور ایک انچ سے زیادہ چوڑی نہ ہو۔ اگلے حصے میں اس کے سا پلیٹ ڈالنا نہ بھولیں۔

اسی طرح اب آپ نشانات کو سامنے رکھ کر پاجامے پر نشانات لگا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جائیں اور پھر کاٹ کر رکھ لیں۔ پہلے میانی سئیں، اور نیفہ بنائیں۔ پھر پائینچے کے نیچے سے ترپائی کریں اور اس کے بعد لانگ ہی لیں۔

نیفہ کے بجائے آپ ۱½ انچ کے برابر کپڑا موڑ کر اس میں الاسٹک ڈالیں۔ یہ زیادہ اور بہتر طریقہ رہے گا۔

آپ یہی پیمائش رکھ کر کسی بھی کپڑے کا سلیپنگ سوٹ سی سکتی ہیں، اور پھر اس کے دونوں طرف ننھے ننھے پھول کاڑھ لیں۔ یہ بھی خوبصورت لگے گا۔

---

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹ گاؤن نمبر ا

شکل میں دیئے گئے نمونے کے مطابق آپ اپنی پیمائش کر کے نائٹ گاؤن تیار کریں۔
اس نائٹ گاؤن میں آستینیں نہ ہوں گی۔ لمبا ہوگا۔ کمر پر سے ٹائٹ۔
گلے سے سینے تک ایپرن کی شکل میں ہوگا۔ اس کا گھیرا زیادہ چوڑا نہ ہوگا۔
آج کل روئی اور استر والے ٹیفے کے ٹوریسنگ گاؤن پہننے کا بہت رواج بڑھ رہا ہے۔
اس کی پیمائش اس طرح ہوگی۔

(۱) لمبائی
(۲) نصف اگلے حصے کی چوڑائی
(۳) نصف پچھلے حصے کی چوڑائی
(۴) گلے کی چوڑائی
(۵) گلے کی لمبائی
(۶) سامنے کی پٹی کی لمبائی

سامنے بارہ بٹن لگیں گے۔ اور گھیرا اس کا پھیلا ہوا نہ ہوگا۔
مناسب نائٹ ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹ گاؤن نمبر ۲



آپ کے پاس گلاس نائیلون کی کچھ ساڑیاں بیکار پڑی ہوں گی ۔ انہیں مصرف میں لاکر آپ خوب صورت ڈریسنگ گاؤن تیار کر سکتی ہیں ۔ یہ گاؤن نہ صرف سستا ہوگا بلکہ خوبصورت بھی دکھائی دے گا

نائیلون کے اندر لگانے کے لیے کسی سستے سوتی کپڑے کا انتخاب کریں ۔ پلین ساڑی کے اندر اسی رنگ کا یا متضاد رنگ کا کپڑا لگائیں ۔ پرنٹڈ لائننگ بھی عمدہ لگے گی ویسے سب سے عمدہ اور خوب صورت ڈریسنگ گاؤن نائیلون پر کیریلین کی پرنٹڈ ساڑھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا بھی بن سکتا ہے۔

یہ نائٹ گاؤن ڈھیلا ڈھالا رین کوٹ کے انداز سے کاٹیں۔ لمبا ڈریسنگ گاؤن اس طرح کاٹیں کہ اوپر سے نیچے تک بتدریج چوڑا ہوتا جائے۔ اگر زیادہ گھیر والا بنانا چاہیں تو پشت پر چھوٹا سا یوک ڈال کر اور چنٹ دے کر پیر لگائیں۔

سامنے کے حصے سے لے کر نیچے تک لیس یا نائلان کے کپڑے کی فرل بنا کر لگالیں۔ آستین اور گلے کے آگے فرل دو مرتبہ لگائیں تو زیادہ اچھی رہے گی۔

اس کی پیمائش وہی ہوگی جو رین کوٹ کی دی گئی ہے۔ یہ نائٹ گاؤن چاہے ساٹن کا بنائیں۔ نہایت عمدہ اور نفیس لگے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹ سوٹ نائٹ گاؤن

اس سوٹ کی پیمائش اور کاٹ نیچے دو خاکوں میں دی جا رہی ہے۔ ان کی مدد سے یہ سوٹ تیار کر سکتی ہیں۔

خاکہ نمبر ۱



www.iqbalkalmati.blogspot.com

نائٹے کوٹ کی پیمائش آپ اس کوٹ کے برابر بنائیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلونا سوٹ

آج کل فیشن میں تنوع لباس کی جان سمجھا جاتا ہے۔ سمندری ہرے رنگ کے اس سوٹ میں کشش کا باعث اس کی کھلی کھلی آستینیں اور بڑے بڑے کالر ہیں۔

بڑے سے کالر اور آستینوں میں جان پیدا کرنے کے لیے ان پر ہرے اور تربوزی رنگ کے دھاگے سے بیلیں کاڑھی گئی ہیں۔

تند ہواؤں کا مقابلہ کرنے کے لیے تربوزی رنگ کا واسکٹ نما کوٹ پہنا گیا ہے۔ سمندری ہرا اور تربوزی رنگ دونوں آپس میں مل کر موسم کی بے رنگی بہت حد تک دور کرتے ہیں۔

ایسا سوٹ شلوار کے بجائے بیل باٹم پاجامے کے ساتھ سجتا ہے۔ یقیناً یہ لباس پہن کر آپ منفرد دکھائی دیں گی۔ بیل باٹم پاجامے پر پہننے کی وجہ ہی سے اس کا نام بلونا رکھا گیا ہے۔

اپنی پیمائش کے مطابق تراشنے میں درج ذیل تصویر سے استفادہ کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فلیپر

کپڑا = ۹۰ سنٹی میٹر چوڑا × ۲،۱۰ میٹر لمبا۔
(۳۶" چوڑی × ۸۲" لمبائی)

جو ہندسے بریکٹ کے اندر ہیں وہ انچوں کی پیمائش ظاہر کرتے ہیں۔ بریکٹ سے باہر والے ہندسے سنٹی میٹر ہیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

لہنگا

پیمائش

لمبائی = ایک گز دو گرہ

ہپ = ۷ گرہ تیار

کپڑا درکار = لمبائی = ۷ گرہ

عرض = ایک گز

تین گز کپڑا لیں۔ اور اسے لمبائی کی طرف سے دوہرا کریں۔ یہ کپڑا ایک گز چوڑا اور ایک گز آٹھ گرہ جائے گا۔

لمبائی کی طرف سے ایک گز ۸ گرہ پر نشان لگائیں۔ باقی تین گرہ کپڑا بچے گا۔ یہ درمیانی حصہ ہے۔ اس تین گرہ کپڑے کو ڈیڑھ گرہ گہری گولائی کریں۔

اب اس کپڑے کو کھولیں۔ کل گولائی کی لمبائی ۷ گرہ ہو گئی۔ اس گولائی کے ایک طرف پانچ گرہ کپڑا ہے اور دوسری طرف بھی اتنا ہی ہے۔

اب تین گز کپڑا اور لیں اور اس کو بھی اسی طرح تراشیں۔ یہ آپ کے لہنگے کے دونوں حصے ہیں۔

لمبائی کی طرف سے دونوں حصے آپس میں جوڑیں۔ ایک سائیڈ مکمل طور پر سلائی ہو گی، مگر دوسری جانب اوپر کی طرف اڑھائی گز کپڑا سلوائی کریں۔ یہ حصہ کھلا رہے گا۔ اب کپڑے کو پھیلا دیں اور دیکھیں کہ عین درمیان میں آپ کے کپڑے کی لمبائی صرف ساڑھے چودہ گرہ ہو گی۔

اب ایک گز ایک گرہ لمبا اور چار گرہ چوڑا کپڑا لیں۔ اور اس کو درمیان میں صرف ایک حصے کے ساتھ ہی لیں۔ دوسرا حصہ بھی اسی طرح بنائیں۔ عین درمیان میں اس کی لمبائی ایک گز دو گرہ رہ جائے گی۔ پھر ہر سلائی پر استری کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کپڑے کو احتیاط سے پھیلا دیں۔ اب اس دوہرے کپڑے کو چوڑائی کی طرف سے دوہرا کریں۔ اس سلائی کو اپنے ہاتھ میں لیں جہاں دونوں حصے ملے ہوئے ہیں۔ یہ لمبائی ایک گز یا پانچ گرہ ہے۔

اب لمبائی کی طرف سے ایک گز دو گرہ پر نشان لگائیں اور احتیاط سے گولائی میں کاٹنا شروع کر دیں۔ گھیرے کی گولائی صفائی سے کاٹیں۔ لہنگے کی خوبصورتی اس گولائی پر ہے۔

اب ایک گرہ چوڑا اور چودہ گرہ لمبا کپڑا لیں۔ اس میں لٹھا، ململ یا کوئی اور سخت کپڑا دے کر بیلٹ سی بنا لیں۔ یہ بینڈ چودہ گرہ لمبی اور آدھ گرہ چوڑی ہونی چاہیے۔ اب اسے لہنگے کے ساتھ سی کر تیار کریں۔

مکمل ہو جانے کے بعد سائڈ پر بٹن یا ہک لگائیں۔ اگر بٹن کی نسبت ہک لگائے جائیں تو زیادہ مناسب ہے۔ لیجیے غرارہ تیار ہے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلاؤز

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیمائشیں

چوڑی کی پیمائش	= 16"
سینے کی کل پیمائش	= 36"
نصف اگلا حصہ	= 9½"
نصف پچھلا حصہ	= 8¾"
کمر کی پیمائش، کل	= 24"
اگلا حصہ	= 16½"
پچھلا حصہ	9¾"
کندھے کی پیمائش، کل	= 13½"
اگلا نصف حصہ	= 7½"
پچھلا نصف حصہ	= 6¾"
سامنے کی کھلی پٹی کی پیمائش	= 12½"
سامنے کا حصہ	= 7½"
پچھلا حصہ	= 7½"
آستین کی لمبائی	= 13" سے 13½"
کف	= 9" سے 10"
وی نیک	= 8"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سینے کا پیٹ =
کندھے سے ۱۰" کے فاصلے پر

اور

بغل سے ۸" کے فاصلے پر

آپ دیئے گئے نشانات کی طرح کپڑے پر پنسل اور فیتے کی مدد سے نشانات لگا لیں۔
آستین کاٹتے وقت احتیاط کی ضرورت ہے۔ نقطے والی لکیر پیمائش کرنے کے بعد لگائی گئی ہے۔ آپ اس کو احتیاط سے ناپ ناپ کاٹ لیں۔



اگلے حصے میں کمر کی پیمائش سے تھوڑی سی دونوں طرف کاٹ ہوگی۔ یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے کہ ترچھا کاٹیں یا نہ کاٹیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بہر حال دونوں طریقے ٹانکوں میں دیئے گئے ہیں ۔
آپ نیچے کسی رنگ کی پٹی لگائیں تو زیادہ مناسب رہے گی ۔ پٹی کی پیمائش بھی دی گئی ہے ۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

کڑھت والا بلاؤز

بلاؤز کی پیمائش دی جا چکی ہے ۔ یہ بلاؤز بھی آپ اسی نمونے سے کاٹیں ۔ مگر اس بلاؤز کے گلے پر اور نیچے کمر کے پاس پھول بنائیں ۔

ٹانکوں کے نام



۱ ۔ سٹیم سٹچ
۲ ۔ سٹیم سٹچ
۳ ۔ سائن سٹچ
۴ ۔ سادہ لمبے ٹانکے
۵ ۔ ساٹن سٹچ
۶ ۔ ساٹن سٹچ
۷ ۔ کاج ٹانکا
۸ ۔ کاج ٹانکا
۹ ۔ فرنچ ناٹ

رنگ

۱ ۔ ہلکا سبز
۲ ۔ گہرا سبز
۳ ۔ تیز نیلا
۴ ۔ نارنجی
۵ ۔ مونگیا
۶ ۔ عنابی
۷ ۔ تیز نیلا
۸ ۔ نارنجی
۹ ۔ سیاہ

گول گلے پر برابر کے فاصلے پر آپ یہ پانچ پھول اتاریں ، اور پھر دیئے گئے ٹانکوں کے نمونے اور رنگوں سے کڑھت کریں ۔ نیچے دو انچ چوڑی پٹی لگائی ہوئی ہے اور ایک پھول اس پر بنا ہوا ہے ۔ یہ پٹی کمر کی جانب کھلی ہوئی ہے اور اس پر دو ہک لگے ہوئے ہیں ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلاؤز اور قمیض

نیلی لائن والے کپڑے کا بلاؤز اور پھر نیلے گہرے رنگ کی بغیر آستین کی قمیض۔
فرانس کی مشہور فیشن ڈیزائنر روزینا پوڈستا نے اس کمبینیشن کا نام دھوپ چھاؤں رکھا ہے، لیکن شلوار کے بجائے فرانس میں اس بلاؤز اور قمیض کے ساتھ تھلیسپر پہنا جاتا ہے۔
اس لباس کے ساتھ نیرو لٹو والی گرگابی بڑی دلکش لگتی ہے۔ ہاتھ میں اسی رنگ کی چوڑیاں پہنیں۔ اور آنکھوں پر نیلے رنگ کے شیشوں والی گاگل لگائیں۔

(دھوپ چھاؤں)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شمیض نمبر ۱

پیمائش:

گلے کا گھیر	= ۱۵ انچ	(۳۸ سنٹی میٹر)
پوری لمبائی	= ۳۰ "	(۷۶ سنٹی میٹر)
چھاتی	= ۳۶ "	(۹۱ سنٹی میٹر)
کمر	= ۲۸ "	(۷۱ سنٹی میٹر)

اشیاء:

۶۶ سنٹی میٹر عرض کا ۱/۴ میٹر کپڑا

۱۲ گرہ عرض کا ۱/۴ گز کپڑا

نمبر ۱ کے نقشے کے مطابق بٹنے سے امتیازات لگائیں۔ کپڑے کو پہلے لمبائی کے رخ دوہرا کریں۔ پھر عرض کی طرف دوہرا کریں، یوں کپڑا چوہرا ہو جائے گا۔

اب اس پر آپ امتیازات لگائی جائیں اور ان کی مدد سے کاٹ لیں۔

آپ کپڑا ۱/۲ ۲ سنٹی میٹر یعنی ایک انچ بڑھا کر رکھیں تاکہ سینے کے بعد تنگ نہ ہو جائے۔

کندھے سے سینے کی طرف ساڑھے سات سنٹی میٹر (۳ انچ) لمبا پلیٹ ضرور ڈالیں۔

اگلا حصہ پچھلے حصے کی نسبت ذرا چھوٹا یعنی ۲ سنٹی میٹر (۱ انچ) کے قریب رہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جینز

آج کل جوان لڑکیاں جینز پہننے کی شوقین ہیں۔ یا اسی وضع کے پاجامے پہن رہی ہیں۔ آپ جینز بنانے کے لیے کسی اچھے کپڑے کا انتخاب کریں۔ شوخ رنگ کی جینز زیادہ اچھی رہے گی۔

پیمائش

جینز کی لمبائی = ۴۰ انچ
کمر کی چوڑائی = ۲۶ انچ
کولہے کی پیمائش = ۳۸ "
کولہے کی گہرائی = ۹ "
میانہ = ۱۲½ " سے ۱۳½ " تک
ٹخنے = ۱۷½ سے ۱۸ انچ تک

اس کے لیے ۲½ گز کپڑا ۳۶ انچ کا درکار ہے۔ ۱½ انچ کپڑا ۵۴ انچ عرض کا درکار ہے۔ پچھلا حصہ نقطہ والی لکیروں سے ظاہر ہے۔ نمونے کے مطابق کاٹ کر سی لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جیکٹ

یہ جیکٹ آپ گرم کپڑے کی بنا سکتی ہیں۔ اگر سردی کم ہو تو فلالین کی بھی بنا سکتی ہیں۔

اشیاء:

پٹی ۲ گز لمبا اور ۴۴ انچ چوڑا گرم کپڑا یا فلالین۔
جیکٹ کے لیے ریشمی اور سوتی کپڑا بھی استعمال کر سکتی ہیں۔

آپ کپڑے کو نمونے کے مطابق کاٹ لیں۔ ایک مربع ایک انچ کو ظاہر کرتا ہے۔ ½ انچ سلائی کے لیے فالتو کپڑا رکھیں۔ جیسا کہ خاکے سے ظاہر ہے۔

اب کپڑے کو چوڑائی کے رخ دوہرا کریں تاکہ اس کی چوڑائی ۲۲ انچ بن جائے۔

خاکے کے مطابق آپ پنسل سے نشانات لگا لگا کر کاٹتی جائیں۔ آستین کی کاٹ سے جو کپڑا نکلے گا، آپ اس کا کالر بنا سکتی ہیں۔

سیتے وقت پہلے آپ کالر بنائیں۔ کالر کے درمیان ایک دوہری پٹی لگائیں۔ اگلا اور پچھلا حصہ سی لیں۔ پھر گول بنا کر کالر کے ٹکڑے سی لیں۔ آخر میں استری کر کے چاروں طرف ربن کی گوٹ لگائیں۔ نچلا گھیرا کھلا رہے گا۔ اور اس پر ربن کی گوٹ لگے گا۔

جیکٹ کا خاکہ درج ذیل ہے۔ خواتین اس سے استفادہ کر سکتی ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ساڑی پر پہننے کا جیکٹ

پیمائش :

جیکٹ کی لمبائی	=	۲۲ انچ
سینے کی پیمائش	=	۳۶ "
کولھے کی چوڑائی	=	۳۷ "
کندھے کی چوڑائی	=	۱۳½ "
سامنے کی پٹی	=	۱۲½ "
گلے کی آستین	=	۱۸ "
کف	=	۱۰ "

ساڑی پر پہننے کے لیے یہ سادہ جیکٹ آپ کے لیے بہت عمدہ رہے گی۔
دیے گئے نمونے کے مطابق آپ یہ جیکٹ کاٹ لیں۔ اس جیکٹ کی آستین ساتھ ہی بنے گی۔
اس جیکٹ کو شادی بیاہ اور اسی قسم کی خوشی کی تقریبات پر پہن جا سکتا ہے۔
وہ خواتین جو شیگی کٹ یعنی مغربی انداز کے بال کٹواتی ہیں۔ ان پر یہ جیکٹ خوب جچتی ہے۔
ہیئر اسٹائل کا نمونہ اور جیکٹ کا گراف یہاں دیا جا رہا ہے خواتین اس سے استفادہ کریں۔

ساڑی پر پہننے والی جیکٹ کے لیے ہیئر اسٹائل

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑی پر پہننے کی جیکٹ نمبر ۲

پیمائش :

جیکٹ کی لمبائی	=	۳۲ انچ
سینے کی پیمائش	=	۳۶ "
کولہے کی پیمائش	=	۴۰ "
کندھے کی چوڑائی	=	۱۳½ "
سامنے کی پٹی	=	۲½-۱۲ "
گلے سے آستین کی لمبائی	=	۱۸ "
کف	=	۱۰ "

حاملہ خواتین کے لیے ساڑھی پر پہننے کے لیے یہ جیکٹ بہت مناسب ہے۔

دیئے گئے گراف کی مدد سے گراف کے مطابق آپ پہلے اگلے حصے کو دوہرا کر کے چاروں طرف نشان لگا لیجئے۔ فیتے سے ناپ ناپ کر نشان لگائیں، تاکہ آپ کو سینے میں کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

نیچے دیئے گئے خاکوں کو پہلے خاکی کاغذ پر لکیر لیں۔

ساڑی پر پہننے کی جیکٹ کا گراف تیار کریں اور پھر اس کے مطابق کپڑا تراشیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کندھے کی لمبائی = ۱۹ ر انچ
آستین کی لمبائی = ۲۲ " "
کف = ۱۴ " "

آج کل ساڑھی پر پہننے کے لیے شارٹ کوٹ کا فیشن بڑا مقبول ہو رہا ہے۔
اگر آپ گرم کپڑے کا شارٹ کوٹ نہیں سلوا سکتیں تو کسی بھی موٹے کپڑے، مثلاً کرٹن کلاتھ کا کوٹ آپ بہت عمدہ بنوا سکتی ہیں۔ اس طرح آپ ہر ساڑی کے ساتھ مختلف رنگوں کا کوٹ خود ہی سی سکتی ہیں جو سستا ہونے کے ساتھ ساتھ مفید اور دیرپا بھی رہے گا۔
پیمائش کے مطابق آپ یہ کوٹ کاٹ کر ہی لیں۔ اس کوٹ کو نیچے استر لگانے کی ضرورت نہیں۔



اس گراف میں شارٹ کوٹ کے کالر اور گردن کی پیمائش دی گئی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خاکہ نمبر ۲

ساڑھی پہ پہنی جانے والی جیکٹ کے اس گراف میں سامنے کی، سینے کی، کندھے کی، کولہے اور کف کی پیمائش دی گئی ہے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

گراف نمبر ۱



اس گراف میں ساڑھی پر پہننے کی جیکٹ کے کندھے، سامنے، سینے، کولہے اور نچلے حصے کی پیمائش دی گئی ہے۔

آپ بھی جیکٹ کو مندرجہ بالا گراف کے مطابق تراشیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑی پر شارٹ کوٹ

سکیل ۱ نمونے کا انچ = ۱ فیتے کا

پیمائش

متوسط خاتون

کوٹ کی لمبائی	=	۲۸ ۱/۲ انچ
سینے کی پیمائش	=	۳۶ "
کولھے کی پیمائش	=	۳۷ "
کندھے کی پیمائش	=	۳ ۱/۲ "
سامنے کی پٹی کی لمبائی	=	۱۳ ۱/۲ "
کندھے کی لمبائی	=	۱۶ "
آستین کی لمبائی	=	۲۲ "
کف	=	۱۴ "

پیمائش

فربہ خاتون

کوٹ کی لمبائی	=	۳۰ "
سینے کی پیمائش	=	۳۸ "
کولھے کی پیمائش	=	۴۰ "
کندھے کی پیمائش	=	۱۴ "
سامنے کی پٹی کی لمبائی	=	۱۴ "

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پین کوٹ، برساتی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس گراف میں شارٹ کوٹ کے کندھے کی پیمائش دی گئی ہے ۔ ساڑی پر شارٹ کوٹ آپ کے حسن کو دوبالا کر دے گا ۔

پاؤں میں لفٹی یا اونچی ایڑی کی گرگابی پہنیں۔ اور درج ذیل ہیئر اسٹائل پر اپنائیں ،اور اگر آپ اس لباس پر پیس یا دگ استعمال کریں تو بڑی ہی دلکش دکھائی دیں گی۔

مختلف قسم کے ہیز پیس اور دگیں مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس گراف میں شارٹ کوٹ کی گردن، کندھے، سینے اور اگلے حصے کی پیمائش ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیمائش

آپ اپنے قد کے مطابق جتنی بھی لمبائی رکھنا چاہیں رکھ لیں۔ لیکن اوپر کا حصہ سبھی کا تقریباً برابر ہوگا۔ لہٰذا اوپر کی جیکٹ کی پیمائش دی جا رہی ہے۔ اس کوٹ کی آستین کوٹ کے ساتھ ہی بنے گی۔

آپ دی گئی پیمائش کے مطابق کاٹ لیجئے، لیکن ڈائٹ لکیروں کے نیچے نچلے گھیرے کو بنانے کا طریقہ بھی دیا گیا ہے۔ آپ اسی طریقے سے نچلے گھیرے کو موڑ کر کاٹیں۔

آپ ہڈ بھی اسی مناسبت سے تیار کر سکتی ہیں۔

سکیل ۔ نمونے کا ½" = فیتے کا ۱"

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

امبریلا کٹ

یہ فراک آپ کو بہت اچھی لگے گی۔ آپ کے سامنے اس کا ایک خاکہ موجود ہے۔ اسے بڑے غور سے دیکھیں۔ آپ کپڑے کو آڑا کریں۔ کونے سے لیجئے اور پھر بڑی احتیاط سے کاٹ لیں۔ جتنی بڑی رکھنی ہو ناپ کر اوپر کا حصہ تراش لیں اور پھر اوپر کا حصہ سی کر اس کے ساتھ جوڑ دیں۔ امبریلا کٹ فراک بن جائے گی۔

شروع شروع میں سوتی کپڑے کی یہ فراک سینے کی ابھی طرف مشق کریں کیوں کہ یہ آڑی فراک ہوتی ہے۔ اس لیے سوتی کپڑے کی فال درست رہتی ہے۔ بعد میں ریشمی کپڑے کی فراک بنائیں۔

اس کی کاٹ بڑی آسان ہے اور سلائی بھی جلد ہوتی ہے۔ نیچے سے بہت احتیاط سے موڑیے تاکہ میں بھول نہ آنے پائے ورنہ برا معلوم ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

امبریلا کٹ کا خاکہ



www.iqbalkalmati.blogspot.com

دھنک

(رنگین ٹکڑوں کا سکرٹ)

آپ کے پاس مختلف رنگ کے کپڑوں کی لمبی اور چوڑی پٹیاں ہوں تو آپ ان پٹیوں کی مدد سے ایک خوب صورت ڈیزائن کا سکرٹ تیار کر سکتی ہیں۔ یہ بنانا بھی بہت آسان ہے۔

ایک آخری لانبوں والی پٹی سب سے نیچے لگائیں۔ اس کے اوپر ایک بڑے نقطے والی پٹی لگائیں اس کے اوپر پھولدار پٹی لگے گی۔ سب سے اوپر بینی کی طرح کوئی بھی کپڑا لگا کر اس میں الاسٹک رکھ کر سی دیں۔

نیچے ہوئے مختلف رنگ کے کپڑوں کے ٹکڑوں کا یہ ایک خوبصورت ڈیزائن ہے۔

کسی بھی رنگ کا معمولی سا کپڑا نیچے لگے کپڑے پر آپ تجارتی طرح بھی پٹیاں لگا سکتی ہیں۔ ان مختلف پٹیوں کو جوڑنے کے بعد آپ اسے سکرٹ کی طرح بھی کاٹ سکتی ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لانگ سکرٹ

باہر کے ممالک کی تقلید میں ہمارے ملک میں بھی لانگ سکرٹ کا رواج ہو رہا ہے سردی کے موسم میں فلینل، اون، بروکیڈ یا ایسے ہی کسی موٹے کپڑے کا سکرٹ بنائیے۔ تیز اور شوخ رنگ کا سکرٹ ہو تو مختلف رنگوں کے بلاؤز پر چل جاتا ہے۔ آپ کی سہولت کے لیے یہاں لانگ سکرٹ کا ایک خاکہ دیا گیا ہے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

بیل باٹم

ناپ

۱۔ کمر کا ناپ

۲۔ کولہوں کا ناپ

۳۔ گھٹنوں اور پائنچے کی چوڑائی

پینٹ، بیل باٹم اور فلیپر ایک ہی طرح سے کاٹے جاتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ بیل باٹم گھٹنے کے نیچے سے اور فلیپر گھٹنے پر سے چوڑا ہوتا ہے۔

فلیپر کا پائنچہ اتنا ہی چوڑا رکھا جاتا ہے جتنا کہ کولہوں پر سے۔ کمر پر سے پلیٹ ڈالنے کے بعد اتنا ہی چوڑا رہنا چاہیئے جتنی کہ کمر ہو۔

اگر پینٹ نیچے سے موڑنی ہو تو ہلکے کپڑوں میں ½ ۲ مطلوبہ لمبائی سے زیادہ رکھیئے اور بھاری کپڑوں میں ۲" سے زیادہ۔

اوپر سے گولائی والے حصے میں زپ لگانی ہو تو الگ پٹی پر زپ رسی کر ٹانکا دیجیئے ورنہ کاج بٹن بنایئے۔

ولیسٹ بینڈ یا پیٹی کمر پہ لگایئے۔ اس کی لمبائی کمر کے برابر ہونی چاہیئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایپرن

اپنے لباس کو صاف رکھنے اور چکنائی وغیرہ کے دھبوں سے بچانے کے لیے آپ کھانا پکاتے وقت پہننے کے لیے یہ ایپرن تیار کر سکتی ہیں۔

اے = ۱۸" لمبا ۱۳" چوڑا

بی = ۱۸" لمبا ۶" چوڑا

سی = ۳۰" لمبا ۲۸" چوڑا

ڈی = ۸" لمبا ۸" انچ چوڑا

نیچے دی گئی ڈرافٹنگ کے مطابق آپ تمام حصے کاٹ لیں۔ ایپرن کے تینوں حصوں پر موڑ کر ترپائی کریں، البتہ سامنے کا اوپر کا حصہ کھلا رکھیں۔

اب بی کو دو حصوں میں کر لیں اور کھلے ہوئے حصے میں اتنی چنٹ ڈالیں کہ وہ بی کے برابر ہو جائے۔ اب اسے بی کے ساتھ ہی لیں۔

ڈی کے حساب سے دو جیب کاٹیں اور انھیں دیئے گئے فاصلے پر لگا دیں۔ اوپر کا حصہ کھلا رکھیں، باقی تینوں طرف سلائی کریں۔ اب اے کے دو حصے کاٹیں، اور بی کے دونوں طرف جوڑ دیں۔ آپ کا ایپرن تیار ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہپ کی چوڑائی اگلی چوڑائی سے = ½ زیادہ
بیلٹ کے خاکے کی چوڑائی = ۴"
بیلٹ کی لمبائی = ۱۴½"
بیلٹ کی اصل چوڑائی = ۲"
بیلٹ کی شیپ = ۳/۴

ساڑھی کے نیچے پہننے کے لیے پیٹی کوٹ کی پیمائش دی گئی ہے۔ آپ پیٹی کوٹ تیار کرنے کے بعد اس کے نیچے خوب صورت سی لیس بھی لگا سکتی ہیں۔



پیٹی کوٹ کا ڈرافٹ



www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑیاں

آج کل بلاؤز اور ساڑھی پہننے کا رواج بڑھ رہا ہے۔ خواتین نت نئے ڈیزائن کی ساڑیاں پہن رہی ہیں۔ یہاں مختلف ساڑیوں کے کچھ ڈیزائن پیش کیے جا رہے ہیں، اور کچھ ساڑیوں پر آرائش کرنے کے طریقے بھی بتائے گئے ہیں۔ سادہ ساڑی کو رنگ دے کر اور اس پر آرائشی کام کر کے آپ اُسے دلکش ڈیزائن میں ڈھال سکتی ہیں۔

پرانی ساڑیوں کو نئی بنانے یا رنگین ساڑیوں کو خوب صورت بنانے کے لیے آپ اپنی ساڑی پر باٹیک کا کام کر سکتی ہیں۔ باٹیک کے کام کے لیے ذرا سی محنت درکار ہوتی ہے۔

جس حصے پر آپ نے کام کرنا ہو اُس حصے پر پہلے آپ اپنی مرضی کے مطابق ڈیزائن بنا لیں۔ پھر ایک بڑا سا ڈبہ لیں اور اس کے پیندے میں سوراخ کر دیں۔ اور اُس کو کارک سے بند کر دیں۔ اب آپ موم پگھلا کر اُس ڈبے میں ڈالیں، مگر اس کا ہینڈل لکڑی کا بنوائیں ورنہ گرم موم کے ڈبے کو آپ پکڑ نہیں سکیں گی اور اس میں سے موم گر جائے گا۔

اب اس ڈبے میں سے کارک نکال کر دیے گئے نمونے میں گرم گرم گراتی جائیں، اور پھر اس کپڑے کو کسی اور رنگ میں ڈبو کر سوکھنے کے لیے رکھیں۔ خشک ہونے پر گرم گرم استری کریں۔ موم اتر جائے گا اور آپ کا نمونہ تیار ہو گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑی کا نچلا حصّہ بالکل سادہ ہے۔ جبکہ اوپر والے حصے پر باٹیک کا کام کیا ہوا ہے۔
نچلے گھیرے پر بھی ۳ انچ چوڑا باٹیک کا کام ہے، اور اوپر کے اڑھائی گز حصّے پر
بھی باٹیک کا کام کیا گیا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑی کا نچلا حصّہ بالکل سادہ ہے۔ جبکہ اوپر والے حصے پر باٹیک کا کام کیا ہوا ہے۔
نچلے گھیرے پر بھی ۳ انچ چوڑا باٹیک کا کام ہے، اور اوپر کے اڑھائی گز حصّے پر
بھی باٹیک کا کام کیا گیا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پٹی والی ساڑھی

آج کل ساڑھی پر پٹی لگانے کا رواج پھر سے بہت مقبول ہو رہا ہے۔ سفید رنگ کی اس ساڑھی پر سیاہ و سرخ نمونے کی پٹی لگائی گئی ہے۔
پلو پر ۶ گرہ چوڑی پٹی لگائی گئی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زپ والی ساڑی

اکثر خواتین ایسی ہیں جو ساڑی باندھنا نہیں جانتیں۔ ان کی آسانی کے لیے یہ طریقہ دیا جا رہا ہے۔

عموماً ساڑی کی لمبائی ۴۴ انچ کے برابر ہوتی ہے۔ اس میں کچھ احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ خواتین بعض اوقات ۴۴ انچ سے زیادہ یا ۴۴ انچ سے کم چوڑی ساڑی (اپنے قد کے) برابر خریدنا چاہتی ہیں۔ اس کے لیے آپ ساڑھی کو اوپر سے زیادہ اندر ڈال لیں۔

پیٹی کوٹ کی مانند ساڑی کے پچھلے حصے میں زپ لگی ہوتی ہے۔ زپ لگنے کے بعد ساڑی کو ایک مرتبہ پھر بل دیں۔ تاکہ زپ چھپ جائے۔ اب سامنے کے حصے میں پلیٹ دیئے ہوئے ہیں آپ یہ حصہ پیٹی کوٹ کے اندر اڑس لیں۔ اب پیچھے سے لاکر کمر کی جانب ساڑھی کو اڑس لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساڑیوں کے چند خوشنما نمونے

گرمیوں میں لون کی ساڑھی پر آپ یہ ننھے منے پھول کاڑھیں۔ جو ہلکے اور سادہ ہونے کے ساتھ ہی خوش گوار اثر رکھتے ہیں۔

ایسی ساڑھی میں اس کی رنگت سے ملتا جلتا بلاؤز پہنیں۔ کانوں میں آویزے ٹاپز ناک میں نتھنی۔

میک اپ

ایسی ساڑھی میں ہونٹوں پر میڈورا کے یہ دو شیڈ بہت بہتر رہیں گے۔

ٹانی فراسٹ

کافی فریز

ان کے علاوہ مارگریٹ آسٹر کے یہ شیڈ بھی بہت بہتر ہوتے ہیں۔ ایسی ساڑھی پر خوب پھبتے ہیں۔

سافٹ کل ۳۱

کار ۵۹

ڈورینڈو ۳

سافٹ سوسن

فاؤنڈیشن کے ساتھ چہرے پر میکس فیکٹر کا ہلکا میک اپ کریں۔ آنکھیں آئی برو اور مسکارا سے سنگاریں۔

ناخنوں پر کیوٹیکس امبر ریڈ اور ٹیولیپ ریڈ بہترین رہیں گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیئر اسٹائل

دیا گیا ہیئر اسٹائل اپنائیں۔ یہ سب کچھ اس ساڑی کو پہننے کے لوازمات میں سے ہے۔

اس ساڑی میں گلے میں نیکلس بہت اچھا لگتا ہے۔

سفید موتیوں کا ہار خصوصاً۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میک اپ

ایسی ساڑی میں ہونٹوں پر مارگریٹ آسٹر کی لپ اسٹک کے درج ذیل شیڈ اچھے لگتے ہیں۔

(۱) بالی پرل

(۲) نٹ شیل

(۳) سافٹ سینڈی

(۴) روزی پوٹی

چہرے پر بلش آن لگائیں۔ آئی شیڈ آنکھوں کے پپوٹوں پر لگائیں۔ درج ذیل فاؤنڈیشن میں سے کوئی ایک استعمال کریں۔

(۱) پیچ بلش

(۲) کریم روج

(۳) فریگا گل

ہیئر اسٹائل

ایسی ساڑی میں دیا گیا ہیئر اسٹائل اپنائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میک اپ

الزبتھ آرڈن کی لپ اسٹک کے یہ شیڈ استعمال کریں۔

(۱) ریفلیکشن نیچرل
(۲) آبرن فراسٹ
(۳) کلیئر کوئین
(۴) کیوبر برونز
(۵) سلور کورل
(۶) ونٹر لٹ کورل
(۷) کورل کوٹا

آئی لائنر کو آنکھ سے باہر تک کھینچیں۔ پلکوں پر مسکارا لگائیں۔

ہیئر اسٹائل

دی گئی ساڑی پر درج ذیل ہیئر اسٹائل اپنائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

روزمرّہ کے عام لباس

قمیض　　فراک

کُرتا　　شلوار

پاجامہ وغیرہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حاملہ عورت کے لیے لباس

پیمائش

لمبائی = ۴۴"
چوڑائی = ۴۰"
آستین کی لمبائی = ۱۰"
چوڑائی = ۱۵"

اس لباس میں سینے کے پاس آپ ہلکی سی کٹائی کریں۔ باقی ایسا ہی رہنے دیں۔
اور سینے کا پلیٹ ڈال کر دونوں طرف سے سی لیں۔

اکثر خواتین کو دیکھا گیا ہے کہ ان دنوں میں وہ اپنی روزمرہ پہننے والی قمیض کے پلیٹ کھول دیتی ہیں۔ یہ طریقہ بالکل غلط ہے۔ آپ الگ ایک قمیض بنائیں جو کمر کو لے اور نیچے سے کھلی ہو۔ سینے کے پاس سے ہلکی سی کٹائی کریں۔ گلا آپ گول بنا کر کالر لگا سکتی ہیں۔
اگر آپ پسند کریں تو یہ قمیض آپ نیچے تک کھول سکتی ہیں۔ کھل قمیض پہننے اور اتارنے میں نسبتاً آسان رہتی ہے۔

ناپ

اچھے لباس کے لیے صحیح ناپ لینے کا طریقہ جاننا ضروری ہے۔ ناپ لینے کے لیے چارٹ درج ذیل ہے۔

۱۰ ملی میٹر = ۱ سنٹی میٹر
۱۰۰ ملی میٹر = ۱ میٹر
۱ میٹر = ۱ گز ڈیڑھ گرہ

۱/۴ انچ	= ۱/۲ ۲ سنٹی میٹر	۱۲ انچ	= ۱/۲ ۳۰ سنٹی میٹر
۳ فٹ ۳ انچ		۱ فٹ	= ۱۲ انچ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ناپ لیتے وقت وزنی اور موٹے کپڑے اتار لیں۔ کیونکہ موٹائی صحیح ناپ پر اثر انداز ہوگی۔
اپنے بالوں کو یا چوٹی کو باندھ لیں۔
تمام پیمائش قدرے ڈھیلی کریں۔ کسا ؤ ہرگز نہ پیدا ہونے دیں۔
آسانی کے لیے گنجائش خانے میں رکھیں۔
چھاتی، کولہوں اور بازوؤں کا ناپ عین ابھرے ہوئے حصے پر فیتہ رکھ کر کریں۔
گردن کے گرد گلے یا کالر کا ناپ لیں۔
کندھے کا ناپ گردن سے کندھے کے اوپر تک۔
بازو کا بالائی ناپ چھوٹی آستین بنانے کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قمیض بورڈ کرتا

قمیض کا بنیادی خاکہ

شروع کرائف



www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com



www.iqbalkalmati.blogspot.com

قمیض کو کاٹنا

پہلے قمیض کا پورا ناپ تیار کر لیں۔ احتیاط کے ساتھ اور اپنے لباس کے مطابق۔ اس میں ایک بات یاد رکھیں کہ جس کاغذ کے سائز پر آپ ناپ اتاریں گی، اسے تھوڑا سا بڑا رکھیں کیونکہ سلائی اور کپڑے کو موڑنے کے لیے بھی گنجائش ہونی چاہیئے۔

مندرجہ ذیل باتیں ضرور مدنظر رکھیں۔

(۱) آپ کون سا کف پسند کرتی ہیں؟ اگر سنگل کف تو پھر آپ کو کف کے صرف ۲ پیس لینے چاہئیں

(۲) اور اگر آپ ڈبل کف پسند کرتی ہیں تو پھر آپ کو ۴ کف پیس کی ضرورت ہوگی۔ اسے آگے سے تہ کر دیا گیا ہے

(۳) اگر آپ نے دھاری دار کپڑا پہننا ہے تو کالر کی ایک طرف کاٹنے کے بعد، دوسری طرف کو متعلق کر کے کاٹیں اور دھاریاں آپس میں ملی ہوئی ہوں۔

(۴) آپ اپنے تیار کیے ہوئے خاکے پر تمام تفصیلات، کالر اور کالر کی پٹیوں پر خاص طور سے توجہ دیں اور کالر کے درمیان مرکز کا نشان ضرور لگائیں۔

(۵) اب آپ اپنی آستین کو آسانی کے ساتھ کف سے لگا سکتی ہیں لیکن اگر آپ کا کپڑا سخت ہے تو پنسلوں کے نشان ضرور لگائیں۔

کالر کیسے بنائیں؟

قمیض کے سامنے والے حصے سے کٹن لگانا شروع کریں۔ پنوں کے ساتھ۔ اور ساتھ ساتھ کچا کرنا بھی شروع کریں۔ کٹن کو گردن اور کونوں کے ساتھ نہ لگائیں۔ اندرونی طرف کٹن کو گردن اور کونوں کے ساتھ نہ لگائیں۔ اندرونی طرف کٹن لگانے کے بعد اسے استری کریں۔ اور تمام نشان جو آپ نے لگائے ہیں۔ ان کے ساتھ آپ اس کو کچا کریں۔ فونچ طرز کا جوڑ لگائیں۔

سائڈ کی طرف اور کندھے کے جوڑ کے درمیان ٹانکوں کو دوسری لائن کے ساتھ ملائیے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے پہلے جوکہ کپے کام کیے ہوئے ٹانکے کی اندر کی سمت سے ہوگی۔ کونے کے سامنے والے حصے کی طرف سے آہستہ سے دبائیں اور پھر دونوں جوڑوں کے درمیان ملاقی ہوئی جو لائن سی بنتی ہے ملا کر ہی دیں۔ مکمل ہوئے فرانسیسی طرز کے جوڑ کو سامنے کی طرف سے استری کر لیں۔

کالر کے خاکے



کالر کو مکمل کرنا

ایک سطح پر گلے اور کالر کا جو پیس آپ نے کاٹا ہوا ہے۔ دونوں کو اکٹھا رکھ دیں سامنے سے دائیں طرف کو پنیں لگانا شروع کر دیں۔ سامنے والے کونوں کی طرف سے نتھی کریں اور اوپر والے سیون کے ساتھ آپ نے جو فالتو کپڑا سلائی کے لیے یا موڑنے کے لیے چھوڑا تھا اُسے وہاں سے مکمل سائز کے مطابق دائیں طرف کے کونے کو موڑ دیں۔ کونوں کے ساتھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساتھ لمبے ٹانکے یعنی کہ جہاں سے آپ نے فالتو کپڑے کو موڑا تھا' سے لگا دیں اور پھر اُسے استری کر لیں۔

اگر آپ کالر کے اوپر ٹانکے لگانا چاہتی ہیں تو ابھی سے لگا لیں۔ کالر کو رول کر لیں۔ اس طریقہ سے آپ اس کو اسی حالت میں مضبوطی کے ساتھ لگا لیں۔ کالر کے نیچے دی گئی سیون کے درمیان والی لائن کے درمیان۔

کالر کو مکمل کرنے کے لیے کالر کی پٹی کے ساتھ ٹانکے لگائیں۔ تمام نشانات لگائے ہوئے کالر کو رکھیں۔ کالر کی پٹی کے اندرونی طرف اور بیرونی نچلے کنارے کو کھلا چھوڑتے ہوئے ٹانکے لگا لیں۔ جوڑوں کے درمیان والے حصے کی کانٹ چھانٹ مکمل کر لیں۔

وہ ٹانکے جو کہ آپ نے کالر کی پٹی کے ساتھ سرے پر تھوڑا سا حصہ چھوڑ کر بنائے تھے ان کو لمبے لمبے ٹانکے لگائیں اور استری کر لیں۔

کالر کی پٹی کے کونے کاج ٹین کے لیے تیار ہو گئے ہیں اور آپ یہ محسوس کریں گی۔ کہ کپڑے کا یہ حصہ بہت موٹا ہو گیا ہے تو کناروں کے درمیان جو ٹانکے لگائے تھے انہیں نکال دیں اس طرح آپ کو ایک جیسی استری کرنے میں مدد ملے گی۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

قمیض کے چاک بنانا

چاک بنانے کے لیے قمیض کا اگلا حصہ اور پشت والا حصہ کاغذ کے ایک بڑے شیٹ پر رکھیں جو کہ کم از کم ۸ سنٹی میٹر آپ کے سائز سے زیادہ ہونا چاہیے۔

کپڑے کے ارد گرد نشان لگالیں۔ اور پھر سائڈ کے جوڑ والے ٹانکے کو بڑھاتے ہوئے ۸ ملی میٹر تک ایک نئی ہم (HEM) لائن کاغذ کے اوپر اتارتے ہوئے خاکے کے دونوں طرف اب خم دیئے ہوئے خطوط جو کہ گاؤدم قسم کے ہوتے ہیں کھینچیں۔

سائڈ کے جوڑ کے درمیان اس بات کا یقین کرنے کے لیے کہ یہ خمیدہ قسم کے خطوط آگے اور پیچھے ایک جیسے پڑیں۔ آپ کاغذ پر پہلے ایک خاکہ تیار کریں اسے قمیض کے اگلے اور پچھلے حصہ پر پھیلا دیں اور نئے خطوط کھینچیں۔

اب پچھلے حصہ کے خمیدہ حصے کے سب سے اوپر والے حصہ پر ۱۳ سنٹی میٹر سائڈ کے جوڑ کا اضافہ کریں۔ اس کی شکل مخروطی بنا کر آگے سے موڑ لیں۔

اس طرح ایک نشان لگالیں جو کہ دونوں چاکوں کے درمیان ایک توازن قائم رکھے یہ نشان جہاں تک آپ کے ناپ کی لمبائی ختم ہوتی ہے وہاں تک ہونا چاہیے۔



آستین کی کٹائی شروع کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com









آستین کے فالتو حصّہ کو نہیں دکھایا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کاٹنا

کاٹنے کے لیے جو ہدایات پچھلے صفحات میں دی گئی ہیں۔ ان کے مطابق عمل کریں۔ صرف ضرورت کے مطابق ان میں جو ضروری ترمیمیں مناسب ہوں کی جائیں جو کہ ہر ایک کی لمبائی وغیرہ کے حساب بنتی ہیں۔ اس فٹنگ وغیرہ کے متعلق بھی پہلے بتایا جا چکا ہے۔

مکمل کرنا

سائڈ کے جوڑ والے حصہ کو ٹانکے لگائیں۔ توازن قائم رکھنے والے خط تک سامنے والے حصہ سے کپڑے کو موڑ کر سامنے والی مخالف سمت میں اب اگلے حصے کے سائڈ والے جوڑ کو قینچی سے کاٹ لیں۔

جوڑ کے آخر تک اگلے حصے والے جوڑ کو کانٹ چھانٹ کر درست کر لیں۔

اگلے حصے کی طرح پچھلے حصے کو درست کر لیں اور اسے کچا کر لیں۔

اب ان کچے حصوں کو مشین سے پکا کر لیں۔

جب آپ اس جگہ پر پہنچیں جہاں سے چاک شروع کیا تھا۔ وہاں پر اس جگہ کو مضبوطی سے سی لیں۔

قمیض کی سلائی کٹائی سیکھنے کے لیے ہم یہاں مزید کچھ خاکے دے رہے ہیں۔ ان کی مدد سے آپ زنانہ قمیض کی کٹائی سیکھ جائیں گی۔

قمیض کے پچھلے حصے میں گلے کی گہرائی کم ہوتی ہے۔ پچھلا مونڈھا کم گہرا کاٹا جاتا ہے۔ آگے سائڈ پلیٹ ڈالی جاتی ہے، تاکہ قمیض کی فٹنگ اچھی آئے۔ نیچے آستین کا خاکہ بھی دیا گیا ہے۔ اس خاکے کی مدد سے آپ آستین کی کٹائی بھی آسانی سے کر لیں گی۔ قمیض کی آستین اگر پوری رکھیں تو اسے تھوڑی سی موڑ کر ترپائی کر لیں۔ پائپنگ لگانی ہو تو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اُسے آگے سے ہرگز نہ کاٹیں۔ مونڈھے جوڑ کر گلے کی پٹی لگائیں اور پلیٹ ڈالیں۔

قمیض کی سلائی کے بعد اس کی ترپائی کریں۔ آستین پر بھی ترپائی کریں۔ اس کے علاوہ قمیض کے گلے کی پٹی بھی ترپائی سے لگے گی۔ ٹانکہ باریک لیں تاکہ جھول نہ آئے۔

کُرتا تو ہر گھر میں بنتا ہے۔ آپ کسی کاغذ پر اس کُرتے کا ڈرافٹ کریں۔ کندھوں کا ناپ لے کر جتنا لمبا کُرتا آپ نے رکھنا ہو اتنا ہی دوہرا کپڑا کاٹ لیں۔ اس کو ہم تنا کہتے ہیں۔ اس میں چار کلیاں لگتی ہیں۔

آپ نے جتنی چوڑی کلی رکھنی ہو دوہرا کپڑا بغل تک ناپ لے کر کُرسے آڑا کر کے نشان لگا لیں۔ دو کلیاں ایک طرف سے اور دو کلیاں دوسری طرف سے کٹ جائیں گی۔

بغل میں لگانے کے لیے ایک چھوٹا چوکور کپڑا لے کر اس کو دوہرا کر لیں۔ کندھے سے کلائی تک ناپ لے کر آستین کاٹ لیں۔ اس کے گلے کی پٹی بڑی احتیاط سے لگانی پڑتی ہے۔

یہاں ڈیزائن والے کُرتے کا ایک خاکہ دیا گیا ہے کیونکہ آجکل کُرتے اور قمیض کو ملا کر بند چاک کا ڈیزائن بہت چل رہا ہے۔ اس کُرتے کا گلا چوکور ہوتا ہے اور اس میں چار پلیٹیں پڑتی ہیں۔ اس کی آستین آدھی ہوتی ہے اور چاک بند ہوتے ہیں۔ اس میں کلیاں چوڑی لگانی پڑتی ہیں تاکہ کُرتے کی صحیح شیپ آجائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیسی کُرتا



پیمائش

چھاتی	=	۱۸ انچ
لمبائی	=	۱۸ "
کُرتے کی چوڑائی	=	۸ "
کلی سے اوپر کی چوڑائی	=	۲ انچ
کلی کی نیچے سے چوڑائی	=	۴½ "
بغل کی چوڑائی (مربع)	=	۱½ "
گلے کی گہرائی	=	۱⅛ "
گلے کی چوڑائی	=	۳½ "

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پٹی کی لمبائی	=	۵½ انچ
پٹی کی چوڑائی	=	۱ "
آستین کی لمبائی	=	۱۰½ "
آستین کی چوڑائی	=	۴ "
موری کی ٹیپ	=	½ "

سب سے پہلے آپ کلیاں جوڑیں۔ بغل تیار کریں اور آستین ہی لیں۔ جب یہ سب تیار ہو جائے تو پھر آپ اگلے پچھلے حصے ملا کر گلا تراشیں۔

گلے پر پٹی لگائیں اور کاج ٹانکہ کر لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قمیض نمبر ۱

پیمائش

اگلا حصہ، لمبائی	=	۲۶½ انچ
چوڑائی	=	۲ "
پچھلا حصہ، لمبائی	=	۲۵½ "
چوڑائی	=	۱۸ "
آستین، لمبائی	=	۷ "
چوڑائی	=	۱۵ "
سامنے کی پٹی، لمبائی	=	۱۰ "
چوڑائی	=	۱¼ "
کالر، لمبائی	=	۱۴ "
چوڑائی	=	۳ "

آپ ایک چیز کا خیال رکھیں کہ اگلا حصہ پچھلے حصے کی نسبت زیادہ چوڑا اور زیادہ لمبا ہوگا۔
سب سے پہلے آپ سامنے کے سائڈ پلیٹ ڈالیں۔ پہلے آپ نشانات لگائیں اور پھر سئیں۔
اس کے بعد گلے کی پٹی بنائیں۔ یہ کٹاؤ دار پٹی بنے گی۔ اب کالر تیار کر کے لگائیں۔ کالر
بھی پٹی کی طرح کٹاؤ دار ہی بنے گا۔
آستین نصف ہے۔ مگر آگے لیس لگی ہوئی ہے۔ مشین نوز کے آستین پر پھنٹیں ڈالیں اور فرل

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بنائیں۔ اس کے بعد دونوں طرف سلائی کریں۔

قمیض کی آستین بنانے کا طریقہ:

دی گئی پیمائش کے برابر آپ اگلا اور پچھلا حصہ بالترتیب وضع کریں۔

اگلا حصہ تھوڑا سا بڑا بنائے گا کیونکہ اس میں سینے کا پلیٹ ڈالا جائے گا۔ ایک پلیٹ کندھے کے درمیان میں سے آکر تین انچ کے فاصلے پر ختم ہوگا۔ اس پلیٹ کا اختتام بھی پہلے پلیٹ کے اختتام کے قریب ہوگا۔

اب آپ کمر کے پلیٹ میں بجائے اس کے کہ آپ دو دو پلیٹ لیں، ایک ہی پلیٹ لیں اور چوڑا۔ یہ زیادہ اچھا رہے گا۔ دو پلیٹ سامنے کی طرف ڈالیں اور دو پیچھے کی طرف۔ اس کے بعد سائڈ پر سے سی لیں۔

اب دی گئی پیمائش کے مطابق آستین تراشیں۔ اندر کی طرف سے کندھے کی گہرائی کچھ زیادہ ہوگی۔

آستین کے سامنے آپ کف لگائیں اور کندھوں سے جوڑ دیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سیک قمیض

بغیر آستین گرمیوں کی قمیض

پیمائش :

قمیض کی لمبائی	=	۵۴ ۔ انچ
کمر کی چوڑائی	=	۲۶ ۔ انچ
سینے کی چوڑائی	=	۳۶ ۔ "
کولہے کی چوڑائی	=	۳۸ ۔ "
کندھے کی چوڑائی	=	۱۳½ "
سامنے کی کھلی پٹی	=	۱۳½ "
کالر کی لمبائی	=	۱۳½ "
وی نیک	=	۸ "

گرمیوں میں آج کل سیک قمیض کا بڑا رواج ہو رہا ہے۔ سیک قمیض گرمیوں میں اچھی رہتی ہے۔ کالر والی سیک قمیض آپ بھی تیار کر سکتی ہیں۔

اگلے حصے دو نہیں تے۔ یعنی یہ سامنے کھلی ہوگی اور پچھلا حصہ ایک ہی ہوگا۔ پہلے پیمائش کے مطابق دونوں حصے الگ الگ کاٹ لیں۔ پھر اگلے حصوں میں آپ سینے کا پلیٹ ڈالیں یہ بغل کے ایک انچ نیچے سے شروع ہوگا۔ اور ۴ انچ لمبا ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com





اب اگلا اور پچھلا حصہ ملا کر کندھے جوڑیں۔ اس کے بعد کالر کاٹیں۔ کالر کی پیمائش دی گئی ہے۔ کالر جوڑیں۔ سامنے دونوں طرف پٹی لگے گی۔ دائیں جانب کاج اور بائیں جانب بٹن لگیں گے۔

اب کندھوں کو ½ انچ موڑ کر ترپائی کریں۔ اسی طرح نیچے سے نصف انچ موڑ کر ترپائی کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چیک کی قمیض

گلابی اور ہلکے سبز رنگ کے چیک کی اس قمیض کو انوکھے انداز سے کاٹا ہوا ہے۔ اوپر کے دو حصے آڑے کاٹ کر جوڑ دیئے گئے ہیں اور اس چیک کے ہر خانے کے اندر سنہری رنگ کے دھاگے سے ننھے ننھے پھول بنائے ہوئے ہیں۔ سے چیک قمیض آپ بھی اپنے لیے بنائیے، بڑی دیدہ زیب ہوگی۔

اسے PIA کی ایئر ہوسٹس کے نمونے کے پاجامے کے ساتھ یا چست پاجامے کے ساتھ پہنیئے۔ بہت خوب صورت معلوم دے گی۔

اس کے ساتھ گلابی رنگ کے دوپٹے پر گوٹہ لگالیں۔ دلکشی اور بڑھ جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قمیضوں کے گلے

آجکل قمیضوں کے گلے بنانے کو بڑی اہمیت دی جارہی ہے۔ لہٰذا اس روش کے پیش نظر قمیضوں کے گلوں کے چند نمونے دیئے جارہے ہیں۔

قمیض نمبر ۱

اس نمونے میں بلاؤز نیچے پہنا ہوا ہے اور اس پر نیان کی کاٹ کی قمیض پہنی ہوئی ہے جس کا گلا وی (V) ہے اور وی بڑی گہرائی تک کاٹا گیا ہے تاکہ نیچے پہنا ہوا بلاؤز اچھی طرح سے نمایاں ہوجائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمونہ نمبر ۲

اس سیدھی سی قمیض میں آستین نہیں ہے۔ وی گلا بنایا ہوا ہے اور کنارے سے ایک انچ کا فاصلہ چھوڑ کر لیس یا کوئی سوتی ڈوریوں کی صورت میں لگائی گئی ہے۔

نمونہ نمبر ۳

لمبی آستین کی اس قمیض کو بھی بائیں کندھے کے ذرا نیچے تھوڑا سا کھولا ہوا ہے اور گلے پر اریب کالر لگایا گیا ہے۔

کندھے سے ذرا نیچے جہاں گلا نکلا ہوا ہے۔ وہاں بو بنا کر لگائی گئی ہے جو دیکھنے میں بہت خوشنما لگتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمونہ نمبر ۴

قمیض کا گول گلا بنے گا۔ پھر آپ گول کالر کاٹیں۔
یہ کالر کاٹنا کچھ مشکل ہوگا۔ اس لیے آپ اریب ۳ انچ چوڑی پٹی کاٹیں اور پھر اس اریب پٹی کا کالر بنائیں۔ ورنہ کالر ٹھیک نہیں بنے گا۔

نمونہ نمبر ۵

اس قمیض کا آپ وی (V) گلا بنائیں۔ کالر گلے کی نسبت بڑا بنائیں۔
قمیض کے گلے کو درمیان کے بجائے سائڈ پر سے کھولیں اور نیچے پیٹ تک کھول لیں۔
اب کالر دوہرا کر کے لگائیں۔ بازار میں غلیٹ کے بنے ہوئے پھول بکتے ہیں۔ آپ ایک گلاب کا پھول لے کر کالر پر لگائیں۔ بہت دلکش معلوم ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمونہ نمبر ۴

اس قمیض میں گلے پر چنٹ ڈال کر ربن ڈالا گیا ہے۔ گڈی کاٹ کی قمیض کاٹی ہوئی ہے اور آستین ساتھ ہی ہے۔

نمونہ نمبر ۵

ساٹن کی قمیض پر گلا اور آستین سیاہ رنگ کی جالی سے بنائی ہوئی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمونہ نمبر ۸

نیچے بلاؤز اور اوپر بغیر آستین اور گہرے گلے والی قمیض ہے جس پر کالر بلاؤز کے ہم رنگ کپڑے کا لگا ہوا ہے۔

نمونہ نمبر ۹

یہ کشتی نما گلے کی قمیض ہے۔ بغیر آستین کے ہے۔ اس کے نیچے بلاؤز نہیں ہے۔ بائیں طرف بڑے سے تین بٹن ہیں۔ کوٹ نما قمیض ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمونہ نمبر ۱۰

یہ آگے سے کھلی بیلٹ والی قمیض ہے ۔ اس قمیض میں پیٹ نہیں ڈالے گئے بلکہ کمر کے گرد پیٹی باندھی ہوئی ہے ۔

گڈی کاٹ قمیض

گڈی کاٹ قمیض بڑی آسان ہے ۔ آپ اپنا ناپ لے کر اس کی چوڑائی کا اندازہ کر لیں اور خاکے کے مطابق اپنے لیے گڈی کاٹ قمیض کاٹ لیں ۔

اس کی سلائی بھی بہت آسان ہے ۔ اس میں آستین نہیں لگانا پڑتی ، بلکہ ساتھ ہی سلائی ہو جاتی ہے ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گڈی کاٹ قمیض میں کپڑا بہت تھوڑا لگتا ہے۔ گھر میں وائل یا ریشمی کپڑے کے ٹکڑے بچے ہوئے ہوں تو آپ ان ٹکڑوں سے اپنی چھوٹی بہن کی قمیض کاٹ کر سی سکتی ہیں۔

بڑی قمیض بھی آپ گرمیوں کے موسم میں کاٹ کر پہن سکتی ہیں۔

وائل اور لون کی قمیض گڈی کاٹ میں بہت ہی خوب صورت لگتی ہے۔

فراک

فراک نمبر ۱



www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیمائش :

[یہ فراک سولہ سترہ سال کی نوجوان لڑکی کے ناپ کا ہے]

پچھلا نصف حصہ ، لمبائی	=	۳۶ ر انچ
چوڑائی	=	۱۱ "
اگلا نصف حصہ ، لمبائی	=	۲۱ "
چوڑائی	=	۱۲ ر انچ
اوپر کا حصہ ، لمبائی	=	۱۳ "
نصف چوڑائی	=	۸ "

بو اور پٹی اس کے علاوہ کٹیں گی۔

اس فراک کی کٹائی خاصی مشکل ہے۔ آپ اگلے دو حصے تراشیں ، اور دونوں حصوں کو ملا کر پہلے آپ نشانات لگا کر کندھے کی کٹائی کریں۔ سامنے کا حصہ دوسرا جڑے گا۔ آپ نشان لگا لگا کر کاٹ لیں۔

آپ کی سہولت کے لیے ڈرافٹنگ میں ہر چیز نمایاں طور پر دی گئی ہے۔ اور گراف بھی دیا گیا ہے۔ اس کے مطابق اور اسی حساب سے کاٹیں۔ ایک حصہ کاٹ کر دوسرا حصہ بھی اسی پر رکھ کر برابر برابر کاٹ لیں۔

فراک کا گراف



www.iqbalkalmati.blogspot.com

دی گئی پیمائش کے مطابق دوگنا عرض کا ٹکڑا لے لیں، اور انچوں سے ناپ کر پہلے تو آپ سائڈ پلیٹ لیں۔ پھر ایک سے ۲ تک انچ کے حساب سے کاٹیں۔ اس طرح دو سے تین تک لکیر لگائیں۔ اور پھر تین سے چار تک نشانات لگائیں۔ پھر ۷، اور ۸ بھی اسی طرح نشانات لگا لگا کر کاٹیں۔

کندھا تراشیں۔ نصف کندھا اگلے حصے سے کٹے گا اور نصف اس کے بعد آپ اگلا حصہ مکمل کریں۔ درمیانی باڈی دونوں طرف کے نصف ٹکڑوں سے بنی لیں۔ اب درمیان میں دراز بھی بنی لیں اور درمیانی حصے کے جوڑ پر آپ پٹی لگائیں۔ اسی پٹی کی پیمائش بھی آپ کو دی جا رہی ہے۔

جوڑنے اور پٹی لگانے سے پیشتر آپ دراز میں ایک ہلکا سا پلیٹ نیچے کی طرف ضرور لیں۔

اب اس T الٹی شکل کی پٹی کے دونوں طرف بوبنا کر لگائیں۔ تین انچ لمبی اور ڈیڑھ انچ چوڑی پٹی کی آپ ایک بو بنائیں۔ اس کے کنارے ہلکے ہلکے سے کاٹ لیں۔ جہاں جہاں لائینیں دی گئی ہیں وہاں وہاں سے کاٹیں۔ اب اسے پچھلے حصے کے ساتھ جوڑ دیں۔

پچھلا حصہ بالکل سادہ بنے گا۔ صرف کمر کی جانب کٹائی ہوگی۔ وہ آپ خاکے کو دیکھ کر کاٹ سکتی ہیں۔

گلے پر اندر کی جانب آدھی پٹی لگے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک نمبر ۲

پیمائش

پیمائش آپ اپنے جسم کے مطابق لیں۔ ویسے فرضی پیمائش درج ذیل ہے۔

اگلی دراز، لمبائی = ۲۴ ر ۱ انچ چوڑائی = ۱۲ ر ۱ انچ

چوڑائی = ۳۶ " بادی

سکالر، لمبائی = ۷ " نصف پچھلا حصہ

چوڑائی = ۲ ر ۵ " لمبائی = ۳۲ ر ۱ انچ

بادی نصف اگلا حصہ لمبائی = ۱۵ " چوڑائی = ۱۶ "

دی گئی پیمائش کے مطابق تراش لیں۔

بادی اور دراز سینے کے بعد آپ آگے سے فراک کھول کر بٹن لگائیں اور پھر سرخ ربن

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کی پٹی باڈی اور دراز کے جوڑ پر لگالیں۔

یہ بو سامنے کی طرف لاکر باندھ دیں۔ باڈی کے پچھلے حصے میں کوئی پلیٹ نہیں ڈلے گا مگر اگلے حصے میں سامنے کی طرف دو پلیٹ ڈالے جائیں گے۔

اس فراک کا گراف درج ذیل ہے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک نمبر ۳

پیمائش :

نصف پچھلا حصّہ

لمبائی = ۲۶ ر انچ

چوڑائی = ۲۴ "

اگلے حصّے میں دراز کا ایک لمبا ٹکڑا اوپر سیا ہوا ہے ۔ اس کے دونوں طرف چھوٹے چھوٹے دو باڈی کے ٹکڑے کاٹ کر لگائے ہوئے ہیں ۔

باڈی کا ایک حصّہ

لمبائی = ۵" ر ۲۲

چوڑائی = ۱۰" ۔ ۶

دراز کا اکلا حصّہ

لمبائی = ۸ ر انچ ، ۲۴

چوڑائی = ۳۴ ر انچ

آپ درمیانی ٹکڑا صرف ۴ ر ۲۴ ر انچ بنائیں ۔ درمیانی ٹکڑے کی چوڑائی صرف ۱۲ انچ کے برابر ہوگی ۔ اب ستائیس انچ میں سے آپ ۱۲ ر انچ سادہ ٹکڑا نکال لیں ۔ باقی کا جو ۱۵ ر انچ بچے گا ۔ اس میں سے ۷ ، ۷ ر انچ دونوں طرف کریں ۔ ہر حصّے میں اتنی گینٹ ڈالیں کہ ۵ ر ۳ ر انچ کے برابر ہو جائے ۔ درمیانی حصّے میں آپ برابر فاصلے کف پر ۴ فرل لگائیں ۔ فرل کا سائز دیا لیا ہے ۔ کف پر بھی فرل لگائیں ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک کا گراف



www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک نمبر ۴

پیمائش :

[اپنے ناپ کے مطابق بنائیں]

(پچھلا حصہ)

لمبائی

چوڑائی

(نصف اگلا حصہ)

لمبائی

چوڑائی

(درمیانی ٹکڑا)

لمبائی

چوڑائی

نچلا حصہ

اوپر کا حصہ

سفید کاٹن پر سُرخ پرنٹ میں اس نمونے کا فراک بہت اچھا رہے ۔ آپ اپنی پیمائش کے مطابق فراک کاٹ لیں ۔ بغیر آستین کے اس فراک پر کندھوں کی طرف سے آپ کٹاؤ کاٹ لیں ۔ اور اس کٹاؤ پر سُرخ رنگ کی پائپنگ لگائیں ۔ درمیان میں جو حصہ لگائیں ، اس کے بھی آپ کٹاؤ کاٹ لیں ۔ اور اس کٹاؤ میں دونوں طرف سُرخ رنگ کی پائپنگ لگائیں ۔

پہلے آپ چولی سی لیں ۔ اس کے بعد آپ گھگھری میں چُنّٹیں ڈال کر چولی کے برابر کر لیں ۔

درمیان میں یہ ٹکڑا آئے گا ۔ اب کمر میں پٹی لگائیں ۔ پٹی سامنے کے ٹکڑے کے عین درمیان میں سے شروع ہو گی ۔

اور مِس کی مدد سے اس کے ساتھ لگائی جائے گی ، جیسا کہ تصویر میں دیا گیا ہے ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک کا گراف



www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک نمبر ۵

پیمائش :

نصف سفید دایاں حصہ =
لمبائی
چوڑائی
نصف سرخ دایاں حصہ =
لمبائی
چوڑائی
گھیرے کی پیمائش :
پچھلا حصہ =
لمبائی
چوڑائی
گھیرے کا اگلا حصہ =
لمبائی
چوڑائی
سفید حصہ گھیرے کا =
لمبائی
چوڑائی

دو رنگ کا یہ فراک بہت دیدہ زیب دکھائی دے گا۔ سرخ اور سفید یا اپنے پسندیدہ دو رنگ لگائیں، اور اپنی پیمائش کے مطابق پنسل اور فیتے کی مدد سے نشان لگائیں۔

اسی مناسبت سے کاٹ لیں۔ درمیانی حصہ (صرف اگلے حصے میں) سفید رنگ کی کاٹن میں بنائیں۔ سفید حصے کی گھگری میں پلیٹ نہیں پڑیں گے۔ سرخ حصے میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آپ چوڑے چوڑے پلیٹ دونوں طرف ڈالیں۔ اسی طرح پچھلے حصے میں چار بڑے پلیٹ ڈالیں۔

فراک کا گراف



www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک نمبر ۶

اس فراک کو بنانے کے لیے اپنے پیمائش کیجئے۔

پیمائش

کندھے

سینہ

کمر

آستین

یوک

فراک کی اگلی یوک

۱۔ خاکی کاغذ کی بارہ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ یہ مستطیل ABCD ہے۔

۲۔ نقطہ A سے اندر کی جانب ساڑھے چھ انچ کا مربع AEFG بنائیے۔

۳۔ خط AE پر نقطہ A سے ڈھائی انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۴۔ خط AC پر نقطہ A سے ایک انچ سے فاصلے پر نقطہ I لگائیے۔

۵۔ نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ I سے ملا دیں۔

۶۔ خط EF پر نقطہ E سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ J لگائیں۔

۷۔ نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ J سے ملا دیں۔ یہ شانے کی تراش ہے۔

۸۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیں۔ خط GK کا درمیانی فاصلہ نو انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔

۹۔ خط JK کو تین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



۱۰۔ نقطہ J کو سیدھے خط سے نقطہ M سے اور پھر مونڈھے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔

۱۱۔ خط DC پر نقطہ D سے آٹھ انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیں۔ خط CN کمر کی پیمائش ہے۔ چونکہ اس بلوک میں پلیٹیں نہیں ہیں لہٰذا کمر کی پیمائش سینے کی پیمائش سے ایک انچ کم رکھی گئی ہے۔

۱۲۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔ اگلی بلوک کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

۱۳۔ خاکہ نمبر ۱ کی طرح مستطیل ABCD اور اس میں مربع AEFG بنائیے۔

۱۴۔ اس مربع میں شانے کی تراش کے لیے خط JH اور گلے کی تراش کے لیے خط HM بھی بنالیں۔

۱۵۔ خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھالیں۔ خط KB کا درمیانی فاصلہ نو انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔

۱۶۔ خط GK کو عین درمیان میں نقطہ L پر تقسیم کیجیے اور یہاں سے مونڈھے کی گہرائی دیتے ہوئے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نقطہ K سے ملا دیں۔

۱۷۔ خط CD پر نقطہ C سے آٹھ انچ کے فاصلے پر نقطہ M لگائیے۔

۱۸۔ نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملا دیں۔ پچھلی بوک کا ڈرافٹ بھی مکمل ہو گیا۔



آستین

خانہ نمبر ۳

۱۹۔ خاکی کاغذ کی ۱۹ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ اور اس پر ۱۹ انچ لمبا اور ساڑھے سات انچ چوڑا مستطیل ABCD بنائیے۔ مونڈھے کی تراش اگرچہ ساڑھے چھ انچ ہے لیکن آستینوں کی چوڑائی میں ایک انچ چنٹیں دینے کے لیے بڑھا دیا گیا ہے۔

۲۰۔ خط AB کے متوازی دو انچ کے فاصلے پر خط EF بنائیے۔ مستطیل ABEF کا یہ حصہ آستین کی پٹ بنائے گا۔ اس طرح آستین کی اصل لمبائی ۱۷ انچ رہ جائے گی۔

۲۱۔ خط CD پر نقطہ C سے ڈیڑھ انچ کے فاصلے نقطہ G لگائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۲۲۔ نقطہ g کو سیدھے خط سے نقطہ H سے ملا دیں۔

۲۳۔ خط d e پر نقطہ F سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔

۲۴۔ خط H h کو عین درمیان میں نقطہ H پر تقسیم کیجئے اور اس پر نیچے کی جانب آدھ انچ کا عمود K L بنائیے۔

۲۵۔ نقطہ H کو گولائی میں نقطہ L سے چھوتے ہوئے نقطہ K سے اور پھر اوپر کی جانب گولائی دیتے ہوئے g سے ملا دیجئے گا۔



یہ آستین لیف اور چنٹوں والی ہے۔ لہٰذا اس کے اگلے اور پچھلے موڑھوں کی تراش یکساں ہوگی۔ آستین کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔

تراش اور سلائی

خاکہ نمبر ایک کے مطابق استر کے کپڑے سے بلوک تراشیں۔ پھر اسی خاکے کے مطابق جارجٹ سے بلوک تراشیں مگر اسے تراشتے ہوئے خط A C پر دو انچ کپڑا زیادہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رکھیں۔ یہ زائد کپڑا پلیٹیں دینے میں استعمال ہوگا۔ یہ پلیٹیں درمیان میں ایک انچ کپڑا چھوڑ کر دونوں طرف ڈالی جائیں گی۔ اس کے بعد گلا تراشئے۔ ان پلیٹوں سے آدھ آدھ انچ فاصلہ چھوڑ کے سفید لیس لگالیں۔

خاکہ نمبر دو کے مطابق جارجٹ اور استر کے کپڑے سے پچھلی یوک تراشیں۔ کندھوں کے جوڑ سینے کے لیے پہلے پچھلی یوک کا استر۔ اس پر جارجٹ کی یوک سیدھی رکھیں۔ اس یوک پر اگلی یوک کا استر رکھیں۔ اب کندھوں کے جوڑ سی دیں۔ یوک کو استر سمیت پلیٹیں تو سلائی اندر کی جانب ہو جائے گی۔

پچھلی یوک کا اگلا چھ انچ کھول کے ٹکن لگالیں۔ اب پورے گلے میں جارجٹ کی ڈیڑھ انچ چوڑی جھالر لگالیں۔

اس مقصد کے لیے جارجٹ کی دو انچ چوڑی اور تقریباً بیس انچ لمبی پٹی لیں۔ اس کے ایک سرے پر پیکو کرلیں۔ دوسرے سرے کو چنٹیں دیتے ہوئے گلے کے ساتھ سی لیں۔ اور اس کے ساتھ پون انچ چوڑی آڑی پٹی بھی سی لیں، جو جھالر لگانے کے بعد اندر موڑ کر ترپ دی جائے گی۔

یوک کے اطراف کی سلائی سی لیں۔

خاکہ نمبر ۳ کے مطابق آستین تراشیں۔ یہ صرف جارجٹ سے تراشی جائے گی۔ اس کی کف پر سفید لیس لگالیں اور لیس سے ایک انچ کپڑا چھوڑ کے بابن الاسٹک سے ایک سلائی کریں۔ اس طرح آستینوں میں چنٹیں پیدا ہو کر جھالر کا تاثر دیں گی۔ آستین کی نچلی سلائی سی کے اسے گول کرلیں۔ اب اسے مونڈھے پر چنٹیں دیتے ہوئے یوک کے ساتھ جوڑ دیں۔ اسی طرح دوسری آستین بھی سی لیں۔

گھیر کے لیے ۲۲ انچ لمبا اور ۲ گز چوڑا چنٹوں والا کپڑا لیں۔ خیال رہے کہ یہ کپڑا ناپتے ہوئے کھینچے نہ جائے ورنہ پرنٹ کھلنے کی وجہ سے پیمائش غلط ہو جائے گی۔ گھیر کی درمیانی سلائی سی کے گول کرلیں۔

استر کے لیے ۲۲ انچ لمبا اور ڈیڑھ گز چوڑا کپڑا لیں۔ اسے بھی درمیانی سلائی سی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے گول کر لیں۔ استر کے ایک سرے پر مشین سے موٹا بخیہ کیجئے اور دھاگہ کھینچ کے اتنی چنٹیں دیں کہ اس کی پیمائش یوک کی پیمائش کے برابر ہو جائے۔ اسی طرح جارجٹ کے گھیر پر بھی چنٹیں ڈالیں۔

یوک کی سیدھی جانب جارجٹ کا الٹا گھیر اور اس پر استر رکھیں۔ ان دونوں گھیروں کو یوک کے ساتھ جوڑ لیں۔ فراک سیدھی کرنے پر سلائی اندر کی طرف چلی جائے گی۔ دونوں گھیر کے استروں پر پیکو کر لیں۔

کمر کو چست رکھنے کے لیے پہلے فراک کی یوک پر گھیر کے سرے کے ساتھ اطراف میں پٹی ڈالنے کے دو لوپ بنائیے۔ اب جارجٹ یا کسی اور موٹے مگر ریشمی کپڑے سے ڈیڑھ انچ چوڑی اور ڈیڑھ گز لمبی پٹی تیار کریں۔

اب اسے لوپ میں سے گزارتے ہوئے دونوں سرے پیچھے رکھیں۔ سامنے کی جانب درمیان میں پٹی پر باریک ربن سے بنا ہوا کوئی پھول ٹانک لیں۔ یوک پر پلیٹوں کے درمیان برابر کے فاصلے سے تین سفید بٹن ٹانک لیں۔

حسین فراک تیار ہے۔ اسے پہننے کے بعد پیچھے کی جانب پیٹی کس کے پھول باندھ لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلاؤزی فراک اور سکرٹ

یوک

خاکہ نمبر ۱

خاکی کاغذ کی بارہ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہرا کر کے مستطیل ABCD بنائیں۔
نقطہ A سے اندر کی جانب ساڑھے چھ انچ کا مربع AEFG بنائیں۔
خط AE پر نقطہ A سے ۳ ۱/۲ انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیں۔
خط AG پر نقطہ A سے دو انچ کے فاصلے پر نقطہ I لگائیے۔
نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ I سے ملا دیں۔
خط GF کو آگے نقطہ T تک بڑھائیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

خط T H کا درمیانی فاصلہ ۹/ انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
نقطہ H کو سیدھے خط سے ملا دیں۔ بلاؤزی فراک آستین چونکہ ریگلین طرز کی ہیں لہٰذا شانے اور مونڈھے کی مخصوص تراش کے بجائے خط T H پر آڑی تراش ہوگی۔
خط cD پر نقطہ c سے ۹/ انچ کے فاصلے پر نقطہ K لگائیں۔
نقطہ J کو سیدھے خط سے نقطہ K سے ملا دیں۔
خط J H کو آگے سیدھ میں ایک انچ بڑھا کے نقطہ L لگائیں۔
خط cD کو بھی نقطہ c کی جانب ایک انچ بڑھا کے نقطہ M لگائیں۔
نقطہ L کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملا دیں۔ بلاؤز چونکہ ڈھیلا اور گلے سے چننوں والا ہے۔ لہٰذا یہ ایک انچ کی فالتو پٹی رکھی گئی ہے۔ لیوک کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

آستین

خاکہ نمبر ۲

خاکی کاغذ کی ۹/ انچ لمبی شیٹ کو لمبائی میں دوہری کیجئے۔ اور اس پہ ۹/ انچ لمبا اور ۸/ انچ لمبا مستطیل a B c D بنائیں۔ خط cD پر کاغذ دوہرا رہے گا۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com

خط A C پر نقطہ D سے ۳/۴ انچ کے فاصلے پر نقطہ E لگائیں۔
نقطہ G کو سیدھے خط سے نقطہ E سے ملادیں۔
خط D B پر نقطہ B سے ڈیڑھ انچ کے فاصلے پر نقطہ F لگائیں۔
خط E B پر نقطہ E سے خاکہ نمبر چار کے خط H J کی پیمائش کے مطابق نقطہ H لگائیں۔
چونکہ آستین کا یہ حصہ یوک کے خط H J سے ساتھ سلا جائے گا لہٰذا دونوں کی پیمائش ایک ہونی چاہیئے۔
نقطہ E کو نیچے کی جانب ہلکا سا خم دیتے ہوئے نقطہ H سے ملادیں۔ بہتر ہوگا کہ اس خط کی تراش آستین کو یوک کے ساتھ سینے کے بعد کیجئے۔ اس طرح آستینوں کے خط F H پر تراش لیں۔
اب پورے گلے میں اندر کی جانب آدھ انچ کپڑا موڑتے ہوئے خفتہ تیار کرلیں اور اس میں الاسٹک پرو دیں۔
آستینوں کی کف میں بھی اسی طرح الاسٹک پرو دیں۔ آستینوں اور یوک کی اطراف کی سلائی بھی کرلیں۔ یوک کا نچلا سرا آدھ انچ موڑ کے ترپ لیں۔ بلاوزی فراک تیار ہے
اسی تراش کا بلاوزی فراک ہے۔ اس کا نمونہ بھی یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ اس ڈیزائن کے دونوں فراک دراصل سکرٹ بلاؤز ہیں۔ یعنی بلاؤز اور سکرٹ باہم۔ فراک پہن کر بلاؤز پہننے کے بعد ڈوری سے کس کر باندھ دیا جاتا ہے۔ سکرٹ کے اوپر بلاؤز پہن کر ڈوری کس کر باندھ دی جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(دیکھیں تصویر بلاؤزی فراک)

سکرٹ۔

گلابی کپڑے کی ۲½ انچ چوڑی اور ڈیڑھ گز لمبی پٹی لیں۔ اس کے دونوں سرے سی کر پٹی کو گول کرلیں۔ یہ گھیر کی طرح ہوگئی۔ اب ایک طرف دو انچ کپڑا اندر کی طرف تیغے کی طرح موڑ کر سلائی کرلیں۔ اس طرح یہ آدھ انچ کا نیفہ ہوگا۔ اسے سامنے کی جانب سے کاج کی طرح کاٹ کے کاج بنالیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پہلے کپڑے کی ۹ انچ چوڑی اور ۲ دو گز لمبی پٹی لیں۔ اس کے دونوں سرے آپس میں جوڑ کے پٹی گول کر لیں۔ اب اُسے ہلکی ہلکی چنٹیں دیتے ہوئے گلابی پٹی کے ساتھ جوڑ دیں۔

فیروزی کپڑے کی ۹ انچ چوڑی اور ڈھائی گز لمبی پٹی لیں۔ اس کے بھی دونوں سرے آپس میں جوڑ کے پٹی گول کر لیں۔ اب اسے ہلکی ہلکی چنٹیں دیتے ہوئے پہلی پٹی کے ساتھ جوڑ دیں۔ اسکرٹ کا گھیر مکمل ہو گیا۔

اسکرٹ کا دامن پیکو کر لیں۔ اوپر نیفے میں کاج کے ذریعے گلابی کپڑے کی ڈوری پرو دیں۔

اس کے ایک سرے پر فیروزی اور دوسرے سرے پر پیلا موتی پرو دیں بلاؤز پر اسکرٹ پہننے کے بعد یہ ڈوری کس کر باندھ دی جائے گی تو نہ صرف کمر پر اسکرٹ بلاؤز چسپت ہو جائے گا۔

بلکہ اسکرٹ میں فراک کی طرح گھیر کا تاثر پیدا ہو گا، اور لوک کے پاسس ہجالر بھی نظر آئے گی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلاؤز اور بیگی پتلون

بلاؤز لیس سے اور بیگی پتلون بروکیڈ کے کپڑے تیار کریں۔ بلاؤز کی کالر اور کمر کی پیٹی بھی بروکیڈ سے بنی ہے۔ پتلون کے پائنچوں پر کلابتو کی ڈوری بندھی ہے۔ ڈرافٹ بنانے کے لیے اپنی پیمائش کیجئے۔

پیمائش ــــ بلاؤز

یہ فرضی پیمائش ہے، آپ اپنا ڈرافٹ اپنی پیمائش کر کے بنائیں۔

کندھے = ۱۲ ÷ ۲ = ۶ + ½ = ۶½ انچ

سینہ = ۲۶ + ۴ = ۳۰ ÷ ۴ = ۷½ + ۱ = ۸½ انچ

لمبائی = ۵ + ۲ = ۱۷ انچ (دو انچ کمر کی پیٹی کے لیے ہے)

آستین لمبائی = ۱۶ + ۱ = ۱۷ انچ

بیگی پتلون

کولہے = ۲۳ ÷ ۳ = ۱۱ + ۱ = ۱۲ انچ

کل لمبائی = ۲ + ۱۸ + ۳ = ۲۳ انچ

(اس میں دو انچ کمر کی پیٹی کے لیے اور تین انچ پائنچے کے لیے ہے)

اگلے بلاؤز کا خاکہ درج ذیل ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خاکہ نمبر ۱

اگلا بلاؤز

خاکی کاغذ کی سترہ انچ لمبی شیٹ کی لمبائی دوہری کیجئے۔ یہ مستطیل ABCD ہے۔
نقطہ A سے اندر کی جانب ساڑھے چھ انچ کا مربع AEFG بنائیں۔
نقطہ A سے خط AE پر تین انچ کے فاصلے سے نقطہ H لگائیں۔
نقطہ A سے خط AC پر دو انچ کے فاصلے سے نقطہ J لگائیں۔
نقطہ H کو گلے کی گولائی دیتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔
خط EF پر نقطہ E سے پون انچ کے فاصلے پر نقطہ I لگائیں۔
نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ I سے ملادیں۔
خط FG کو آگے کی جانب نقطہ K تک بڑھائیں۔
خط K بیچ کا درمیانی فاصلہ ساڑھے آٹھ انچ ہے جو سینے کی پیمائش ہے۔
خط IF کو عین درمیان میں نقطہ M پر تقسیم کیجئے اور اسے پون انچ اندر کی جانب لے کے خط LML بنائیے۔
نقطہ I کو سیدھے خط سے نقطہ M سے اور پھر مونڈھوں کی گہرائی دیتے ہوئے نقطہ K سے ملادیں۔
خط CD پر نقطہ C سے ساڑھے آٹھ انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔
خط CD پر نقطہ C سے ساڑھے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ O لگائیں اور اس پر ۱ انچ کا عمود OP بنائیں۔
نقطہ O سے خط OC پر آدھا انچ کے فاصلے پر نقطہ O اور خط ON سے خط آدھ انچ کے فاصلے سے نقطہ R لگائیں۔
نقطہ P کو ایک طرف نقطہ O سے اور دوسری طرف نقطہ R سے ملادیں۔ یہ پلیٹ کا نان ہے۔ بلاؤز کے اگلے حصے کا ڈرافٹ مکمل ہوچکا۔



خاکہ نمبر ۲

پچھلا بلاؤز

خاکہ نمبر ایک کی طرح مستطیل ABCD اور اس میں مربع AEFG بنالیجئے۔
خط AE پر نقطہ A سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ H لگائیے۔
نقطہ A سے خط AG پر ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ J لگائیے۔
خط EF پر نقطہ E سے پون انچ کے فاصلے پر نقطہ L لگائیں۔
نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ J سے ملادیں۔
خط GF کو آگے نقطہ K تک بڑھائیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خط K ہ کا درمیانی فاصلہ سازھے آٹھ انچ سے جو سینے کی پیمائش ہے۔
نقطہ K کو سیدھے خط سے نقطہ N سے ملا دیں۔
پلیٹ کے لیے خاکہ نمبر ایک کی طرح R O کا نشان بنائیں۔ پچھلے حصے کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔



خاکہ نمبر ۳

کالر

خاکی کاغذ پر سات انچ لمبا اور ساڑھے تین انچ چوڑا مستطیل A B C D بنائیے۔
خط C D پر نقطہ P سے آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ E لگائیے۔
نقطہ D کو سیدھے خط سے نقطہ E سے ملا دیں۔
خط B E پر نقطہ E سے پون انچ کے فاصلے پر نقطہ F لگائیے۔
خط C D پر نقطہ C سے تین انچ کے فاصلے پر نقطہ G لگائیے۔
نقطہ F کو سیدھے خط سے نقطہ G سے ملا دیں۔ لیجئے کالر کا ڈرافٹ مکمل ہو گیا۔

خاکہ نمبر ۴

آستین

خاکی کاغذ کا ٹکڑا سترہ انچ لمبی شیٹ کی درمیانی تہ میں دوہرا کیجئے۔ اور اس پر سترہ انچ لمبا اور چھ انچ چوڑا مستطیل A B C D بنائیے۔
خط A B پر نقطہ A سے ایک انچ کے فاصلے پر نقطہ E لگائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خط BD پر نقطہ B سے ڈھائی انچ کے فاصلے پر نقطہ F لگائیے۔
نقطہ E کو سیدھے خط سے نقطہ F سے ملائیے۔
خط EF پر نقطہ F سے اندر کی جانب آدھ انچ کے فاصلے پر نقطہ G لگائیں۔
خط EF کو F کی طرف سے آدھ انچ باہر کی طرف بڑھا کے فاصلے H لگائیں۔
خط GE کو عین درمیان میں نقطہ J پر تقسیم کیجئے اور اس پر آدھ انچ کا عمود JI بنائیں۔
نقطہ E کو نقطہ I سے چھوتے ہوئے نقطہ H سے ملادیں۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے پچھلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔
خط GJ کو عین درمیان میں نقطہ K پر تقسیم کیجئے اور اس پر نیچے کی جانب آدھ انچ کا عمود KL بنائیے۔
نقطہ G کو نقطہ L سے چھوتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔ پھر اسے نقطہ E سے اس طرح ملائیں کہ خط JE اوپر کی جانب ہلکی سی گولائی آئے۔ آستین کی تراش کا یہ حصہ بلاؤز کے اگلے مونڈھے کے ساتھ سلے گا۔
خط DC نقطہ C سے چھ انچ کے فاصلے پر نقطہ M اور پانچ انچ کے فاصلے پر نقطہ N لگائیں۔
نقطہ H کو سیدھے خط سے نقطہ M سے ملادیں۔
نقطہ G کو بھی سیدھے خط سے نقطہ N سے ملادیں۔ NG کا شکستہ خط سلائی کے لیے ہے۔



آستین کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تراش اور سلائی

خاکہ نمبر ایک کے مطابق بلاؤز کا اگلا حصہ تراشیے۔ اسے سامنے سے خط a و پر کارڈ کے کھول لیں۔ یہ بٹن پٹی ہے۔ بٹن پٹی کے دونوں سروں پر بروکیڈ کی تین تین انچ چوڑی پٹی لگائیں۔

یہ پٹی بلاؤز کے کپڑے کی سیدھی طرف رکھی جائے گی۔ اس پٹی کو گلے کی جانب بھی ایک ایک انچ سی لیں۔ اب انہیں اندر کی طرف پلٹ لیں۔ پلیٹوں کے نشانات کے مطابق دونوں پلیٹیں بھی سی لیں۔

خاکہ نمبر ۳ کے مطابق تراشیں بہتر ہوگا کہ کالر کی لمبائی درست رکھنے کے لیے گلے کی پیمائش کر لیں۔

کالر کے دونوں سروں یعنی خط e f کی سلائی کر کے کالر پلٹ لیں۔ اب اسے گلے کے ساتھ سی دیں۔ بلاؤز کے اطراف کی سلائی سی لیں۔ اب بلاؤز کے نچلے حصے کی پیمائش کیجیے ہمارے تراش کے مطابق یہ پیمائش تیس انچ ہے۔ لہٰذا اکتیس انچ لمبی اور تین انچ چوڑی بروکیڈ کی پٹی لیں۔ اسے لمبائی میں دوہری کیجیے، اور دونوں سروں کی سلائی کر کے منہ بند کر دیں اب اس پٹی کو پلٹ کر سیدھا کریں۔ اور بلاؤز کے دامن کے ساتھ ایک سرا سی لیں۔ دوسرا سرا اندر موڑ کے سی دیں۔ اس طرح یہ بلاؤز کمر کی پٹی بن جائے گا۔

خاکہ نمبر ۴ کے مطابق آستین تراشیے۔ اس کی نچلی سلائی سی کے اسے گول کر لیں۔ البتہ کف کی طرف بٹن پٹی کے لیے ایک انچ کھلا چھوڑ دیں۔ ان سروں میں بٹن پٹی موڑ کے سلائی کر لیں اور کف پر بھی آدھ انچ کپڑا اندر موڑ کے ترپائی کر لیں۔

آخر میں آستینوں کو بلاؤز کے ساتھ سی دیں۔ گریبان اور کف میں بٹن ٹانک لیں۔ لیجیے بلاؤز تیار ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سادہ تراش کی فراک

اس فراک کی یہ خوبی ہے کہ کپڑے کے صرف ایک ٹکڑے سے یہ فراک بنا سکتی ہیں۔ کپڑے کو دوہرا کر کے اُسے سامنے دیے ہوئے خاکے کے مطابق تراش لیں۔

اگر سادی فراک ہے تو پرنٹڈ یا چیک کپڑے کی جھالر نیچے لگائیں اور گلے کے درمیان بھی دونوں شانوں پر آپ کپڑے کے بٹن تیار کر کے لگا سکتی ہیں۔ یہ فراک سل کر اور جھالر وغیرہ لگنے کے بعد بہت اچھی معلوم ہوگی۔

آپ گھر میں پڑے ہوئے بیکار اور فالتو کپڑوں کو کار آمد بنا سکتی ہیں۔ یہ فراک آرام دہ بھی ہوتی ہے اور دیکھنے میں ریڈی میڈ لگتی ہے۔

گرمی کے موسم میں وائل کی فراک اس طرح بنائیے کہ آپ اپنی قمیص کے بچے ہوئے کپڑوں سے یہ خوب صورت فراک بنا کر سلیقہ مندی کا ثبوت دے سکتی ہیں۔

آپ اس فراک میں فرل یا چوڑی لیس بھی لگا سکتی ہیں۔ بہت خوب صورت فراک تیار ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دو رنگی فراک

گھر میں بعض دفعہ کئی قسم کے رنگ برنگے کپڑوں کے چھوٹے بڑے ٹکڑے بچے ہوئے پڑے رہتے ہیں۔ آپ ان چھوٹے چھوٹے کپڑے کے ٹکڑوں سے بہت خوب صورت ڈیزائن بنا سکتی۔ آپ کے سامنے خاکہ موجود ہے۔



نیچے والے جوڑ پر آپ پائپنگ لگا سکتی ہیں۔ اگر پائپنگ آپ کو مشکل لگے تو سادی سلائی کر لیں اور اوپر باریک ربن مشین سے لگا دیں۔ لیس کے چھوٹے پھول یا پلاسٹک کے چھوٹے بٹن ٹانک لیں۔ ان کے نیچے لیس لگے گی تاکہ فراک میں خوبصورتی آجائے۔ آگے اور پیچھے جوڑ لگائیں تو رنگوں کی ترتیب کا خیال رکھیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیس کی سادہ فراک

بعض اوقات شلوار میں سے سادہ ریشمی کپڑا بچ جاتا ہے۔ آپ اس سادے ریشمی کپڑے سے خوب صورت لیس والی فراک تیار کر سکتی ہیں۔ اس میں کپڑا بھی بہت کم لگتا ہے اور اس فراک کی کٹائی اور سلائی بھی بہت آسان ہے۔

آگے دیئے گئے خاکے کی مدد سے سادہ فراک کاٹیے۔ فراک کے گلے پر چوڑی لیس لگائیے اور سامنے والے حصے پر تین لائنیں لیس کی اوپر تلے لگائیں۔

فراک کے بازوؤں پر پائپنگ لگائیں یا اندر کی طرف موڑ دیں۔ لیس چوڑی اور خوب صورت لگائیے اور فراک کے رنگ سے ملتا ہوا باریک ربن لے کر اس کی بو بنا کر ٹانک دیجئے۔ یہ سادہ اور خوب صورت فراک ہر رنگ کے کپڑے سے تیار ہو سکتی ہے۔ آپ اس سادہ ریشمی فراک پر سفید لیس اور سفید ربن بھی لگا سکتی ہیں

امریکن جارجٹ، پاکستانی جارجٹ اور جال کے کپڑے لے کر لیس لگا کر آپ بہت جلد خوب صورت فراک بنا سکتی ہیں۔ لیس کی سادہ فراک کا خاکہ ملاحظہ کریں۔

یہ بالکل سادہ تراش کی فراک ہے۔ ایسے تم سن بچیاں بھی آسانی سے سی سکتی ہیں۔ گھریلو استعمال کے لیے ایسی فراک کی اپنی ایک اہمیت ہے۔ جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کشیدے کی فراک

یہ فراک بھی سادہ تراش کی ہے۔ بچیاں آسانی سے اسے سی سکتی ہیں۔ چیک دار یا پرنٹڈ کپڑے کی فراک بنائیے۔ اور اس کے اوپر سادہ کپڑا لگا کر ڈیزائن بنائیے۔

سادہ کپڑے پر آپ یہ ڈیزائن ٹریس کر لیں اور لیزی ڈیزی سے کاڑھ لیں۔ کاڑھنے کے بعد اسے فراک پر لگائیے۔ اس فراک کے چاروں طرف خوب صورتی کے لیے باریک لیس لگا دیں۔

فراک کے گلے اور آستین پر کچھ نہ لگائیے۔ یہ سادہ اور خوب صورت کشیدے کی فراک سب کو پسند آئے گی۔ یہ سادہ فراک ایک دس سالہ بچی بھی بڑی آسانی سے سی سکتی ہے۔ اس سادے کشیدے کی فراک پر سادے ٹانکے سے کڑھائی کی گئی ہے۔ لہٰذا چھوٹی بچیاں بہت آسانی سے یہ فراک بنا لیں گی۔

آپ نے سادی فراک سلائی وغیرہ تو اچھی طرح سیکھ لی۔ ان فراکوں میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ ڈیزائنوں میں چینٹ ضرور ڈالی جاتی ہے۔ سادی فراک میں صرف چینٹ ڈال کر ڈیزائن بنایا جائے تو بہت دلکش لگتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فراک کے گھیرے پر چنٹ ڈالنے کے لیے سب سے پہلے ایک لمبی سوئی سے چھوٹے چھوٹے کچے ٹانکے لگائیں اور جب کپڑا ختم ہو جائے تو آہستہ سے دھاگہ کھینچ لیں۔

گھیرے کی چوڑائی چولی کی چوڑائی کے ناپ کی رکھیں اور سوئی سے دو تین ٹانکے لگا کر سلائی ختم کر دیں۔

اب آپ مشین میں رکھ کر کپڑا آسانی سے سی سکتی ہیں۔ فراک میں باریک چنٹ ڈالنے کے لیے آپ پہلے پنسل سے کپڑے پر نشان لگا لیں، پھر چنٹ ڈالیں۔ اس سے چنٹ چھوٹی بڑی نہیں ہوگی اور آسانی بھی رہے گی۔

چنٹ ڈالنے کے طریقے

چنٹ ڈالنے کے طریقے گراف کے ذریعے اس کتاب میں پہلے بتائے جا چکے ہیں۔ جب آپ چوڑی چنٹ ڈالنا چاہیں تو کپڑا بھی زیادہ لیں۔ جتنی چوڑی چنٹ ڈالنی ہو۔

ایک چنٹ ڈال کر پہلے اس کا اندازہ کر لیں اور اس کے بعد فٹ سے ناپ کر اتنا ہی نشان ڈالیں تاکہ چنٹ برابر رہے۔

سب چنٹ اور درمیانی جگہ برابر رکھنی ہو تو آپ دونوں نشانوں کے درمیان ایک انچ کا فاصلہ رکھیں۔ اس طریقے کی چوڑائی ½ انچ ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چیک دار کپڑے کی فراک



چیک باریک ہو یا چوڑا فراک میں بہت خوب صورت اور اچھا لگتا ہے۔
اس فراک کا خاکہ آپ کے سامنے ہے۔ اوپر کا حصہ سادے کپڑے سے بنایا ہے اور چیک کے کپڑے کے دو بٹن لگائے ہیں۔
نیچے سادے کپڑے کی نیکر ہے۔ چیک سے ملتا جلتا سادہ کپڑا لیں اور بچہ اوپر دیئے ہوئے خاکے کے مطابق یہ فراک بنائیں۔
گلے میں چیک کپڑے کی پائپنگ لگے گی۔ اسی طرح بازو میں بھی چیک کپڑے کی پائپنگ لگائیے۔
یہ فراک تیار ہونے کے بعد اتنا خوبصورت ہوتا ہے کہ دیکھنے والے کو بہت خوشی معلوم ہوتی ہے۔
گھر میں بچے ہوئے ٹکڑوں کی بھی یہ فراک بن سکتی ہے۔ اس فراک میں کالر نہیں لگتا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گرمیوں کے موسم یہ بہت آرام دہ اور سادہ لباس ہے۔ یہ فراک اوور میکسی کی طرح پر بھی ہوتا ہے جس کے نیچے کے حصے میں لاسٹک لگا کے فرل یا لیس لگا سکتے ہیں۔

گھر میں آپ کے پاس کوئی بچا ہوا پرنٹڈ کپڑا ہو تو اس سے بھی آپ یہ خوبصورت اور دیدہ زیب فراک تیار کر سکتی ہیں۔

جس رنگ کا کپڑا ہو اسی رنگ کی لیس لگائیے۔ بہت خوب صورت لگے گی۔ دو رنگ کے کسی بھی کپڑے سے آپ یہ دیدہ زیب فراک بنا سکتی ہیں۔ اس کے اوپر فینسی بٹن لگا سکتی ہیں۔ اس فراک کے جوڑ چھپانے کے لیے آپ لیس بھی لگا سکتی ہیں۔

یہ ڈیزائن اس لیے دیے گئے ہیں کہ آپ انہیں دیکھ کر گھر میں بیکار پڑے ہوئے کپڑوں کو کار آمد بنا سکیں اور اپنے اخراجات میں آپ بھی بچت کر سکیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پاجامہ اور شلوار

شلوار خواہ بیلٹ والی ہو خواہ بغیر بیلٹ کی، اس کے لیے کمر سے پاؤں کے انگوٹھے تک لمبان ضروری ہے۔ بیلٹ والی شلوار کا رواج چونکہ آج کل عام ہے۔ لہٰذا ہم یہاں اسی کا طریقہ بنائیں گے۔ ایسی شلوار کے لیے کولہوں کا ناپ بھی درکار ہے۔ علاوہ ازیں پائنچے کی چوڑائی اور لمبائی کا فیصلہ بھی رواج کے مطابق کیا جاتا ہے۔

شلوار کا خاکہ بنانا

۱۔ شلوار کی کل لمبائی ۱۰۲ سنٹی میٹر ۲ ۱/۲ راینچ برائے نیفہ و بٹن۔
۲۔ کمر کا ناپ
۳۔ کولہوں کا ناپ
۴۔ کمر سے کولہے تک کا ناپ
۵۔ میانی کی لمبائی
۶۔ پائنچوں کی چوڑائی۔

طریقہ

پچھلے رُخ کے لیے لکیر ب ج کو ۱۸ سنٹی میٹر (۷ راینچ) کی طرف کولہوں کے لیے بڑھا دیں۔
CD پر F سے ۲ ۱/۲ سنٹی میٹر (۱ راینچ) اوپر نشان لگا کر افقی لکیر کھینچیے۔ یہ نقطہ x ہے۔
ج کی نئی لکیر کو بڑھا کر د کے متوازی لکیر کھینچیے جس کی لمبائی ۱ ملی میٹر + ۲ ملی میٹر آسائش کے لیے ہو۔ یہ نقطہ HF ہوگا اور لکیر ہم سی F۔
۱ ملی میٹر + ۲ ملی میٹر آسائش کے لیے ہو۔ یہ نقطہ FH ہوگا اور لکیر ہم سی F
x کو FH سے نقطہ و ہم پر ملا کر گولائی سے جوڑ دیں۔
اگلے رُخ کے لیے بھی ب ج لکیر سے ۱۸ سنٹی میٹر (۷ راینچ) نیچے کولہوں کی ناپ لے کر بنائیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دو پرکولوں کی ٹوپ والی افقی لکیر سے ۳ سنٹی میٹر نیچے نشان لگا کر ایک نئی لکیر بنائیے اور اس نقطہ کو بھی لکھ دیجئے۔

۴ کو ۵ سے گولائی میں جوڑ دیں۔

بیاٹ کی یہ شکل ہوگی اور اسے پہلو سے کھولا جا سکتا ہے۔



پائنچے اور گھیرے

پائنچوں کے لیے شلوار کی کل لمبائی منفی ۱۸ سنٹی میٹر ۷ انچ یا ۲۰ سنٹی میٹر ۸ انچ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بیلٹ والی آپ کمر پر ۳۰ سنٹی میٹر کاغذ لیجیے۔ اور مستطیل کو دوہرا موڑ لیجیے۔ یعنی
اس شلوار کی کل لمبائی ایک میٹر سے کم ہے تو بیلٹ کے ۱۸ سنٹی میٹر نکال کر ۷۴ سنٹی
میٹر یعنی تقریباً ۲۹ انچ لمبا اور ۱۸/۲ سنٹی میٹر (۷ انچ) چوڑا کاغذ ہوگا۔

کندوں کے لیے پائنچوں کی لمبائی میں سے بیلٹ نکالنے کے بعد جو لمبائی بچے
یعنی ۷۰ سنٹی میٹر (۲۹ انچ) اس میں سے میانی کی بقایا لمبائی + ۲½ سنٹی میٹر
آسائش کے لیے رکھ لیجیے۔ مثلاً اگر میانی کی کل لمبائی ۴۰ سنٹی میٹر (۱۶ انچ) ہے
تو بیلٹ کے لیے ۱۸ سنٹی میٹر منفی ۲۴ سنٹی میٹر اور ۲½ سنٹی میٹر آسائش کا ملا کر
۲۵ سنٹی میٹر گندوں کی لمبائی جو پائنچے کے برابر ہے۔ اس میں بڑھا جائے۔ یعنی
۷۰ سنٹی میٹر + ۲۵ سنٹی میٹر۔ اب ایک مستطیل ایک میٹر گندوں کی حسب منشا
چوڑائی کا بنائیے۔ اس کاغذ کی آپ ۲ سنٹی میٹر چوڑائی ہی ناپیے۔ کیونکہ یہ کپڑا قطع
کرتے وقت آپ دوہرے کپڑے پر رکھ کر کاٹ سکتی ہیں۔ اس طرح کل گھیر ۷۶ سنٹی
میٹر ہوتو کاغذ کا ٹکڑا ۱ میٹر × ۳۰ سنٹی میٹر لمبائی میں دونوں لکیروں پر میانی کے
½ ۲۵ سنٹی میٹر آپ کر ترچھا موڑ لیجیے۔ اس تہہ پر کاٹ لیجیے۔ دو گندوں کا ناکہ
تیار ہوگا۔ اس خاکے کے مطابق اپنا نمونہ تیار کیجیے۔

تراشنا

سب سے پہلے آپ کپڑے سے پائنچے تراشیے۔ اس کے لیے ۷۴ سنٹی میٹر
لمبا ٹکڑا ناپیے۔ عموماً کپڑے کا عرض ½ ۹ سنٹی میٹر ہوتا ہے اور چونکہ آپ کا ایک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پائینچہ ½ ۳۰ سنٹی میٹر چوڑا ہے۔ اس لیے اسی ایک عرض میں دونوں پائینچے ½ ۶۰ سنٹی میٹر + ½ ۳۰ سنٹی میٹر = ۹۱ سنٹی میٹر (۳۶ + ۱۲ + ۲۴) نکالنے کے بعد آپ کے پاس ½ ۳۰ سنٹی میٹر یا (۱۲ انچ) کپڑا بچتا ہے۔

کُندوں کے لیے آپ کو ۹۱ سنٹی میٹر کپڑا درکار ہے۔ لہٰذا کپڑے کا ٹکڑا ۱ میٹر لمبا (پائینچہ + ½ ۲۵ سنٹی میٹر یا ۱۰ انچ برائے میانی) اور ۹۱ سنٹی میٹر کاٹ لیجیے اس ٹکڑے کو لمبائی میں دوہرا کر لیجیے تاکہ چوڑائی ½ ۳۰ سنٹی میٹر (۱۲" رہ جائے) اور لمبائی ۱ میٹر ہی ہو۔

اب اس پر کُندوں کا خاکہ رکھ کر پن سے اٹکا کر تراش لیجیے۔ چاروں کُندے ۲ کُندے فی پائینچہ جن کی چوڑائی ½ ۳۰ سنٹی میٹر، ½ ۳۰ سنٹی میٹر (۱۲" ۲" ہے) ایک ہی ساتھ کٹ جائیں گے۔

اب آپ کے پاس پائینچہ کی ۴۰ سنٹی میٹر لمبی پٹی + ۱ میٹر پٹی جس کی چوڑائی ½ ۶۰ سنٹی میٹر (۲۴ انچ) بچا ہے۔

تراشتے وقت اس کا خیال رکھیں، یہ پٹی مسلسل اتار لیں تاکہ کپڑا بے کار نہ ہو۔ اس میں سے بیلٹ کی چوڑائی + ½ ۶ سنٹی میٹر (½ ۲ انچ، برائے نیفہ و سیون) اس کی کل لمبائی (آگے اور پیچھے کا کل گھیر) نکال لیجیے۔ بچے ہوئے ٹکڑے میں سے نیچے پائینچوں پر لگانے کے لیے مرضی کے مطابق چوڑان دوہری کر کے دو پٹیاں کاٹ لیجیے شلوار کا گھیر پائینچوں کی چوڑائی آپ اپنی مرضی کے مطابق گھٹا یا بڑھا سکتی ہیں۔

سلائی

بیلٹ چونکہ چھوٹی چیز ہے۔ اس لیے سب سے پہلے اُسے تیار کر لیجیے۔ ایک پہلو پر بخیہ اس طرح گولائی دے کر کیجیے، جتنا کمر سے کولہے تک جسم کی اصل ڈھلان ہو۔ اگر آپ پہلوؤں سے کھولنا چاہیں تو تھوڑا سا چاک کھلا رکھ کر باقی سیون پوری کر لیجیے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اب اس چاک پر مسلسل ٹیپ لگانے کے بعد ۵ سنٹی میٹر کھلا ہوا چھوڑ رکھیے۔ اس کے تھوڑے سے کونے تراشنے کے بعد سیدھی طرح پلٹ کر ان پر کچھ کر لیجیے۔ یہ ٹکون نیفے میں کمر بند ڈالنے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ ۲½ سنٹی میٹر سیون کے لیے اندر موڑ کر ۴ سنٹی میٹر چوڑا نیفہ بنائیے۔ اس پر تھوڑے تھوڑے فاصلے سے پن لگانے کے بعد بخیہ کر دیجیے۔



یہ شلوار چونکہ بیلٹ والی ہے اور بنیادی خاکے پر کمر کے ناپ کے مطابق کاٹی گئی ہے۔ لہٰذا اس میں دونوں طرف ½ ۲ سنٹی میٹر الاٹ کی گنجائش بھی ہے۔ زیادہ خوبصورت ڈھال دینے کے لیے آپ بیلٹ میں ڈراٹ بھی ڈال سکتی ہیں۔

اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ آلاٹ کے نشان صحیح مقام پر ڈالیں۔ دونوں پہلو تیار کرنے کے بعد نیفہ موڑنے سے قبل آدھی ڈارٹس جو اوپر کے سرے سے ½ ۱ سنٹی میٹر چوڑی ہوں اور نیچے کے سرے سے ½ ۱ سنٹی میٹر اوپر بتدریج کم کر کے بنا لیں۔ بیلٹ میں ڈرائس کی شکل اس طرح ہوگی جیسی کہ خاکے سے ظاہر ہے۔

اس شلوار کو ہم نے آگے سے چاک کو کھلا رکھ کے بنایا ہے۔ اس لیے نیفے کا مسئلہ بھی آیا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اب دونوں پائنچوں سے کندھے جوڑ لیجئے۔ کندھے جوڑنے کے لیے پائنچوں اور کندوں کے سیدھے سرے آپس میں ملا کر اس طرح رکھیئے کہ کپڑے کا سیدھا رُخ اندر اور اُلٹا رُخ باہر ہو۔

دونوں کندھے ½ ا سنٹی میٹر سیون رکھ کر مشین سے جوڑ لیجئے۔ دونوں پائنچے اس طرح تیار کرنے کے بعد ۴۱ سنٹی میٹر لمبی ½ ۱۱ سنٹی میٹر چوڑی ۲ پٹیاں پائنچے بنانے کے لیے پھاڑ لیجئے۔ پٹی کو دوہرا کر کے شلوار کی طرف سیدھی رکھ کر ½ ا سنٹی میٹر چوڑی سیون سے پائنچے کے نچلے سرے سے جوڑ دیجئے۔

اس سیون کو کھول کر بچھایئے۔ اُلٹی طرف پلٹ کر اچھی طرح سے دبا کر نشان ڈال لیجئے۔ سیدھی طرف کو بالکل کنارے پر بخیہ کر دیجئے۔ بقایا ۵ سنٹی میٹر پر اپنی پسند کے مطابق قریب قریب یا فاصلے سے بخیئے کی چند اور دھاریاں ڈال کر پائنچے تیار کر لیجئے۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com



دونوں پائنچے تیار کر لینے کے بعد کُندوں کی درمیانی سیون ½ ۱ سنٹی میٹر چوڑی تیار کر لیجئے۔ سیون پر دوہرا بخیہ کیجئے تاکہ مضبوط رہے۔

اب دونوں کُندے آپس میں ملا کر جوڑ دیجئے۔ کندے ترچھے ہیں۔ اس لیے کھینچنے پر ٹانکے ٹوٹنے کا امکان ہوتا ہے۔ اس لیے یہ سیون کرتے وقت ترچھی طرف ہیر خوب کھینچ کر بخیہ کیجئے اور دوہرا کیجئے۔

پائنچوں کا وسط ناپئے اور اس پر گہرا خط ڈال لیجئے۔ پٹی کے وسط یعنی درمیانی کو سیون پر دونوں طرف پن سے اٹکا دیجئے۔ شلوار میں جھول سب آگے ہی دیا جاتا ہے اور یہ جھول تقریباً ۸ کے حلقے میں ہی پورا آتا ہے۔

دونوں پائنچے تیار کر لینے کے بعد کُندوں کی درمیانی سیون ½ ۱ سنٹی میٹر چوڑی تیار کر لیجئے۔

لہٰذا پٹی کے دونوں طرف ۱۰ سنٹی میٹر، ۱۰ سنٹی میٹر (۴ ۱/۴ انچ، ۴ ۱/۴ انچ) ناپ کر نشان لگا دیجئے۔ دونوں پائنچوں کو وسط میں جہاں نشان ڈالا تھا۔

ان دونوں کو پٹی کے نشانوں پر رکھ کر پن لگا دیجئے۔

اب پوری پٹی سے شلوار کو ملا کر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر پن لگا دیجئے۔

یہ بچا ہوا شلوار کا درمیانی میں ہلکے ہلکے جھول سے کھپا کر جوڑیئے۔ پائنچوں کے وسط سے لے کر درمیانی کی سیون تک خوب گچھا ہوا جھول دے کر پٹی کے اس ۲۰ سنٹی میٹر سے جوڑنے کے بعد مشین سے بخیہ کر دیجئے۔

سیون ڈیڑھ سنٹی میٹر ہونی چاہیئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس بات کا خیال رکھیے کہ چونکہ جھول تمام آگے ہی ہے۔ اس لیے اس حصے میں مضبوطی کی بہت ضرورت ہے تاکہ پٹی یہ وزن سہار سکے۔ اس ۲۰ سنٹی میٹر میں بخیہ دوہرا کیجئے۔ تیار ہونے پر شلوار کی شکل نیچے دیئے ہوئے مکمل خاکے کی طرح ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آڑا پاجامہ

آپ نے پاجامے کی جتنی چوڑائی رکھنی ہو اتنا ہی دوہرا کپڑا لیں۔ نیچے کے دونوں آپ برابر ملا کر سی لیں۔ اس کی لفافے کی طرح شکل بن جائے گی۔ آپ کپڑے کو آڑا کر کے پھر سلائی کر لیں۔



یہ سموسے جیسی شکل بن جائے گی۔ اب اس کو الٹ پلٹ کر ایسا حساب کریں کہ اس کی سلائی پائنچے پر نظر نہ آئے اور جتنا لمبا پاجامہ رکھنا ہو اسے رکھ لیں۔ اس کے بعد ایک پائنچہ ناپ کر نشان لگا لیں۔ دوسری طرف سے پاجامے کا دوسرا پائنچہ مجھے گا کھڑیا سے نشان لگا لیں اب اسے بڑی احتیاط سے ساتھ کاٹ کر پاجامہ سی لیں۔



www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس بات کا خیال رکھیے کہ چونکہ جھول تمام آگے ہی ہے۔ اس لیے اس حصے میں مضبوطی کی بہت ضرورت ہے تاکہ پٹی یہ وزن سہار سکے۔ اس ۲۰ سنٹی میٹر بنی کو نیچے دوہرا کیجئے۔
تیار ہونے پر شلوار کی شکل پیچھے دیئے ہوئے مکمل نمونے کی طرح ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ٹیڈی پاجامہ

پیمائش

لمبائی	=	۱۴ انچ
چوڑائی	=	۴ انچ
گھٹنا	=	۵ انچ
پائنچہ	=	۴½ انچ
میانی کی لمبائی	=	۴½ انچ
میانی کی چوڑائی	=	۲½ انچ

کپڑے کو چوہرا کریں، اور سب سے اوپر والی تہ پر پنسل سے بالترتیب نشانات لگا لی جائیں۔

اب ان نشانات پر برابر سے کاٹ لیں۔ دو دو تہیں کر کے کاٹیں، ورنہ ٹھیک طرح نہیں کٹے گا۔

اب ڈیڑھ انچ کا پائنچہ موڑیں اور ڈیڑھ انچ میں نیفہ لگائیں۔ اس کے بعد میانی سئیں اور پھر لانگ سی لیں۔

یہ پاجامہ شیپ میں انیز ہوسٹس کے پاجامے کی طرح ہوگا۔ آپ اس کے پائنچے کے نیچے اس کے بالکل متضاد کپڑے کی ۱½ انچ چوڑی باہر کی طرف پٹی لگائیں۔ اس پاجامے پر بلاؤز ٹائپ کی قمیض بڑی دلکش لگے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شادی شلوار

شلوار دو تین طریقوں سے کاٹی جاتی ہے۔ سب سے پہلے آپ ناپ لیں۔ تین حصوں میں اس کا ڈرافٹ بنتا ہے۔

۱۔ لمبائی
۲۔ پائینچہ
۳۔ آسن

آپ نے جتنی لمبی شلوار رکھنی ہو اتنا ہی کپڑا لیں، اور دو انچ چوڑا نیفہ موڑنے کے لیے زیادہ رکھیں۔ شلوار کا تنا علیحدہ اتار لیں۔ باقی کپڑے کو دوہرا کر کے نقشہ کے مطابق کلیاں کاٹ لیں۔ اس کے بعد کلیاں اور پائینچہ جوڑ لیں۔ پھر پائینچے کے نیچے کپڑے کی پٹی اور مگرم رکھ کر پائینچے بنا لیں۔ اس کے بعد شلوار کی درمیان کی سلائی کر لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بہتر یہ ہے کہ سب سے پہلے کسی بچے کے ناپ کی تین چار شلواریں سی لیں۔ اس سے آپ کو یہ اندازہ ہو جائے گا کہ شلوار کی کٹائی کس طرح کی جاتی ہے۔ عام طور پر شلوار کا ڈرافٹ نہیں بنتا۔ کپڑا رکھ کر شلوار کاٹ لی جاتی ہے۔ شلوار کا نیفہ موڑ کر آپ اس میں الاسٹک بھی ڈال سکتی ہیں۔

آپ نے دیکھا اوپر کے خاکے میں کپڑا دوہرا کر کے آسن کا نشان لگا کر اس کے بعد کٹائی کی گئی ہے۔ دونوں طرف آپ برابر کا کپڑا ناپ کر چاک سے نشان لگائیں اور پھر احتیاط سے قینچی سے کاٹ لیں۔ اب آپ کے پاس چار کلیاں موجود ہیں، ان کو آپ شلوار کے تنے میں جوڑنے کے بعد نیفہ موڑ لیں۔

آپ نے شلوار کے پائنچے جتنے رکھنے ہوں، اسی حساب سے آپ بعد کی سلائی کر لیں۔ درمیان کی سلائی سب سے آخر میں کی جاتی ہے اور یہ طریقہ سب سے آسان ہے اور آپ بڑی آسانی سے شلوار کاٹ سکتی ہیں۔

جب آپ اس طریقے سے شلوار کاٹنا سیکھ لیں گی تو اس کے بعد دوسرے طریقے آپ کو خود آ جائیں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بیلٹ والی شلوار

بیلٹ والی شلوار بھی پہنی جاتی ہے۔
آپ شلوار کا ناپ کر اتنا رکھیں جہاں تک آپ نے بیلٹ ڈالنی ہے، اس کے بعد سی لیں۔
اوپر کی پٹی علیحدہ کاٹ لیں۔ اس میں دو انچ کپڑا زیادہ رکھیں تاکہ آپ نیفہ موڑ سکیں۔
شلوار کے تنے کے عین درمیان ایک بڑی پلیٹ لگائیں۔ پھر آسن تک پتلی پلیٹ لگاتی جائیں۔
اسی طرح دوسرے حصے پر بھی پلیٹ ڈالیں۔ یہ اگلے حصے کی پلیٹیں ہیں۔



پچھلے حصے پر آسن سے دو انچ کپڑا چھوڑ کر ایک ایک انچ کی تین پلیٹیں لگائیں۔
دوسری طرف بھی تین پلیٹیں پڑیں گی۔ پلیٹوں کا رُخ مخالف سمت کی طرف رکھیں۔
اب آپ بیلٹ کی پٹی لگا کر شلوار تیار کر لیں۔
یہ شلوار موٹی خواتین کے لیے ہے تاکہ وہ موٹی نہ لگیں۔ یہ شلوار سوسائٹی میں آج کل بڑی مقبول ہو رہی ہے۔ خاص وعام میں اس کا رواج ہو رہا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جدید فیشن ایبل ملبوسات

بلوسم فراک نمبر ا

یہ موسم بہار کا لباس ہے۔ لمبا فراک اور تنگ موری کا پاجامہ۔ خواتین میں بے حد پسندیدہ ہے۔ اس لباس کے ساتھ تنگ ٹوکی گرگابی پہنی جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میک اپ

میکس فیکٹر ہلکا میک اَپ کریں۔ یہ لباس سوسائٹی کے فیشن ایبل نسوانی طبقے میں موسم بہار کی تقریبات میں بڑا مقبول ہو رہا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس فراک میں گلے سے شانوں تک سفید پٹی ہے اور گریبان سے دامن تک ایک لمبی تکون ہے، جس میں دھاریاں ہیں اور دونوں پہلو پھولدار کپڑے کے ہیں۔

اس فراک کے نیچے بھی تنگ موری کا پاجامہ زیب دیتا ہے۔

پاؤں میں سُرخ اور نیلے رنگ کی گرگابی یا سینڈل پہنیں۔ ہیر اسٹائل اور میک اَپ بھی وہی ہے جو بموسم فراک نمبر ایک میں دیا گیا ہے۔ ہاں البتہ لپ اسٹک گہرے ارغوانی رنگ کی ہوگی۔

موسم بہار کی تقریبات کے لیے بڑا ہی دلکش لباس ہے اور کافی مقبول ہے۔

---

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بیوٹی پریڈ

دار ی دار
جیکٹ آدھی
آستینوں
والی۔ بہرتے
رنگ کی
فراک گھٹنوں
کو چھوتی
ہوئی۔ تنگ موری کا پاجامہ۔
پاؤں میں تنگ ٹوکی جوتا۔
ہیئر اسٹائل

یہ لباس ڈریس شو یا کلچرل شو میں پہن کر جائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بیوٹی پریڈ

دار ی دار
جیکٹ آدھی
آستینوں
والی۔ بہرتے
رنگ کی
فراک گھٹنوں
کو چھوتی
ہوئی۔ تنگ موری کا پاجامہ۔
پاؤں میں تنگ ٹوکی جوتی۔
ہیئر اسٹائل

یہ لباس ڈریس شو یا کلچرل شو میں پہن کر جائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

شالیمار

اپنی مخصوص تراش خراش کے اعتبار سے یہ ایک بڑا ہی دلکش [illegible] پنی دار گول گلا ہے۔ دونوں چھاتوں پر جھالر لگی ہوئی ہے۔

چھاتیوں اور کمر کے درمیان ایک مدھم سی فگر نظر آ[illegible] پر امبوس کی ہوئی ہے۔

سُرخ رنگ کا چُست موری کی شلوار ہے جس کے پائنچے پلیٹ دار ہیں۔ برسات کے بھیگے بھیگے موسم میں یہ لباس بڑا لطف دیتا ہے۔

اس لباس کے ساتھ اپنی دلکشی میں اضافہ کرنے کے لیے گلے میں سفید موتیوں کا تین لڑیوں کا ہار پہنیں اور نازک کلائیوں میں سفید موتیوں کے برسلٹس۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ڈینڈی شینڈی

بلاؤز کی طرز کی یہ قمیض اپنے اندر خاصی جاذ[illegible] ہے۔ [illegible] سمارٹ نظر آئیں گی۔ بازوؤں سے یہ لباس فراک لگتا ہے اور [illegible] بلاؤز [illegible] یہ درمیان کاٹ کی فراک ہے اور شلوار تنگ موری کی ہے، جو [illegible] شلوار کا ہے [illegible] کے بازوؤں کا ہے جس سے اس لباس کی دلکشی میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ پاؤں میں کامدار [illegible] پہنی ہے اور شانوں پر آبشار کی طرح گرتے ہوئے کھلے کھلے بال تو قیامت ڈھا رہے ہیں۔ میک اپ کیا ہوا ہے لیکن یوں معلوم ہوتا ہے جیسے نہیں کیا ہوا۔ ہلکا پھلکا میک اپ بالکل سادہ سا اور اس سادگی میں بڑی کشش و جاذبیت ہے۔

اس لباس میں یہ خاتون کوئی پہاڑی دوشیزہ معلوم ہو رہی ہے جو کسی پُرفضا وادی میں کھڑی یہ گنگنا رہی ہو۔ دیکھو میں اس دلکش وادی سے زیادہ حسین و جمیل ہوں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دلکش



نام تو دلکش ہے ہی یہ ماڈرن لباس بھی کچھ کم دلکش نہیں۔ شلوار اور کرتا دونوں ہم رنگ ہیں۔ دھاری دار گلابی اور سفید، آستین آدھی، شلوار کھلے پائنچوں کی۔ کمر پر بوشنیپ کی بیلٹ ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دھوپ چھاؤں

کھلی آستینوں کا یہ لباس ڈھیلا ڈھالا ہونے کے باوجود بھی جسم پر فٹ لگتا ہے۔ دورانِ حمل خواتین اُسے پہن کر تقریبات میں شرکت کر سکتی ہیں۔

شلوار کھلے پائنچوں کی ہے۔ اس میں زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں کہ بالکل سیدھا سادھا لباس ہے اور اسے ایک اناڑی خاتون بھی اپنے لیے سی سکتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیلن کٹ

اگر شلوار نہ پہنی ہوئی ہو تو اس لباس میں یہ خاتون ہیلن آف ٹرائے لگے۔ یونانی دیو لا کی مخلوق۔ یہ قمیص چونکہ بالکل سیدھی سادی سلی ہوئی ہے۔ لہٰذا اس کی کٹائی سلائی کچھ زیادہ مشکل نہیں۔

ہیئر اسٹائل

میڈورا ہیئر اسٹائل (جیسا کہ تصویر سے ظاہر ہے۔

میک اَپ

اس لباس میں میک اپ پر خاصا زور دیا گیا ہے۔ خاص کر آنکھوں کی دلکشی بڑھانے کے لیے آنکھیں خوب سنواری گئی ہیں۔

یہ میک اَپ تین حصّوں پر مشتمل ہے۔

(۱) بلاک

(۲) آئی لائنر

(۳) مزید رنگ

تصویر کو بغور دیکھیں۔ پپوٹے کے بیرونی نصف اور اندرونی نصف میں مختلف رنگ لگے ہیں۔ ابرو کی ہڈی زرد، پپوٹے اندرونی نصف پر ہلکا نیلا اور بیرونی حصّے پر ارغوانی (لیونڈر) لگا ہے۔ تینوں رنگ لگانے کے بعد انہیں بُرش سے صاف کریں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تاکہ سب رنگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جائیں۔

آئی لائینز

آنکھوں کو مزید نمایاں کرنے کے لیے آئی لائنز استعمال کریں۔
آئی لائنز کا سرمئی، سبز، نیلا رنگوں میں سے کوئی شیڈ منتخب کریں۔

مزید رنگ

تتلی پلکوں کے ساتھ تیز اور شوخ رنگ کا خط بنانے سے آنکھوں میں شوخی آجاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پہ ارغوانی یا جامنی رنگ کی پنسل سے یہ خط بنائیں۔ اس کے بعد پلکوں پر مسکارا لگائیں۔ شوخ آنکھ کے لیے ارغوانی پنسل استعمال کریں۔ آنکھوں کا میک اپ چہرے کی رعنائیت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بشرطیکہ اسے نفاست سے لگایا گیا ہو۔ رنگ ہلکے اور ہلکے ہوں۔ اس کے برعکس تیز رنگوں میں بھونڈے طریقے پر کیا ہوا آئی میک اپ بھدا معلوم ہوتا ہے۔

اب تک آئی شیڈو کریم یا پاؤڈر کی صورت میں آتے رہے ہیں۔ اب واٹر کلر (آبی رنگوں) شیڈوں میں دستیاب ہیں۔ آبی شیڈز بڑے مقبول ہو رہے ہیں۔ ان رنگوں میں خوبصورت ترین شیڈ سبز، ارغوانی اور نیلا ہے۔ ان رنگوں کی لکڑیاں یا بلاک بنا کر چہرے پر دلکش تاثر پیدا کیا جا سکتا ہے۔

اس لباس پر پاؤں میں کامدار جوتیاں پہنی جاتی ہیں۔ ان پر رنگ دار دھاگوں سے بڑے پیارے پیارے پھول بوٹے بنے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ یہ جوتے مارکیٹ میں لیڈی شوز کی دکانوں پر دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ اس لباس پر لفٹی بھی خوب پھبے گی، آپ کے حسن کو دوبالا کرے گی۔ فیشن پریڈ میں شرکت کرنے کے لیے بھی یہ لباس اپنی تراش خراش اور اسٹائل کی وجہ سے منفرد ہے اور فیشن ایبل خواتین کے حلقوں میں بڑا پسند کیا جا رہا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عید کے تہوار کے دو لباس

دنیا کے ہر ملک اور ہر مذہب کے ماننے والوں میں کچھ تہوار ایسے ہیں ہیں جنہ اس ملک و قوم کے تمام افراد مل کر کامل جوش و خروش کے ساتھ شان شایان طریے سے مناتے ہیں۔ مسلمان سال میں دو تہوار عید الفطر اور عید الاضحیٰ مناتے ہیں۔

عید الفطر مسرت و شادمانی کا دن ہے جس کا سب ہی کو خاص طور پہ بچوں اور خوا کو بے تابی سے انتظار رہتا ہے۔ خواتین رنگ برنگے ملبوسات، زیورات، چوڑیوں او میک اپ کے ساتھ پہنتی ہیں۔ انہی دو تہواروں کے لیے دو بہترین ڈیزائن دیئے گئے۔ عید کے تہوار پہ یہ ڈیزائن پہنیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سلائی کٹائی کے لیے ہدایات

ملبوسات سینے کاٹنے کے لیے مندرجہ ذیل چیزوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔

۱۔ سلائی کی مشین۔ بجلی سے چلنے والی یا ہاتھ سے چلنے والی۔
۲۔ ایک چھوٹی قینچی
۳۔ ایک بڑی قینچی تیز دھار والی
۴۔ انچ ٹیپ
۵۔ خاکی کاغذ
۶۔ کھریا مٹی کی ٹکیہ نشان لگانے کے لیے
۷۔ ایک عدد پنسل
۸۔ سوئی دھاگا
۹۔ پرانے اخبار۔ شروع شروع میں اخبار ہی کاٹ کر اپنی کٹائی کی مشق کی جاتی ہے۔ ہر نمونے کو چار یا پانچ مرتبہ پہلے اخبار پر کاٹنے کی مشق کرنے کے بعد کپڑا کاٹا جاتا ہے۔
۱۰۔ مختلف سائز کی سوئیاں
۱۱۔ انگشتانہ
۱۲۔ مختلف قسم کی لیسیں، فرل، ربن جالی کے بنے ہوئے مختلف رنگوں کے پھول۔
۱۳۔ ریشمی دھاگے
۱۴۔ ریشمی کپڑوں کے لیے پختہ دھاگا استعمال کریں۔
۱۵۔ سلائی کٹائی کی مختلف چیزیں رکھنے کے لیے ایک ڈبہ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۱۶۔ خاکی کاغذ پر کٹائی کا ہر نمونہ محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ یہ پھر بھی کام آتا ہے۔

۱۷۔ سوتی کپڑے کو کٹائی سلائی سے پہلے پانی میں بھگو دیں۔ تاکہ جتنا کپڑا سکڑنا ہو وہ ہی سکڑ جائے۔ اس کے بعد کپڑے کو اچھی طرح سکھا لینا چاہیئے۔ پھر اس پر استری کر لینی چاہیئے۔ کپڑے میں ذرا سی شکن باقی نہ رہے۔

۱۸۔ کپڑے کے چاروں کونے پکڑ کر دیکھیں کہ برابر ہیں یا نہیں۔ پھر ان کو کھینچ تان کر کپڑا برابر ہو جائے اور کاٹنے میں مصیبت نہ ہو۔

۱۹۔ کپڑا اگر آڑا ہو تو دھاگا کھینچ کر دیکھئے اور پھر اس دھاگے کی سیدھ میں قینچی سے کپڑا کاٹ لیجئے۔ اس طرح کپڑا برابر ہو جائے گا اور اس کا آڑا پن ختم ہو جائے گا۔

۲۰۔ کاغذ کا ڈرافٹ کپڑے پر اس طرح رکھیں کہ کم سے کم کپڑا استعمال ہو۔ فالتو کپڑا ضائع نہ ہو۔

۲۱۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ قمیص اور شلوار کی لمبائی کپڑے کی لمبائی کے متوازی ہو۔ کپڑا سیدھا رہے۔ چوڑائی کی طرف کٹنگ نہ کریں۔

۲۲۔ سلائی کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ بخیہ باہر کو نہ رہے۔

۲۳۔ بچوں کی نیکر پر جو جیب آپ لگائیں، اس پر ویلٹ سلائی بھی ضرور کریں۔ اس سے نیکر بڑی خوشنما لگتی ہے۔

ویلٹ سلائی کرنے سے بچوں کے ملبوسات خاص طور پر بچیوں کے سکرٹ پر اس سلائی سے ان کی دلکشی اور خوبصورتی بڑھ جاتی ہے۔

۲۴۔ سادی فراک میں صرف چنٹ ڈال کر ڈیزائن بنایا جائے تو اچھا لگتا ہے۔

فراک کے گھیرے پر چنٹ ڈالنے کے لیے سب سے پہلے ایک لمبی سوئی سے چھوٹے چھوٹے کچے ٹانکے لگائیں، اور جب کپڑا ختم ہو جائے تو آہستہ سے دھاگا کھینچ لیں۔

گھیرے کی چوڑائی اچھی کی چوڑائی کے ناپ کی رکھیں اور سوئی سے دو تین ٹانکے لگا کر سلائی ختم کر دیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com